حضرت علی علیہ السلام کے خطبۂ بے الف کا بغیر الف نثری منظوم ترجمہ
تحقیق، تدوین، تنقید و تشریح
ڈاکٹر سیّد تقی عابدی

حضرت علی علیہ السلام کے خطبۂ بے الف کا بغیر الف نثری منظوم ترجمہ

ادبی معجزہ

(حضرت علیؑ کے خطبۂ بے الف کا بغیر الف نثری اور منظوم ترجمہ)

تحقیق، تدوین، تنقید و تشریح
ڈاکٹر سید تقی عابدی

کتاب نگر حسن آرکیڈ ملتان کینٹ

انتساب

ناظم الہند کی معنوی اولاد ساداتِ بارہہ
کے ممتاز مرثیہ گو شعرا
مرحوم ڈاکٹر سید صفدر حسین
مرحوم قیصر بارہوی
مرحوم سید آقا حسین شائق زیدی
کے نام
جنھوں نے لاہور کی مجالسِ عزا میں مرثیہ خوانی کر کے
ناظم کی یاد زندہ رکھی۔

دبتے نہیں وہ بعد فنا بھی زمین سے
جو خاک میں ملائے ہوئے آسماں کے ہیں
(بزم آفندی)

فہرست

رَو میں ہے رخشِ عمر

نام : سید تقی حسن عابدی
ادبی نام : تقی عابدی
تخلص : تقی
والد کا نام : سید سبط نبی عابدی منصف (مرحوم)
والدہ کا نام : سنجیدہ بیگم (مرحومہ)
تاریخ پیدائش : یکم مارچ 1952ء
مقام پیدائش : دہلی (انڈیا)
تعلیم : ایم بی بی ایس (حیدرآباد، انڈیا)
ایم ایس (برطانیہ)
ایف سی اے پی (یونائیٹڈ اسٹیٹ آف امریکہ)
ایف آر سی پی (کینیڈا)
پیشہ : طبابت
ذوق : شاعری اور ادبی تحقیق و تنقید
شوق : مطالعہ اور تصنیف

قیام : ہندوستان، ایران، برطانیہ، نیویارک، کینیڈا
شریکِ حیات : گیتی
اولاد : دو بیٹیاں (معصوما اور رویا) دو بیٹے (رضا اور مرتضیٰ)
تصانیف : شہید (1982ء) جوشِ مودّت، گلشنِ رویا، اقبالؔ کے عرفانی زاویے، انشاء اللہ خاں انشاؔء، رموز شاعری، اظہارِ حق، مجتہد نظم مرزا دبیرؔ، طالع مہر، سلکِ سلام دبیرؔ، تجزیہ یادگار انیسؔ، ابواب المصائب، ذکر دُرباران، عروسِ سخن، مصحفِ فارسی دبیرؔ، مثنویاتِ دبیرؔ، کائناتِ نجمؔ، روپ کنوار کماری، دُربارِ رسالتؐ، فکر مطمئنہ، خوشۂ انجم، دُر دریائے نجف، تاثیر ماتم، تجلّی مایا، روشِ انقلاب، مصحفِ تغزل، ھوالنجم
زیرِ تالیف : تجزیہ شکوہ جوابِ شکوہ، رباعیات دبیرؔ، فانیؔ لافانی، تعشق لکھنوی، غالبؔ عاشقِ محمدؐ و آلِ محمدؐ

حرفے چند

مظہر العجایب حضرت امام علیؑ کی معجز بیانی کی دستاویز ''نہج البلاغہ'' قرآن کریم کے بعد دوسری شاہکار اسلامی کتاب شمار کی جاتی ہے جس کے متعلق اقتباسات اس کتاب میں موجود ہیں۔ اگرچہ عربی ادبیات میں نہج البلاغہ جو حضرت علیؑ کے فی البدیہہ خطبات کا مجموعہ ہے ادبی معجزہ مانا جاتا ہے۔ لیکن عربی ادب کے دامن میں حضرت علیؑ کا ایک ایسا بھی خطبہ محفوظ ہے جس میں حرف ''الف'' کو استعمال نہیں کیا گیا اور اس خطبہ میں دنیاوی حقیقت اور عبرت آموز حقائق کو ظاہر کیا گیا ہے۔ چنانچہ علمائے ادب نے اس خطبہ کو خطبۂ معجزہ، خطبۂ عبرت اور خطبہ بغیر الف کے نام سے موسوم کیا ہے۔ لسان الغیب، لسان اللہ، مولا علیؑ کے لئے فی البدیہہ ایسا خطبہ ارشاد کرنا دشوار امر نہ تھا۔ اگرچہ ادبیات عربی میں اس کی مثال نہیں لیکن عاشقانِ اور غلامانِ علیؑ کے لئے بغیر الف کی صنعت میں اس کا نثری اور منظوم ترجمہ مہارت اور تائید الٰہی کی ضمانت ثابت ہوا۔ میرے محدود مطالعہ میں عربی اور فارسی زبان میں کسی نے بغیر الف صنعت میں اس کا ترجمہ نثری یا منظوم نہیں کیا لیکن یہ اُردو زبان کی خوش قسمتی ہے کہ اس میں کم از کم تین ایسے صاحبِ علم و فن پیدا ہوئے جنہوں نے ترجمہ کی تنگنائی اور محدودیت کو برداشت کرتے ہوئے بھی صنعتِ بغیر الف میں

سلاست اور روانی سے اشہبِ قلم کو ایسا دوڑایا جس کی رفتار سے اذہانِ علم و فن دنگ ہیں۔ مجھے اپنی لائبریری کے مخطوطات اور نوادرات میں 1310 ہجری کا مسدس مظہر العجائب دستیاب ہوا جس میں ناظر حسین ناظمؔ نے اس شاہکار خطبہ کا شاہکار ترجمہ مسدّس کی شکل کیا تھا جس سے عوام ہی نہیں بلکہ خواص بھی نا آشنا تھے۔ چنانچہ مَیں نے اسے اُردو ادب کی معجز بیانی کی سند جان کر حضرت ظفر الملت کے نثری ترجمے کے ساتھ جو بغیر الف صنعت میں سلیس اور شگفتہ تحریر ہوا ہے اس کتاب میں شامل کیا ہے۔ یہی نہیں بلکہ پندرہ سال قبل جناب جرار رضوی صاحب نے اس خطبہ کا مثنوی کی شکل میں جو خوبصورت ترجمہ کیا تھا اُس کو بھی اس ادبی معجزہ کا حصہ بنا کر اُردو پرستاروں کو بطور تحفہ پیش کرنے کی سعادت حاصل کی ہے۔

بقول غالب:

ع..... سیکھے ہیں مہ رخوں کے لئے ہم مصوری

احسان فراموشی ہوگی اگر محترم عظیم امروہوی صاحب اور صاحب تصنیف خطبۂ عبرت جناب جرّار رضوی صاحب کا شکریہ ادا نہ کروں جن کی عنایات سے گلہائے رنگین گلدستہ میں شامل ہو سکے۔

بندۂ شاہِ نجف

سیّد تقی عابدی

اگست 2006ء

حـمـدت من عظمت منته، و سبغت نعمته و سبقت رحمته غضبه و نـفـذت مشيـئتـه و بـلـغت حجته، و عدلت قضيته حمدت حمد مقر بر بـوبيتـه متـخضع لعبوديته متنصل من خطيته متفر دبتو حيده مستعيذ من و عيده مومل منه مغفرة تنجيه يوم يشغل عن فصيلته و بنيه و نستعينه و نستر شـده و نستهـديه و نومن به و نتوكل عليه و شهدت له شهود عبد مخلص مـوقـن و فتـدتـه تـفـريـد مومن متيقن و وحدته توحيد عبد مذ عن ليس له شيـرف فـي مـلـكـه ولم يكن له ولي في صنعه جل عن مشير و وزير و عن عـون و مـعيـن و نـصيـر و نـظيـر، علم وستر و بطن فخبر و ملك فقهر و عـدى فـغـفـر، وعبد فشكر، و حكم فعدل لن يزول ولم يزل، ليس كمثله شـيئ و هـو قبـل كـل شـيئ (بـعـد كـل شيئ) رب متعزز بعزته متمكن بقوته متقدس بعلوه متكبر بسموه ليس يدر كه بصر و لم يحط به نظر توى مينع بصير سميع رؤف رحيم عجز عن و سفه من يصفه وضل عن نعته من يعرفه قريب في بعده و بعيد في قربه يجيب دعوة من يدعوه و يرزقه و يحبوه ذو لـطف خـفـي و بـطـش قـوى و رحـمة موسعة و عقوبة موجعة رحمته جنة

عـريـضة مـونـقة و عـقـوبة جـحيم ممدودة موبقة و شهدت ببعث محمد رسـولـه و عبده و صفيه و نبيه و نجيه و حبيبه و خليله بعثه في خير عصر و حيـن فتـرـة و كفر رحمة لعبيده و منة لمزيده ختم به نبوته و شيدبه حجته فـو عظ و نصح و بلغ و كدح رؤف بكل مومن رحيم سخي رئي ولي زكي عـليـه رحـمة و تسليم و بركة وتعظيم و تكريم من رب غفور رحيم قريب مـجيب حكيم و وصيتكم و نفسي معشر من حضرني بوصية ربكم و ذكر تـكـم سـنة نبيكم فعليكم برهبة تسكن قلوبكم و خشية تذرى دموعكم و تقية تنجيكم قبل يوم يبليكم و يذهلكم يوم يفوز فيه من ثقل وزن حسنته و خفّ وزن سيـئتـه ولتكن مسئلتكم وتملتكم و تملّقكم مسئلة ذلّ خضوع و شـكـر و خشـوع بتـوبة و نزوع و ندم و رجوع وليغتنم كل مغتنم منكم صـحته قبل سقمه و شيتبه قبل هر مه و سعته قبل فقره و فرغته قبل شغله و حـضره قبل سفره و حيوته قبل موته (فكم ممّن) يهن و يهرم و يمرض قبل تـكبّر و تهرم و تسقم يمله طبيبه و يعرض عنه عبيبه و ينقطع عمره و يتغيّر عـقـلـه ثـم قيـل هـو مـوعـوک و جسمه منهوک ثم جد في نزع شديد و حـضـره كـل قـريـب و بـعيد فشخص بصره و طمح نظره و رشح جبينه و عـطف عـرنيـنـه و سكن حنينه جِنته نفسه و بكته عرسه و حفر رمسه و يتم مـنـه ولده و تفرق عنه عدده و قسم جمعه و ذهب بصره و سمعه و مدّد و جـرّد و عرّى و غسل و نشف و سبحى و سبط و هيئى و نشر عليه كفنه و شـدمنه ذقنه و قمص و عمم و ودع وسلم و حمل فوق سرير و صلى عليه بتكبير بغير سجود و تعفير و نقل من دور مزخرفة و قصور مشيدة و حجر

منجدة و جعل في ضريح ملحود وضيع موصود بملبن منضود مسقف بجلمود وهيل عليه حفرة و حشي عليه قدره و تحقق حضره و نسي خيره و رجع عنه وليه و صفيه و نديمه و نسيبه و حميمه و تبدل به قرينه و حبيبه فهو حشو قبر و رهين قعر يشعي بجسمه دود قبره و يسيل سيديده من منخره يسحق برمة طمه و ينشف دمه و ريم عظمه حتي يوم حشره فينشر من قبره حين ينفخ في صور و يدعى بحشر و نشور فثم بعثرت قبور و حصلت سريرة صدور وجي بكل نبي و صديق و شهيد يوخذ للفصل قدير بعبده خبير بصير فكم من زفرة تعنيه و حسرة تضنيه موقف مهيل و مشهد جليل بين يدى ملك عظيم و بكل صغير و كبير عليم و حنيئذ يلجمه عرقه و يحضره قلقه عبرته غير مرحومة و صرخته غير مسموعة و حجته غير مقبولة و تبلغت جريدته و نشرت صحيفته فنظر في سوء عمله و شهدت عليه عينه بنظره و يده ببطشه و رجله بخطوه و فرجه بلمسه و جلده بمسه فسلسل جيده و غلت يده.

وسيق يسحب (فسحب) وحده فورد جهنم بكرب و شدة فظل يعذب في جحيم تشوى و جهه وتسلخ جلده و تضربه زبانية بمقمع من حديد و يعود جلده بعد نضجه كجلد جديد يستغيث فتعرض عنه خزنة جهنم و يستصرح فيلبث حقبة يندم نعوذ برب قدير من شر كل مصير و نساله عفو من رضي عنه و مغفرة من قبله.

فهو ولي مسئلتي و منجح طلبتي فمن زحزح عن تعذيب رجه جعل في جنبته بعزته و خلد في قصوف مشيدة و ملك بحور عين حفدة

وطيف عليه بكؤوس و سكن حظيرة قدس و تقلب في نعيم و سقي من تسنيم و شرب من عين سلسبيل و مزج له بزنجيل مختم بمسك و عبير مستديم للملک مستشعر للسر و ريشرب من خمور في روض معلق ليس يصدغ من شربه وليس ينزف لبه هذه منزلة من خشي ربه و حذر نفسه معصيته و تلک عقوبه من جحد مشيته و سولت له نفسه معصيته نهو قول فصل وحكم عدل و خير قصص قصّ و وعظ به نصّ تنزيل من حكيم حميد نزل به روح دقس مبين علي قلب نبي مهتد رشيد صلت عليه رسل سفرة مكرمون بررة عذت برب عليم رحيم كريم من شر كل عدو لعين رجيم.

فليتضرع متضرعكم و ليبتهل مبتهلكم و ليستغفر كل مربوب منكم لي ولكم و حسبي ربي وحده.

ترجمہ خطبہ بغیر الف

جناب سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی

حمد کرتا ہوں میں اس کی جس کا احسان عظیم ہے۔ اس کی نعمت وسیع اور کامل ہے۔ اور اس کی رحمت اس کے غضب پر سبقت رکھتی ہے۔ اور اس کا حکم نافذ ہے۔ اور اس کا فیصلہ مبنی بر عدل وانصاف ہے۔

خدا کی حمد اس طرح کرتا ہوں۔ جس طرح اس کی ربوبیّت کا اقرار کرنے والا، اس کی عبودیت میں فروتنی کرنے والا، اس کی نافرمانی سے پرہیز کرنے والا، اس کی توحید کا اعتراف کرنے والا، حمد کرتا ہے اور اس کے قہر وغضب سے پناہ مانگنے والا حمد کرتا ہے۔

اسی طرح سے میں خدا کی حمد کرتا ہوں۔ جس طرح ایک امید وارِ مغفرت و نجات قیامت کے دن کرے گا۔ جس روز ہر شخص اپنے عزیزوں اور قرابتداروں اور اپنی اولاد سے بے پروا اور اپنی ہی حالت میں مبتلا ہوگا۔ ہم اس سے مدد اور ہدایت چاہتے ہیں اس پر ایمان لائے ہیں۔ اور اس کی ذات پر بھروسہ کرتے ہیں میں گواہی دیتا ہوں مثل اس بندۂ خاص کے جو اس کے وجود کا یقین رکھتا ہے۔ اور

مثل اس مومن کے جو خدا کو واحد اور یگانہ ہونے کا، اور اس کی وحدانیت کا یقین رکھتا ہو۔ جس طرح سے ایک مومن رکھتا ہے۔

اس خدا کی سلطنت اور خالقیت میں نہ کوئی شریک اور سہیم ہے۔ اور نہ اس کا کوئی مشیر و وزیر ہے۔ اس کی شان اس سے ارفع واعلیٰ ہے۔ کہ اس کا کوئی مددگار معین و ناصر و نظیر ہو۔ وہ سب کا حال جانتا ہے اور عیب پوشی کرتا ہے۔ باطن کی حالت سے واقف ہے۔ اور اس سے آگاہ ہے۔ اس کی بادشاہت سب پر غالب ہے۔ گناہ اور نافرمانی اس کی کی جاتی ہے تو معاف کر دیتا ہے۔ اس کا حکم عدالت کے ساتھ ہوتا ہے وہ کریم ہے تفضّل وکرم کرتا ہے۔ ہمیشہ سے ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ (بے زوال ہے) اور کوئی اس کا مثل نہیں ہے۔

اور وہ ہر چیز سے پہلے ہے پروردگار ہے اپنی ہی عزت وبزرگی سے غالب ہے۔ اپنی ہی قدرت سے ہر شے پر قادر ہے۔ بسبب اپنی عظمت اور بڑائی کے وہ پاک ومقدس ہے۔ اور بسبب اپنی رفعت وشان کے وہ ہر شے سے ارفع ہے نہ آنکھ اس کو دیکھ سکتی ہے، نہ عقل اس کو سمجھ سکتی ہے وہ قوی ہے برتر ہے ہر چیز کو دیکھتا ہے۔ اور ہر بات کو سنتا ہے، وہ مہربان اور رحیم ہے۔

جس شخص نے اس کی حمد وثنا کی وہ عاجز ہوگیا (نہ کرسکا) اور جس نے اس کو پہچانا اس کی تعریف سے دور، اور متغیر ہوگیا۔ باوجود نزدیک ہونے کے وہ دُور ہے۔ اور دور ہونے پر نزدیک ہے۔ (یعنی باعتبار رحمت وتدبیر وہ قریب ہے اور اس لحاظ سے دور ہے کہ ہم حواسِ ظاہری سے اس کو محسوس نہیں کرسکتے جو کوئی اس سے دعا کرتا ہے وہ قبول فرماتا ہے۔ روزی دیتا ہے اور بخشش کرتا ہے وہ صاحب لطفِ خفی ہے۔ عنایت اس کی بہت بڑی ہے گرفت اس کی قوی ہے۔ رحمت اس کی وسیع

ہے عذاب اس کا دردناک ہے۔ اس کی رحمت جنت ہے۔ ایسی جنت جو نہایت وسیع ولطف انگیز ہے۔ اس کا عذاب دوزخ ہے۔ جو مہلک اور پھیلا ہوا ہے۔

اور اس امر کی گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد مصطفیٰؐ اس کے رسولؐ، بندہ، صفی، نبی، محبوب، دوست اور برگزیدہ ہیں۔ اور ایسے زمانے اور ایسے وقت میں معبوث بر سالت کیا کہ جب زمانہ نبی سے خالی اور کفر کا دور دورہ تھا۔ اور ان کو اس لیے مبعوث کیا کہ اپنے بندوں پر رحمت اور احسان کرے۔ مزید برآں اپنی نبوت کو، ان پر ختم اور اپنی محبت کو مظبوط کر دیا۔

پس اس پیغمبر (محمدؐ) نے وعظ و پند فرمایا خدا کا حکم بندوں کو پہنچایا اور ہر طرح سے اس کا پیغام پہنچانے میں کوشش کی وہ ہر مومن پر مہربان تھے۔ رحم کرتے تھے۔ سخی تھے، پسندیدہ تھے اولی بتصرف تھے، پاکیزہ تھے۔ اور نیز خدا کی طرف سے ان پر رحمت سلام عظمت برکت اور اکرام ہو اس خدا کی طرف سے جو بخشنے والا قریب اور دعا قبول کرنے والا ہے۔

اے حاضرینِ مجلس! میں تم کو تمہارے پروردگار کا حکم سناتا ہوں۔ اور نصیحت کرتا ہوں اور تم کو تمہارے پیغمبرؐ کا طرزِ عمل یاد دلاتا ہوں۔ تم پر لازم ہے، کہ خدا سے ڈرو تا کہ تمہارا دل مطمئن رہے اور خدا کا ایسا خوف کرو۔ کہ تمہاری آنکھوں سے آنسو جاری ہو جائیں اور ایسی پرہیزگاری کرو جو تم کو نجات دلوائے قبل اس کے، کہ آزمائش کا دن آئے اور تم غافل ہو جاؤ۔ (یعنی تم کو سوا اپنے کسی کا خیال نہ رہے اور اپنے اپنے عالم میں گرفتار ہو۔ اس روز وہی شخص رستگار ہوگا۔ جس کے ثواب کا پلہ بھاری اور گناہوں کا پلہ ہلکا ہوگا۔ تم کو چاہیے کہ جب خدا سے دعا کرو تو بہت عاجزی، گڑگڑا کر توبہ اور خوشامد و ذلت کے ساتھ کرو اور دل سے گناہوں کا خیال

دور کر کے ندامت کے ساتھ خدا کی طرف رجوع کرو تم کو چاہیے کہ بیماری سے قبل صحت کو، بڑھاپے سے پہلے جوانی کو، فقر سے پہلے فراغ البالی کو سفر سے پیشتر حضر (وطن) کو اور کاموں میں مشغول ہونے سے پہلے فراغت کو غنیمت جانو ایسا نہ ہو کہ پیری آ جائے، اور تم سب کی نظروں میں ذلیل و خوار ہو جاؤ یا مرض آ دبائے اور حکیم وطبیب اس کو تعب و رنج میں ڈالے۔ اور دوست و احباب روگردانی کریں۔ عمر منقطع ہو جائے۔ اور عقل میں فتور آ جائے۔

پھر یہ کہا جانے لگے کہ بخار کی شدت سے حالت خراب ہوگئی ہے۔ جسم لاغر ہو جاتا ہے۔ جانکنی کی سختی ہوتی ہے اور قریب وبعید کا ہر شخص اس کے پاس آ جاتا ہے۔ اس کی آنکھیں کھلی کی کھلی رہ جاتی ہیں۔ پتلیاں پھر جاتی ہیں۔ پیشانی پر (موت کا) پسینہ آتا ہے۔ ناک کا بانسہ ٹیڑھا ہو جاتا ہے۔ آواز بند ہو جاتی ہے۔ روح قبض ہو جاتی ہے اس کی زوجہ پیٹنے لگتی ہے۔ اس کے بچے یتیم ہو جاتے ہیں۔

اس کے عد دیعنی ساتھی متفرق ہو جاتے ہیں۔ اعضاء شکستہ ہو جاتے ہیں۔ بینائی اور سماعت جاتی رہتی ہے پھر اس کو سیدھا کر کے لٹا دیتے ہیں۔ لباس اتار لیا جاتا ہے۔ غسل دیا جاتا ہے۔ ایک کپڑے سے جسم پونچھا جاتا ہے اور خشک کر کے اس پر ایک چادر ڈال دی جاتی ہے۔ اور ایک بچھا دی جاتی ہے۔ اور کفن لایا جاتا ہے۔ اس کی ٹھڈی باندھی جاتی ہے۔ قمیص پہنایا جاتا ہے۔ عمامہ باندھا جاتا ہے اور رخصت کر دیا جاتا ہے۔ اور جنازہ اٹھانے والوں کے سپرد کر دیا جاتا ہے۔ پھر اس کا جنازہ اٹھایا جاتا ہے۔ بغیر سجود اور تعفیر کے یعنی پیشانی خاک پر نہیں رکھی جاتی ہے اور آراستہ وطلا کار اور مضبوط محکم محلوں اور نفیس فرش وفروش والے کمروں سے لا کر، اس کو لحد تنگ میں ڈال دیتے ہیں۔ قبر تہ بہ تہ اینٹوں سے چن کر اوپر پتھر رکھ کے پاٹ

دی جاتی ہے۔ اورقبر پر مٹی ڈال دی جاتی ہے۔ اور ڈھیلوں سے پُر کر دی جاتی ہے۔ اس پر دمیت پر خوف چھا جاتا ہے۔ اس کی خبر معلوم نہیں ہوتی ہے۔عزیز و دوست (سب) اس کو چھوڑ کر پلٹ جاتے ہیں۔ اس کے دوست واحباب سب بدل جاتے ہیں۔ وہ (مردہ) قبر میں پڑا ہوتا ہے اور مٹی ہونے لگتا ہے۔اس کے بدن پر کیڑے دوڑتے پھرتے ہیں۔ اس کی ناک سے پیپ بہتی ہے۔ اس کا گوشت خاک ہوجاتا ہے۔اس کا خون دونوں پہلوؤں میں خشک ہوجاتا ہے۔ اس کی ہڈیاں بوسیدہ ہوکر مٹی ہوجاتی ہیں۔ اورروز قیامت تک اسی طرح رہتا ہے۔تا اینکہ خدا اُسے اس کو زندہ کرے۔ اورقبر سے اٹھالے۔

جب صور پھونکا جائے گا۔تو وہ قبر سے اٹھے گا۔ اورموقف حشر ونشر میں بلایا جائے گا۔ اوراس وقت اہل قبور زندہ ہوں گے۔ اورقبر سے نکالے جائیں گے۔ اور ان کے دلوں کے بھید ظاہر کئے جائیں گے۔ اور ہر ایک پیغمبر اور صدیق اور شہید حاضر کیا جائے گا۔ اور فیصلہ کے لیے خداوند قدیر جو اپنے بندوں کے حالات سے واقف وآگاہ ہے جدا جدا کھڑا کرے گا۔

پھر بہت سی (وحشت ناک) صدائیں اس کو پریشانی میں ڈال دیں گی۔ اورمقام خوف وحسرت سے وہ لاغر ہوجائے گا اور اس بادشاہ جلیل کے سامنے جو ہر چھوٹے بڑے گناہ کو جانتا ہے، ڈرتا ہوا حاضر ہوگا۔ اس وقت گناہوں کی شرم سے اس قدر پسینہ بہے گا کہ منہ تک آجائے گا۔ اوراس کو نہایت بے چینی ہوگی۔ وہ بہت کچھ روئے پیٹے گا فریاد کرے گا۔مگر کچھ شنوائی نہ ہوگی۔ نہ کوئی عذر قبول ہوگا۔ اور اب سب اس کی خطائیں اور گناہ ظاہر کر دیئے جائیں گے۔اس کا نامہ اعمال پیش کیا جائے گا۔ وہ اپنے اعمال بد کو دیکھے گا۔ آنکھ اس کی بدنظری کی، ہاتھ (زیجھ) مارنے

کی، پاؤں (بُرے کام کے واسطے) چلنے کی اور شرمگاہ زنا کاری اور جلد مس کرنے کی گواہی دیں گے۔ پھر اس کی گردن میں زنجیر ڈال دی جائے گی اور مشکیں باندھ دی جائیں گی۔

پھر کھینچ کر جہنم میں ڈال دیا جائے گا اور روتا پیٹتا داخل جہنم ہوگا۔ اور وہاں، اس پر بہت سخت عذاب کیا جائے گا۔ جہنم کا کھولتا ہوا پانی اس کو پینے کو دیا جائے گا۔ جس سے اس کا منہ جھلس جائے گا۔ کھال اڑ جائے گی۔ فرشتے گرز آہنی اس کو ماریں گے۔ اورکھال اڑ جانے کے بعد نئی کھال پیدا ہوگی۔

وہ شخص (بہت کچھ) دادفریاد کرے گا۔ مگرفرشتے نگہبان جہنم کے، اس کی طرف سے منہ پھیر لیں گے۔ (ایک نہ سنیں گے) اسی طرح ایک مدت دراز تک وہ عذاب میں مبتلا اورنادم، توبہ تلا کرتا رہے گا۔ میں پروردگار قدیر سے پناہ مانگتا ہوں کہ وہ مجھ کو ہر مضر شے سے محفوظ رکھے اور اس سے میں ایسی معافی کا خواستگار ہوں جیسے اس نے کسی شخص کو اس سے خوشنود ہوکر عطا کی ہو۔ اور ایسی مغفرت چاہتا ہوں جو اس نے قبول توبہ سے عطا کی ہو۔

پس وہی (خدا) میری خواہشیں پوری کرنے والا ہے۔ اورمیرے مطلب کو برلانے والا ہے۔ جو شخص مستحق عذاب نہیں ہے۔ وہ بہشت کے مضبوط محلوں میں عزت کے ساتھ ہمیشہ کے لیے رہے گا۔ حورعین اور خادم (غلمان) اس کی ملک ہوں گے۔ جام ہائے کوثر کا دور چلے گا۔ حظیرہ قدس میں مقیم ہوگا۔ نعمت ہائے بہشت میں متصرف اور پھرتا رہے گا۔ نہر تسلیم کا پانی پیے گا۔ اور چشمہ سلسبیل سے جس میں زنجبیل ملی ہوئی، اور مشک وعنبر کی مہر لگی ہوئی ہے۔ سیراب ہوگا وہاں کا دوامی مالک ہوگا۔ معطّر اور خوشگوار شراب پیے گا۔ جس سے نہ دردسر (خمار) ہوگا۔ نہ بیہوشی اور

نہ حواس میں فتور ہوگا۔ یہ منزلت اور مرتبہ اس شخص کا ہے جو خدا سے ڈرتا ہے۔ اور گنا ہوں سے بچتا ہے۔ اور عذاب اس شخص کے لیے جو اپنے خالق کی نافرمانی کرتا ہے اور خواہشاتِ نفسانی سے معصیت کا مرتکب ہوتا ہے اور یہی عادلانہ فیصلہ ہے۔ اور بہترین قصہ اور نصیحت ہے۔ جس کی صراحت خداوند حکیم وحمید نے اس کتاب میں فرمائی ہے۔ جو روح القدس ہدایت یافت راست باز پیغمبرؐ کے قلب میں نازل کیا۔ میں پروردگار علیم و رحیم و کریم سے پناہ مانگتا ہوں۔ کہ وہ مجھ کو ہر دشمن لعین و رجیم کے شر سے بچائے۔ پس اس کی بارگاہ میں عاجزی کرنے والوں کو چاہیے کہ عاجزی کریں، اور دعا کریں اور تم میں سے ہر شخص میرے لیے اور اپنے لیے استغفار کرے۔ میرا پروردگار میرے لیے کافی ہے۔

احوالِ مصنف خطبۂ عبرت

(خودنوشت صنعت قطع الحرف الف)

جرّار رضوی

موروثی عزت وتوقیر بھی بہت بڑی نعمت ہے۔ بزرگوں کی تعلیم وتربیت نیز صحت مند گزشتہ وموجودہ علمی تذکرے سر کو فخر سے بلند رکھنے میں معین ہوتے ہیں۔ حقیر کو بھی سرزمین علم وفن سے تعلق ہے۔ جس کی نسبت سے مفتخر ہے۔ موضع علی نگر بھیکپور۔ پوسٹ چین پور۔ ضلع چھپرہ میں ہونے کے بعد گزشتہ چند برسوں قبل چھپرہ سے منقطع ہوکر دوسرے ضلع میں تبدیل پذیر ہے۔ ضلع کے صدر شہر کو پہلے عمومی طور سے علی گنج کہتے تھے موجودہ دور میں بھی بعض لوگ علی گنج کہتے ہیں۔ مومنین کی قریبی بستیوں میں عشری، حسن پورہ، کھجوہ، حسین گنج وغیرہ مشہور ہیں۔ یہ مردم خیز بستی علم دین کے حصول وتبلیغ میں ممیز ہونے کی وجہ سے کبھی مشرقی لکھنؤ کے طور پر مشہور تھی۔ کیونکہ صوبہ یوپی کے مشرق میں ہے۔ بستی کے سب سے پہلے مولوی مجتہد سید پیر علی مرحوم منفرد علم وفضل میں تھے۔ پدر بزرگ سید علی شیر رضوی مرحوم، جد محترم سید خورشید علی مرحوم، وجد معظم سید نور علی مرحوم وغیرہم بستی کی عظیم ہستیوں میں عزت و

توقیر سے متصف تھے جن کے سلف کا سلسلہ حضرت مبرقعؑ سے ملحق ہے۔جنہیں معصوم یعنی ہشتم وصی رسولؐ پیغمبر ختمی مرتبتؐ سے نسبت ہونے کی وجہ سے ہم لوگ رضوی سید ہیں۔قید حرف کی تحریر روک رہی ہے کہ جملہ بزرگوں کے مکمل و تفصیلی تذکرے ممکن نہیں ہیں۔حقیقت یہ ہے کہ تذکرہ کروں بھی تو سورج کو شمع کی مثل صدق ٹھہرے۔ لیکن خلف کے لیے زیب ہے کہ سلف پر فخر کرے۔ونیز یہ بھی ضروری کہ ہے خود کو یوں کرنے کی کوشش کرے۔کہ بزرگوں کے تذکروں کے وقت شرمندگی محسوس نہ ہو کہ سلف کی عظمتوں وخصوصیتوں میں کسی قدر بھی شریک نہ ہو سکے۔

عشرہ محرم کی مجلسیں وجلوس،مذہبی وقومی میل جول کے مظہر ہیں کیونکہ قرب کی کل بستیوں میں عمومی لیکن میری بستی میں خصوصی طور پر بے خوف تر دید ذکر کر سکتے ہیں کہ جملہ قوم ہندو مسلم (شیعہ سنی) پوری دلچسپی وعقیدت سے محرم کے حق کو سمجھتے ہوئے غمِ حسین میں شریک رہتی ہیں۔

علم دین وشریعت کی معیت میں دیگر علوم مغربی ومشرقی سے بھی موضع کے لوگوں کو ہمیشہ دلچسپی رہی ہے۔مقتدر لوگ گزرے ہیں نیز موجود ہیں۔عصر جدید میں نئی نسل سے مزید ترقی روشن معلوم ہوتی ہے۔

حضرت علیؑ کے خطبے حقیر نے دیکھے نیز پڑھے۔جس کی وجہ سے ذوق نے کم علم ہوتے ہوئے بھی حیثیت سے بلند عزم کی طرف ہمت کرنے کی توفیق بخشی۔معبود کے رحم وکرم نے دستگیری کی۔معصومینؑ کے فیوض نے رہبری کی۔برکت ورحمت سے مستفید ہو کر دفترِ مدحِ معصوم میں شرکت وشمولیت کے لیے سعی کی ہے۔ملتجی ہوں کہ کوشش قبول ہو۔

جن لوگوں نے میری مدد کی ہے وہ بہتر طور پر علم رکھتے ہیں کہ مجبوری ہے۔

جی کھول کر شکریہ سے سبکدوش ہونے میں بھی معذوری ہے۔کسی تذکرے کے ہونے،کسی کے نہ ہونے پہ گلہ وشکوہ کو دور رکھیں۔کہیں کوئی غلطی،کمی،سقم نظر سے گزرے تو عفو کریں۔نیز مطلع کریں کہ مکرر نہ ہو۔معبود سب کے لیے بہتر ہے۔

فقط کمترین

جرّار رضوی

موجودہ مقیم گورکھپور

دو ستمبر سن نوے جوڑ دو عیسوی

خطبۂ بغیر الف کا اُردو ترجمہ بغیر الف

مولانا سید ظفر الحسن صاحب قبلہ

مقدمہ

تاریخ کے ہاتھوں عہد بہ عہد اوراق زمین پر افراد انسانی کی طرح اُن کے کارناموں کی فہرست بھی طویل وعریض ہوتی چلی آرہی ہے لیکن اس طومار میں حقیقی انسان اور سچے کارنامے بہت کم نظر آتے ہیں۔ شائد اسی لیے عقلائی زمانے نے انسانیت کی حد بندی کرتے ہوئے یہ نظریہ قائم کردیا کہ "**اَلْمَرْءُ بِاَصْغَرِيْهِ قَلْبِهٖ وَلِسَانِهٖ** " (دل وزبان کی دو مختصر ترین چیزوں کا نام انسان ہے) مگر جب اس نظریہ کے عملی پہلو تلاش کیے جاتے ہیں یا کسی صحیح مصداق کی جستجو کی جاتی ہے تو دنیا کی بڑی بڑی قوتیں ناکام رہ جاتی ہیں لیکن مجھے یقین ہے کہ اس وقت میں تمام عالم کے لیے اس نظیرہ کا ایک مکمل عملی انسان پیش کررہا ہوں۔ خود نہیں، تاریخ کے حوالے سے، من گھڑت نہیں غیروں کی زبان سے، تاریخ امم شاہد ہے کہ دل وزبان کی قوت وبیان جیسا کہ اسلام کے سچے خدمت گزار محمدؐ کے حقیقی شاگرد "علیؑ" میں دیکھے گئے۔ دنیا کی بڑی سے بڑی شخصیت میں بھی نہیں پائے گئے۔ علیؑ کی شجاعت (جس کا تعلق دل سے

ہے) سے تو دنیا واقف ہے لہٰذا سردست اس سے قطع نظر کرتا ہوں۔ البتہ ان کی فصاحت وبلاغت (جس کا تعلق زبان سے ہے) سے بہت کم لوگ واقف ہوں گے۔ افسوس یہ ہے کہ دوسری زبان میں ترجمہ کرنے کے بعد جب عام تحریروں کا لطف مٹ جاتا ہے تو پھر علیؑ کے "معجز نما اسلوب" کی شان دوسری زبانوں میں کیا باقی رہ سکتی ہے۔ اسی سے ہمت بھی نہیں ہوتی تھی کہ اس موضوع پر قلم اُٹھاؤں لیکن کیا عجب کہ عام حضرات کے لیے یہ کوئی بالکل نئی چیز ثابت ہو۔

ابن ابی الحدید اپنی شرح نہج البلاغہ میں ناقل ہیں کہ ایک دن "صحابہ کرام" میں یہ بحث ہورہی تھی کہ حروف تہجی میں سب سے زیادہ کثیر الاستعمال حرف کون سا ہے؟ طے ہوا کہ کلام میں "الف" کے بغیر کام نہیں چل سکتا۔ یہ سُن کر علیؑ ابن ابی طالب کھڑے ہوگئے اور فی البدیہہ ایک ایسا خطبہ ارشاد فرمایا جو مفہوم کے اعتبار سے نہایت پرمغز اور بلیغ، لفظوں کے لحاظ سے انتہائی پُر اثر اور فصیح ہے پھر لطف یہ ہے کہ مقفٰی ہوتے ہوئے بھی ابتداء سے آخر تک "آورد" کی طرح "الف" سے بھی خالی ہے۔

اسی خطبہ کے متعلق کمال الدین محمد بن طلحہ شافعی اپنی کتاب مطالب السئول میں یہ رائے ظاہر کرتے ہیں کہ "یہ وہ خطبہ ہے جسے حضرت نے علم بیان کی پوری رعایت کے ساتھ بغیر الف کے ارتجالاً پیش فرمایا ہے، یہ خطبہ آپ کے مختلف النوع علوم اور طرح طرح کے فضائل کا خزانہ ہے، ہم گواہی دیتے ہیں کہ یہ صرف عنایت ربانی تھی جس نے علوم وحکم کے باب صرف آپ کے لیے کھول رکھے تھے یہاں تک کہ اُس کے خالص وطیب حصہ کو آپ کے لیے پیش کردیا اور آپ کے قلب وزبان کے لیے معرفتِ حکمت وفصل خطاب کو مخصوص کردیا۔"

TRANSLATION OF THE SERMON

KHUTBA-E-IBRAT

By: Jarrar Rizvi

God deserves praises, whose grandeur of grace, accomplish boon, Compassion more than wrath (wrath over ruled by compassion), circumscribing will, encircling Contention, perfect decision are inviting me to praise Him.

As any one attached to divinity, plunged into faithfulness, unique with the unity, free of offences, fearing by warnings and fond of forgives amid the helplessness of the day of destiny, calls the praise of God, I too am similarly praising Him.

I require His help; rectitude and guidance. He only is the source of rightness and Contenment.

دو معتبر اور غیر جانب دار شہادت پیش کرنے کے بعد اب اصل خطبہ تحریر کرتا ہوں۔ لیکن اسے اُپج کہا جائے یا جدت پسندی کہ باوجود نا اہل ہونے کے میں نے اس امر کی کوشش کی ہے کہ ترجمہ میں بھی کہیں الف نہ آنے پاوے اور بقدر فہم صحیح ترجمہ سے عدول بھی نہ ہو۔ اگرچہ سارا ترجمہ آورد سے دست و گریبان ہے لیکن مجبوری عذر خواہ ہے اور وہ بھی اُردو زبان کی جس کی لفظیں محدود اور اضافی علامتیں کثیر الاستعمال ہیں۔ بہرحال باخبر حضرات، تعرف الاشیاء باضدادھا'' کو مدِنظر رکھیں اور ناواقف لوگ عاجز کے کلام سے مقتدر کے کلام کی رفعت و بلندی کا اندازہ لگائیں۔ ادھر غور و فکر ہے اور اُس طرف ارتجال، یہاں خاطی کا قلم ہے اور وہاں لسان اللہ کا دہن چنانچہ ارشاد ہوتا ہے۔

Like faithful devotee, I accept His presence. With full faith recognise His individuality and Him to be the only one. Neither anyone is to share Him in the Sovereignty nor is helper in His artistic skill. He is far above the consultation of any minister or adviser. H0e has no need of help, helper, defender or ally. Our prevarications are fully known to Devine, but He keeps them hidden. Every fold is revealed upon Him. He keeps every thing administered by His authority. He has forgiveness even for the, disobedience. Moreover He it thankful to the devotees. He is just in the judgment. He only, is eternal and ever lasting. Neither any thing was nor is or will be ever to compare with Him as similarity. He is before all existences and will remain to the last of all. He is adorned with every prestige and respect. He is Almighty power and pious due to His Might and He is proud of His eminence. Neither the creature can see film nor any sight can catch Him. He is impregnable, hearing, seeing, Compassionate

and very merciful. One who wishes to praise Him, becomes dumb because of His indefinite varieties of qualities and excellence. Rather those who claim His cognition are incapable of real praise.

He is far off though He is near and is very near though He is very far. It is the Devine Might who responses every call and provides subsistence (daily bread), rather gives more than need. He is hidden benevolence and source of grandeur together with vast compassion and painful wrath. The vast paradise is a gift of His Devine mercy. His punishment is a capacious and torment hell. I have confirmed the resurrection of Hazrat Mohammad (S.A.),who is His messenger, real obedient, selected prophet, nice in behaviour, loved by Him and is His friend. He came as messenger in the best of time but during the reign of scepticism and wrong doings. Having mercy on the creature and increasing the grace and blessings, the Almighty fulfilled all the short comings, that is by finishing the prophet hood

He affirmed the contention. The Prophet also did not conive in admonishing and reprimanding people, but did his best. He was patron, sympathetic, kind hearted, generous, desirable and selected lord (wali) for all the faithfuls. Compassion, security, prosperity, respect and honour be showered on Holy Hazrat Mohammad (S.A.) from God, the merciful, nearest, responding and the sage.

O, people present here! The testament of God and the statute of the Prophet (S.A.) is being presented to you by me, in which there is advise and preaching for you and me as well. It is obligatory upon you to remain afraid like recluses which may console your own hearts. A fear should remain hidden which can make flow a stream of sobs from the eyes. That piety be there which can secure you from ruin before the day of judgement comes and may you set careless from the day.

When because of the weight of good deed and lightness of the bad, eternal comfort may be

conferred upon you, it is also compulsory for you to bow down, with your humble humility, vowing to sin no more and leaning to Him with baseness and shame to request and rejole The Almighty. You please do know the value of opportunity. Honour the health before the sickness, respect the old age before becoming too old, care the wealth before becoming a beggar, think high of the time available before you are engaged, collect the kits and honour rest before travel and do know the reality of life before death. It is not known how many would have been becoming feeble, weak and dressed in such a condition that the physicians would be tired of writing prescription, friends would be conniving, sense and wisdom would be turning their faces and the age would have been leaning to end. Some people would have been saying that the face seemed to be beaten badly to become hectic. The body would be thin like stick. Suddenly the agonies of death will start. All the relatives from far and near

will be surrounding. The movement of the eye lets will be seized and the sight will be staring. The forehead will be sweating, the nose will be crooked, painful cry will be providing relief and distressed grief will be felt only. The wife shall be weeping, the children shall be turning orphans and the grave shall be in preparation.

Differences will be appearing amongst the relatives and the bequest will be under division. But the dead will be deprived of sight and hearing. People will set right the limbs and will give bath after removing the dresses and will wrap in coffin after washing dry. The chin will be adorned and turban will be provided after shirting. Farewell will be given after paying homage. Keeping on a plank, devine service (Namaz) prostration will be performed with Takbeer' (Calling greatness of God). Thereafter people, will transfer (the dead body) from well decorated mansion, fortified palace or a furnished residence to a neatly dug ditch or grave, which will

be covered with bricks/ stone, etc. Thy will fill it with earth. Here these people feel definite of their attendance before God, but they will forget the dead. Friends, fellows, nears and dear: will get searched other friends and colleagues after burial. But the dead corpse remains morsel and pledged to the grave, in such conditions that insects would be running on it, saliva would be flowing from nostrils, worms and maggots would be piercing into the flesh, sucking the blood and decaying the bones, till the day of-congregation.

Every one will be recalled by trumpet. The graves will he located and the breasts will reveal the secrets. The prophets, the sincere true and the martyrs will be called. Then there will be judgement from the Almighty, who knows and observes ever thing. Only He is fully conversant of each big and small thing, by virtue of His supreme power. It is not known that how much hue and cry will be raised, and how many hidden longings shall be fulfilled

during the horror of congregation.

It will be the time when people will be sunk to neck in sweat. There will be no mercy on tears. The cries will be fruitless. The arguments will be rejected. The crimes will be extremely obvious and the bad deeds will be quite clear in open deed register. The eyes for their evil look, the hands for their tyranny the legs for their wrong steps, the hidden parts for their feelings and the skins for their sense of touches and mingle, will all be giving self evidence.

There after the neck collered and hand cuffed and chained, they will be dragged and thrown into hell with all pain and rigour. Various type of punishments will begin. Pus and blood will be available to quench the thirst and as such faces will seem to be charred. The skin shall be falling rotten. Angels shall be beating with iron clubs. The skin will be falling burnt and new covering will be forming. The Angels will turn their faces on any hue and cry.

A long span of time will pass as such in cry and humiliation.

I seek shelter of the Almighty from every calamity and malignancy. I beg forgiveness, similar to that which has been bestowed upon the agreed and already excused.

Only He is the surety for every demand and requirement. Of course, those who are spared from the chastisement of God, they only will be able to reach paradise by virtue of the glory of the Almighty. They will abide in exalted and stable palaces for ever. They will get the damsels of paradise to rejoice and servants for their services and they will be supplied with goblets. They will stay in pious positions. They will dwell under graciousness and will be drinking from the streams of the paradise (Tasneem and Salsabeel) which will be of various fragrance. There will be everlasting belongings to enjoy fully and to drink in the heaven garden. There will be no headache or any trouble.

This will be the dignity of those who fear from God (for His justice) of their selves having sensual desire to put them in danger. Of course, those who refutes the Divine are fearless in sin and obedient to their own sensual desire are deserving His chastisement. This is the correct judgement and normal order.

The best of the stories and the obvious reprimand is the revelation of the Supreme which has already been transferred through the Angels Jibraeel, to the heart of Holy Mohammad (S.A.). He is apostle of God for whom all the prophets, messengers, reverets and pious have respect and have asked piece on him.

O! I beg shelter of God the omniscient, the merciful and the bountiful from evil and malignant force of all the chastised foe. You also regret and shed tears. Every one of you, who is blessed by him should pray to him to grant salvation for self and for me as well. My God is sufficient to me.

اُردو ترجمہ خطبۂ بغیر الف

آیت اللہ سرکار ظفر الملت طاب ثراہ

مستحقِ حمد ہے وہ معبود جس کی عظمت خیز منت مکمل نعمت، غضب سے بڑھی ہوئی رحمت ہمہ گیر مشیت، محیط حجت، درست فیصلے مجھے دعوت حمد دے رہے ہیں۔

جس طرح کوئی ربوبیت سے متمسک، عبودیت میں مستغرق، توحید میں منفرد، لغزش سے بری، دھمکیوں سے خوفزدہ، محشر کی کس مپرسی میں بخششوں کی طرف متوجہ ہو کر معبود کی تعریف کرے، بعینہ یونہیں میں بھی مدح گستر ہوں۔

ہم معبود ہی سے رشد و مدد و رہبری کے متمنی ہیں۔ وہی ہستی ہم سب کے لیے مرکزِ تدین و موجب توکل ہے، عبدِ مخلص کی طرح ہم وجودِ معبود کے مقر ہیں مومن متیقن کی طرح متفرد سمجھتے ہیں، مضبوط عقیدہ بندے کی طرح فرد فرید تسلیم کرتے ہیں نہ کوئی ملک میں شریک ہے نہ صنعت گری میں دستگیر۔

وہ مشیر و وزیر کے مشوروں سے برتر ہے، نیز مدد و مدد کنندہ، ہم پشت و ہمسر کی ضرورت سے مستغنی قدرت ہم سب کی لغزشوں کو خوب سمجھتی ہے مگر مخفی رکھتی ہے، وہ تو تہہ چیزوں سے بھی خبر رکھتی ہے وہ حکومت میں سب کو منظم رکھتی ہے، وہ حکم سے سرکشی کے وقت بھی عفو کے قلم کو حرکت دیتی ہے۔ لوگ بندگی کرتے ہیں تو قدرت

عوض شکر یہ پیش کرتی ہے، فیصلہ میں ہمیشہ عدل کو مدنظر رکھتی ہے، وہ ہمیشہ سے ہے، ہمیشہ رہے گی، معبود کی مثل ونظیر نہ کوئی چیز تھی نہ ہے، نہ ہوگی، وہ ہر شئے سے پہلے ہے نیز ہر شے کے بعد ہے وہ عزت سے معزز ہے، قوت سے متمکن، بزرگی کی وجہ سے مقدس ہے، برتری کی وجہ سے متکبر، چشمِ مخلوق وبصیرت رؤف ورحیم ہے وصف کنندہ معبود کی غیر محدودصفتوں کو دیکھ کر گنگ ہے بلکہ معرفت کے مدعی بھی حقیقی تعریف سے گم گشتہ ہیں وہ نزدیک ہوتے ہوئے دور ہے، دور ہوتے ہوئے نزدیک ہے، یہ قدرت ہی تو ہے جو بندے کی دعوت پر لبیک کہتی ہے، رزق دیتی ہے بلکہ ضرورت سے بڑھ کر بھی بخش دیتی ہے، وہی تو مخفی مروت قوی شوکت کی مظہر نیز وسیع رحمت، تکلیف دہ عقوبت کی مصدر ہے یہ وہی ہستی تو ہے۔

جس کی رحمت لمبی چوڑی قبول صورت جنت ہے۔ جس کی عقوبت وسیع و مہلکہ خیز دوزخ ہے میری ہستی بعثت محمدؐ کی مصدق ہے جو رسولؐ عربی عبد حقیقی برگزیدہ نبیؐ، شریف خصلت حبیب وخلیل ہیں، وہ حضرت بہترین عہد مگر کفر و بے عملی کے دور میں منصب نوبت پر متمکن ہوئے (یعنی مظہر نبوت ہوئے) بندوں پر رحم کرتے ہوئے منت وکرم میں مزید ترقی دیتے ہوئے قدرت نے کل کمی پوری کردی، یعنی محمدؐ پر نبوت ختم کرکے حجت مستحکم کردی۔ حضرت نے بھی لوگوں کو وعظ ونصیحت کرنے میں کوئی کمی نہیں کی بلکہ بھرپور جد وجہد کی وہ حضرت جملہ مومنین کے لیے شفیع ہمدرد رحم دل سخی پسندیدہ وبرگزیدہ ولی تھے، رب رحیم قریب ومجیب وحکیم کی طرف سے محمد عربی پر رحمت وتسلیم نیز برکت وتعظیم وتکریم کی بڑھتی (کثرت) ہو، گروہ موجود؟ میرے ذریعہ سے تم لوگوں کے لیے رب قدیر کی وصیت نبیؐ کریم کی سنت پیش ہورہی ہے جس میں تم سب کے لیے نیز میرے لیے نصیحت وموعظت کے دفتر ہیں، تم پر فرض

ہے کہ تم میں وہ ڈر موجود ہو جس سے خود تمہیں لوگوں کے دل کو سکون میسر ہو، وہ خوف مخفی ہو جس کی موجودگی میں چشم نم سے سیل بہہ نکلے، وہ خوف تقیہ ہو جو بوسیدگی کے دن سے پہلے ہی کل مہلکوں سے محفوظ کردے نیز روز محشر سے بے فکر کردے جبکہ نیکیوں کی تول وزنی، بدیوں کی تول سبک ہونے کی وجہ سے بشر کو عیش وعشرت کی زندگی نصیب ہوگی تم لوگوں پر یہ بھی فرض ہے کہ خضوع وخشوع، توبہ ورجوع، ذلت و شرمندگی کی صورت سے معبود کی خدمت میں عرض ومعرض وتملق کرو، نیز تم لوگ موقع کو غنیمت سمجھو، مرض سے پہلے صحت کی قدر کرو، پیر فرتوت ہونے سے پہلے پیری کی عزت کرو، فقیری سے پہلے دولت کی توقیر کرو، مشغولیت سے پہلے وقت فرصت کو مدِ نظر رکھو، سفر سے پیشتر حضر کی قدر کرو، مرنے سے پہلے زندگی کی حقیقت کو سمجھ لو، نہ معلوم کتنے ہوں گے جو ضعیف وکمزور ومریض بن چکے ہوں گے جن کی کیفیت یہ ہوگی کہ خود طبیب (نسخہ لکھتے لکھتے) تھکن محسوس کرنے لگیں گے، دوست بھی پرہیز کرنے لگیں گے عمر ختم کے قریب ہوگی، عقل وفہم منہ موڑ چکے ہوں گے، کچھ لوگ یہ کہہ رہے ہوں گے کہ یہ تو (جوتوں سے) پٹی ہوئی صورت ہے جسم (پتلی چھڑی) کی طرح مدقوق ہے کہ یک بیک نزع کی کیفیت شروع ہوگی نزدیک ودور کے سب لوگ موجود ہوں گے۔ مریض کے دیدوں کے گردش سلب ہوچکی ہوگی ٹکٹکی بندھی ہوگی، جبین عرق ریز، بینی کج، تکلیف دہ چیخ میں سکون بس نفس میں رنج وغم کی کیفیت محسوس ہورہی ہوگی، بیوی رو پیٹ رہی ہوگی، بچے یتیم ہورہے ہوں گے، لحد درست ہورہی ہوگی، عزیزوں میں تفرقہ کی نیو پڑ رہی ہوگی، ترکہ کی تقسیم ہوتی ہوگی، مگر خود میت چشم وگوش سے بے تعلق ہوگی نوبت یہ پہنچے گی کہ لوگ جسم کے حصے کھینچ کھینچ کر درست کر دیں گے پھر بدن سے کپڑے دور کریں گے یونہی برہنہ غسل دیں گے پھر دھو پونچھ کر

کسی چیز پر رکھ دیں گے۔ بعدہ کفن میں لپیٹیں گے، پہلے میت کی ٹھڈی کی بندش کریں گے پھر قمیض دے کر سر پر پگڑی لپیٹ دیں گے پھر تسلیم کر کے رخصت کریں گے یعنی کسی تخت پر میت کو رکھ دیں گے، پھر بغیر سجدے کے فریضے سے تکبیر کہہ کر سب لوگ سبک دوش ہوں گے نیز میت کے لیے مغفرت طلب کریں گے پھر زیب و زینت دیئے ہوئے گھر، مضبوط و مستحکم بنے ہوئے قصر، سر بلند و مزین محل سے منتقل کر کے لحد بنی ہوئی قبر پہلے سے درست کئے ہوئے گڈھے کے سپرد کر دیں گے جس پر سنگ و خشت کو بہم کر کے (معمولی سی) چھت درست کر دیں گے۔ پھر کچھ مٹی کچھ ڈھیلے سے گڑھے کو بھر دیں گے، یہیں پر لوگ (جدید مصیبت کو دیکھ کر) معبود کی خدمت میں حضوری کو یقینی سمجھیں گے لیکن خود مردے کو سہو محو کر دیں گے، دوست، ہمدم، ہم مشرب، عزیز و قریب دفن سے پلٹنے کے بعد دوسرے دوسرے دوست و رفیق ڈھونڈ لیں گے مگر میت غریب بیکسی کے گھر میں گرو ہے بلکہ قبر کے پیٹ میں لقمہ ہے کیفیت یہ ہے کہ لحد کے کیڑے بیکس جسم پر دوڑ رہے ہیں، نتھنوں سے رطوبت بہہ رہی ہے کیڑے مکوڑے گوشت و پوست کو چھلنی کر رہے ہیں، خون پی رہے ہیں، ہڈیوں کو بوسیدہ کر رہے ہیں، یوم محشر تک یہی صورت رہے گی پھر صور پھونکنے کے وقت حشر و نشر کے لیے طلب ہوں گے یہی تو وہ وقت ہے کہ قبروں کی جستجو ہوگی، سینے کے مخفی خزینے پیش ہوں گے، نبی، صدیق، شہید (یعنی محمدؐ، علیؑ، حسینؑ) محشر میں طلب ہوں گے پھر رب قدیر کی طرف سے جو کہ خبیر و بصیر ہے سب کے فیصلے ہوں گے ملک عظیم کے پیش نظر جو ہر چھوٹی بڑی چیز سے مطلع ہے، محشر کے زبردست پر ہول موقف میں نہ معلوم کتنے زندگی کش شیون بلند ہوں گے نہ معلوم کتنی دبی ہوئی حسرتیں پوری ہوں گی (یعنی ظلم پیشہ گروہ سے مظلوموں کے حقوق ملیں گے یہی وہ وقت ہے جب گلے

گلے پسینہ میں غرق ہوں گے، جہنم کے شعلے ہر طرف سے گھیرے ہوں گے، چشم حسرت سے مسلسل جھڑی بندھنے کے بعد بھی رحمت کے در مسدود، چیخیں بے سود، دلیلیں مردود ہوں گی، جرم حد کو پہنچ چکے ہوں گے، دفتر عمل کھلے رکھے ہوں گے، پیش نظر برے عمل ہوں گے، چشم مجرم نظر کی لغزش کی، دست ظلم تعدی کے قدم غلط روش کے جلد بدن غیر محرم سے ملنے کے، جسم کے مخفی حصے لمس و تقبیل کے خود بخود مقر رہوں گے، ختم حجت کے بعد، طوق در گردن دست بہ زنجیر کھینچتے گھسیٹتے دوزخ کی طرف لے چلیں گے پھر کرب و شدت کی معیت میں جہنم کی سپرد کر دیں گے۔ پس طرح طرح کی عقوبتیں شروع ہوں گی، پینے کے لیے خون، پیپ، پیش کریں گے جس کی وجہ سے صورت جھلسی ہوئی معلوم ہوگی، جسم کی جلد گل گل کے گر رہی ہوگی۔ لوہے کے گرز سے فرشتے پیٹ رہے ہوں گے، جلد بدن جل جل کر گرتی ہوگی، دوسری نئی بنتی ہوگی بد نصیب کے رونے پیٹنے کی طرف سے جہنم کے موکل فرشتے بھی منہ پھیرے ہوں گے۔ غرض کہ یوں ہی غیر معین مدت تک چیخ نیز شرمندگی کی کیفیت میں بسر ہوگی، ہم رب قدیر سے ہر طرح کے فتنہ و شر سے طلب حفظ کرتے ہیں، وہ جن لوگوں سے خوش ہوکر جس مقبولیت کی صف میں جگہ دیئے ہوئے ہے ہم بھی کچھ ویسی ہی مغفرت و مقبولیت کے متمنی ہیں کیوں کہ وہی ہستی ہم سب کے ہر مقصود و مطلب کی متکفل ہے، بیشک جو لوگ معبود کی عقوبتوں سے (نیک چلن ہونے کی وجہ سے) بچ گئے وہ عزت معبود ہی کے طفیل سے جنت میں پہنچیں گے، سر بلند و مستحکم محلوں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے ٹھہریں گے جس جگہ عیش و عشرت کے لیے حوریں ملیں گی۔ خدمت کے لیے نوکر موجود ہوں گے شیشہ و خم گردش میں ہوں گے، مقدس منزلوں میں مقیم ہوں گے نعمتوں میں کروٹیں بدلتے ہوں گے۔ تسنیم سلسبیل کو مطمون ہوکر پیتے ہوں گے۔ جس کے ہر

جرع طرح طرح کی خوشبوؤں میں بسے ہوں گے یہ سب چیزیں ہمیشہ کی ملکیت ہوں گی، جس میں سرور کی حس قوی ہوگی، ہرے بھرے چمن میں مے نوشی ہوگی، مے نوشوں کو نہ دردسر کی تکلیف ہوگی نہ کوئی دوسری زحمت ہوگی، مگر یہ منزلت خوف وحشت سے متصف لوگوں کی ہے، جونفس کی سرکشیوں سے ہر وقت خطرے میں رہتے ہیں، (یعنی حرص و ہوس کے پھندوں سے بچ کر نکلنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں) بیشک جولوگ حق کے منکر ہوں مذکورہ حقیقتوں کو بھولے بیٹھے ہوں، معصیت کوشی میں نڈر ہوں، پرفریب نفس کے دھوکے میں پڑے ہوں، وہ معبود حقیقی کی طرف سے عقوبت کے مستحق ہیں، کیوں کہ درست فیصلہ معتدل حکم یہی ہے، دیکھو سب سے بہتر قصہ، سب سے کھری نصیحت حکیم مطلق کی تنزیل ہے جسے جبرئیل پہلے سے رہبر کل حضرت محمدؐ کے قلب محترم کے سپرد کر چکے ہیں۔ مکرم و نیک منش سفیروں کی طرف سے حضرتؐ پر درود و رحمت ہو، ہم ہر لعین و رجیم دشمن کے شر سے بچنے کے لیے رب علیم، رحیم و کریم سے مدد طلب کرتے ہیں، تم لوگ بھی تضرع کرو، گریہ میں مشغول رہو، نیز تم میں ہر شخص جو نعمت رب سے بہرہ ور ہے خود نیز میرے لیے طلب مغفرت کرے، بس میرے لیے رب قدیر کی ہستی بہت ہے۔

مقدمہ نہج البلاغہ (علّامہ سید رضیؒ)

ترجمہ: مولانا سید علی حیدر صاحب قبلہ

خدائے رحمان ورحیم کے نام سے شروع کرتا ہوں

جس خدا نے حمد (بجالانے) کو اپنی نعمت کی قیمت اور اپنی بلا سے محفوظ رہنے کی جگہ اور اپنی بہشتوں کا راستہ اور اپنے احسان کی زیادتی کا سبب قرار دیا ہے اُس کی حمد بجالانے اور اُس کے رسولؐ پر جو نبی رحمت اور اماموں کے امام اور اُمت کے مشعل (ہدایت) اصل شرف کے برگزیدہ سب سے بڑھی ہوئی بزرگی کے جوہر۔ نسبی فخر ومباہات کے اصل الاصول۔ اور رفعت مرتبہ کی (بلند) باردار شاخ ہیں اور اُن کے اہل بیتؑ پر جو تاریکی (ضلالت) کے (روشن) چراغ (خدا کی) امتوں کے نگہبان۔ دین کے روشن منارے۔ فضل (شرف) کے گرانبار میزان ہیں۔ خدا ان کُل حضرات پر رحمت نازل کرے۔ ایسی رحمت جو اُن کے فضل کے شایاں، اور اُن کے عمل کا عوض اور اُن کے خاندانی وذاتی پاکیزگی کے مساوی ہو جب تک صبح روشن ہوتی اور ستارے غروب کرتے رہیں۔ صلوٰۃ بھیجنے کے بعد (عرض ہے کہ) میں نے شروع جوانی اور ابتدائے شباب میں ایک کتاب حضرات ائمہ علیہم السلام کے خصوصیات میں تالیف کرنا شروع کی تھی جو مشتمل ہے

ان حضرات کے بہترین اخبار اور جواہر کلام پر۔ اس امر پر جس غرض نے مجھے آمادہ کیا تھا اُسے میں نے شروع کتاب میں لکھ دیا اور اُسی کو مقدمۂ کتاب قرار دیا ہے (اس کتاب کو) خصائص امیر المؤمنین علی علیہ السلام تک میں لکھ چکا تھا کہ موانع زمان وعوائق دوران نے بقیہ کتاب کے تمام کرنے سے (مجھے) روک دیا۔ اور جس قدر وہ (کتاب) لکھی جا چکی تھی میں نے اُس کے ابواب اور فصلیں مقرر کر دی تھیں جن کے آخر میں ایک فصل ایسی تھی جو جناب (امیر) علیہ السلام کے نہایت اعلےٰ احادیث پر مشتمل تھی جن میں حضرت کے چھوٹے چھوٹے فقرے حکمت اور مثال اور ادب کے مضامین میں منقول ہیں نہ وہ خطبے جو طولانی ہیں یا وہ خطوط جو مبسوط ہیں۔ پس جس فصل کا پہلے ذکر ہوا اس کے لطف کلام سے خوش اُس کی خالص ترکیب سے متحیر ہوکر (میرے) بہت سے احباب واخوان نے اُس کو نہایت پسند کیا اور اسی پر مجھ سے درخواست کی کہ میں ایک ایسی کتاب تالیف کرنا شروع کروں کہ ہر فن اور ہر شاخ کے متعلق حضرت امیر المومنین علیہ السلام کے خطبہ اور فرمان اور مواعظ اور اداب کے جو چیدہ کلام ہیں اُن سب پر حاوی ہو کیونکہ وہ جانتے تھے یہ (کتاب) بلاغت کے عجیب مضامین فصاحت کے نادر مسائل، فن عربیہ کے جواہر اور دین و دنیا کے اُن باریک نکتے اور کلمات پر مشتمل ہوگی جو یک جائی کسی کلام میں اور مجموعی حیثیت سے کسی کتاب میں نہیں مل سکتے کیونکہ امیر المومنین علیہ السلام ہی علم فصاحت کے شروع ہونے کی بلکہ فن بلاغت کے پیدا ہونے اور نشونما کرنے کی جگہ ہیں اور آپ ہی سے ان علوم کے اسرار ظاہر ہوئے اور آپ ہی سے ان کے قواعد حاصل کئے گئے اور آپ ہی کی روش پر ہر مُقرر اور خطیب چلا اور آپ ہی کے کلام سے ہر واعظ بلیغ نے مدد لی۔ اور باوجود ان امور کے حضرت سب کے

آگے اور لوگ پیچھے رہے اور حضرت ہی افضل اور دوسرے لوگ مفضول ٹھہرے اس لیے کہ آپ کا کلام وہ کلام ہے جس پر پرتو ہے علم الٰہی کا اور جس میں بو باس (بھری ہوئی) ہے کلام نبوی کی۔ لہٰذا میں نے اس کے شروع کرنے میں اُن (احباب واخوان) کی درخواست منظور کی کیونکہ میں جانتا ہوں اُس کثیر نفع اور بڑی شہرت اور عظیم ثواب کو جو اس (عمل) میں ہے اور میرا مقصود اس تالیف سے یہ ہے کہ اس فضیلت (فصاحت و بلاغت) میں امیر المومنین علیہ السلام کی جلالت قدر ساتھ ہی آپ کے محاسن کثیرہ اور فضائل عظیم کو (تمام دنیا پر) ظاہر کروں اور اس (امر) کو (بھی) کہ حضرت اس فضیلت کی آخری حد تک پہونچنے میں متفرد ہیں تمام سابقین اولین سے جن سے شاذ و نادر ہی (ایسے علم وحکمت کی باتیں) منقول ہیں۔ رہا حضرت کا کلام پس وہ تو دریائے ناپیدا کنار اور ذخیرۂ بے نظیر ومثال ہے۔ اور (جب حضرت کے علوم کی یہ حالت ہے تو) مجھے مناسب ہے کہ آپ پر فخر کرنے میں فرزدق کا یہ شعر بطور مثال پیش کروں۔ میرے آبا و اجداد ایسے عظیم الشان حضرات ہیں۔ جریر (مخاطب) اگر تمہارے بھی ایسے آبا و اجداد ہوں تو پیش کرو۔ اور میں حضرت کے کلام کو تین قسموں میں دائر پاتا ہوں۔ قسم اول خطبے اور احکام، قسم دوم خطوط اور فرامین، قسم سوم حکمت اور مواعظ (کے مسائل) پس خدائے تعالیٰ کی توفیق سے میں نے عزم کیا ہے حضرت کے چیدہ خطبوں سے ابتدا کروں پھر آپ کے اعلیٰ درجہ کے خطوط پھر حکمت اور ادب کے عمدہ کلمات (ذکر کروں اس طرح کہ) ان (مضامین) سے ہر قسم کے لیے ایک (خاص) باب قرار دوں اور اس میں (خالی) اوراق زیادہ کرتا جاؤں تاکہ جلدی میں جو مجھ سے چھوٹ جائے اور پھر ملے وہ بعد میں (وہاں) بڑھایا جا سکے اور (یہ بھی معلوم رہے

کہ) جو قسمیں میں نے بیان کی ہیں اور جو قاعدہ میں نے مقرر کیا ہے اُس سے خارج حضرت کے کلام سے اگر ایسا کلام ملے گا جو کسی گفتگو سے متعلق یا کسی سوال کے جواب میں یا کسی دوسری غرض کے لیے ہو تو میں اُس کو اُس باب میں داخل کر دوں گا جو سب سے زیادہ اُس (کلام) کے شایان اور سب سے زیادہ اُس (کلام) کی غرض سے مناسب ہوگا۔ اور میں نے جو کلام انتخاب کیا ہے اُس میں بعض فصلیں ایسی بھی ملیں گی کلمات ایسے بھی دکھائی دیں گے جو باخود ہا غیر منتظم ہیں اس لیے کہ میں (محض حضرت کے) عجیب وغریب نکتے اور روشن کلمے نقل کروں گا اور ترتیب (ذکر) و (نظم و) نسق مجھے مقصود نہیں۔ حضرت کے اُن عجائب سے جن میں آپ متفرد ہیں اور جن میں آپ کا کوئی شریک نہیں یہ ہے کہ حضرت کا وہ کلام جو زہد، مواعظ (امور آخرت کی) یاد دہانی اور (افعال قبیحہ سے) زجر و توبیخ میں وارد ہے جب اُس میں غور و فکر کرنے والا غور کرے اور (خیال) کو اپنے دل سے نکال دے کہ یہ کلام اُس شخص کا ہے جس کی قدر (و منزلت دنیاوی حیثیت سے بھی) عظیم ہے اُس کی حکومت (تمام) جاری ہے اور سلطنت اُس کی کُل (رعایا کی) گردنوں پر محیط ہے تو اس کو اس میں ذرا شک نہ ہوگا کہ یہ ایسے شخص کا کلام ہے جس کے حصہ میں زہد کے سوا کچھ نہیں اور جس کا شغل عبادت کے سوا کوئی نہیں جو کسی گوشۂ تنہائی میں پڑا ہوا یا دامن کوہ میں عزلت گزیں ہے (جہاں) اپنی سانس کے سوا کچھ نہیں سُنتا اور اپنے سوا کسی کو نہیں دیکھتا اور (وہ غور کرنے والا) کبھی یہ یقین نہیں کر سکتا کہ یہ کلام اُس کا ہے جو تلوار کھینچے (بحر) جنگ میں ڈوبا ہوا (لوگوں کی گردنیں اُڑاتا اور شہسواران (زمانہ) کو پچھاڑتا ہے اور (پھر) اُس (تلوار) کو لے کر اس طرح پلٹتا ہے کہ اُس سے خون بہتا اور روحیں پھڑکتی ہیں۔ با این ہمہ وہ

زہد میں ہر زاہد سے بڑھا ہوا اور ہر ولی خدا سے افضل ہے۔ اور یہ (صفت) آپ کے ان فضائل عجیبہ اور خصائص لطیفہ سے ہے جن کے سبب سے آپ نے (گویا) اضداد کو جمع اور متباین اوصاف کو یکجا کیا۔ چنانچہ میں اکثر اپنے بھائیوں سے اس کا ذکر کرتا اور (اس سے) اُن کو متحیر کرتا رہتا ہوں کیونکہ یہ عبرت پکڑنے اور (نہایت غور و) فکر کرنے کا محل ہے۔ اور (یہ بھی واضح رہے کہ حضرت کے کلام کے) اس انتخاب میں اکثر الفاظ و مطالب مکرر آ گئے ہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ آپ کے کلام کی روایتیں بے حد مختلف ہیں پس اکثر ایک روایت کا کلام بعینہ نقل کیا گیا ہے پھر دوسری روایت میں وہ سابق سے مختلف طریقہ پر ملا کہ خواہ اُس میں عبارت زیادہ تھی یا اُس کی عبارت کے الفاظ بہتر تھے لہذا مناسب حال (یہ معلوم) ہوا کہ دوبارہ اس کو لکھا جائے تاکہ اُس کلام کی خوبیاں ظاہر اور اُس کے محاسن واضح ہوں اور (کبھی ایسا بھی ہوا کہ) پہلا کلام نقل کئے مدت ہوگئی پھر بھولے سے یا غلطی سے دوبارہ لکھ گیا نہ قصداً نہ عمداً۔ پھر بھی میں اس کا مدعی نہیں کہ حضرت کے کلام کے ہر پہلو و جوانب کا احاطہ کر لوں گا جس سے کوئی جملہ مجھ سے چھوٹنے یا کوئی فقرہ رہنے نہ پائے بلکہ (میں تو یہ بھی کہتا ہوں کہ) بعید نہیں ہے کہ جو کلام مجھ سے چھوٹ گیا ہے وہ اُس سے زیادہ ہو جو ملا ہے۔ اور جو میرے قبضہ میں آیا ہے وہ کم ہو اُس سے جو خارج ہے۔ کیونکہ میرا فرض صرف محنت اور سعی بلیغ کرنا ہے اور راہ دکھانا اور طریقہ بتانا تو خدا کے متعلق ہے بشرطیکہ (وہ) خدا چاہے (جمع کرنے کے) بعد میری رائے ہوئی کہ اس کتاب کا نام نہج البلاغہ رکھوں کیونکہ یہ اپنے ناظرین پر بلاغت کے دروازے کھولتی اور اُس کی تحصیل آسان کر دیتی ہے اور اس کی احتیاج ہے ہر اُستاد و شاگرد کو اور یہ مطلوب ہے ہر بلیغ و زاہد کی۔ اور اثنائے کتاب میں

توحید (عدل) (ذات خدا کے) مخلوقات سے بے نظیر ہونے کے متعلق (حضرت کے) عجیب (وغریب) کلام میں جو ہر پیاس کے لیے سیرابی اور ہر شبہہ کے رفع (کا باعث) ہے اور (ان اُمور میں) خدا سے توفیق اور حفاظت چاہتا اور سیدھی راہ دکھانے میں مدد کرنے کی درخواست کرتا ہوں اور خطائے لسانی کے قبل خطائے قلبی سے اور لغزش قدم سے قبل لغزش کلام سے پناہ چاہتا ہوں کیونکہ وہی میرے لئے کافی اور بہترین کارساز ہے۔

ترجمہ خطبۂ عبرت

جناب جرّار رضوی

مشغول ہوں مَیں حمد میں ربِ قدیر کی
تسکینِ دل ہے عظمتِ منت کبیر کی

بندوں پہ نعمتیں ہیں مکمل کریم کی
رحمت وسیع تر ہے غضب سے رحیم کی

ہر چیز پر ہے حق کی مشیت کو فوقیت
حجت محیط، فیصلے بر عدل و مصلحت

جملہ فیوض کہتے ہیں تعریف کیجئے
حدِ بشر میں جتنی ہو توصیف کیجئے

جیسے ربوبیت سے تمسک کئے ہوئے
ڈوبے عبودیت میں ہوں دل کو دئے ہوئے

توحید میں رہیں متفرد بنے ہوئے
لغزش سے ہوں بری بھی مکمل تنے ہوئے

جو دھمکیوں سے خوف زدہ حمد میں رہیں
محشر کی کس مپری میں بخشش طلب کریں

جس طرح منقبت میں لگے ہیں یہ لوگ سب
مَیں بھی بعینہٖ یوں ہی ہوں مشغولِ مدحِ رب

معبود ہی سے رشد و مدد کی طلب بھی ہو
ہے رہبری کو دل متمنی، کہ رب کی ہو

وہ مرکزِ تدین و عینِ یقین ہے
وہ موجبِ توکلِ دینِ مبین ہے

ہم ہیں وجودِ رب کے مقر مخلصیں کی طرح
وحدت قبول متقی و مومنیں کی طرح

جیسے قوی عقیدہ پہ بندہ سعید ہے
تسلیم ہم بھی کرتے ہیں، فردِ فرید ہے

معبود وہ کہ ملک میں کوئی نہیں شریک
صنعت گری میں کوئی نہیں دستگیر ٹھیک

برتر ہے مشوروں سے مشیر و وزیر کے
مستغنی ہے معین و نصیر و نظیر سے

ہم سب کی لغزشوں کو بھی قدرت سمجھتی ہے
لیکن ہے چشم پوش کہ پوشیدہ رکھتی ہے

رکھتی ہے تہہ کی چیزوں سے پوری طرح خبر
قدرت کے نظم میں ہے حکومت بھی خوب تر

کرتی ہے عفو کوئی بھی گر سرکشی کرے
گر بندگی کرے تو عوض شکریہ سے دے

مدِنظر ہے فیصلوں میں عدل و منصفی
قدرت ہمیشہ سے ہے، رہے گی ہمیشہ بھی

معبود کی نظیر نہ کوئی بھی چیز تھی
بے مثل ویسی کوئی نہ ہوگی کہیں بھی

ہر شئے سے پہلے نیز وہ ہر شئے کے بعد ہے
عزت سے ہر طرح ہے معزز، وہ سعد ہے

قوت سے ہر طرح متمکن وجود ہے
یعنی قوی وہ پوری طرح بے قیود ہے

مفہوم میں بزرگی علوی معین ہے
یہ وجہ ہو گئی کہ مقدس ترین ہے

زینت ہے برتری بھی کہ فردِ فرید ہے
جس کے سبب سے وہ متکبر وحید ہے

مخلوق کی نہ چشم کوئی دیکھ بھی سکے
ممکن نہیں محیط کسی کی نظر رہے

وہ ہے قوی، مطیع، سمیع و بصیر بھی
تعریف کر رہے ہیں رؤف و رحیم کی

یوں ہے قوی کہ کوئی قوی تر نہیں حضور
یوں ہے مطیع جس کی بلندی پہونچ سے دُور

توصیف کرنے کے متمنی کو عجز ہے
ہوتی ہے منھ میں وصف کنندہ کی گنگ لے

بے حد بھی گر کہیں تو نہ وسعت سمجھ سکیں
معبود کے لیے صفتیں کس قدر کہیں

جو لوگ مدعی ہیں کہ رکھتے ہیں معرفت
تعریف سے حقیقی ہیں گم گشتہ منزلت

نزدیک ہو کے بھی وہ بہت دور سب سے ہے
ہوتے ہوئے بھی دور وہ نزدیک سب کے ہے

قدرت ہی تو وہ ہے کہ جو لبیک کہتی ہے
موجود فرد فرد کی دعوت پہ رہتی ہے

دیتی ہے رزق بلکہ ضرورت سے بھی فزوں
بخشش پہ پھر مَیں مدحتِ قدرت نہ کیوں کروں

لطفِ خفی ہے یعنی مروت چُھپی ہوئی
شوکت قوی کہیں وہی قدرت بنی ہوئی

رحمت وسیع جس کی ہے قدرت وہی تو ہے
تکلیف دہ غضب و عقوبت وہی تو ہے

رحمت ہے جس کی جنتِ دلکش وہی تو ہے
جنت بھی لمبی چوڑی بہت ہی بڑی جو ہے

ہستی وہی ہے جس کی عقوبت بھی سخت ہے
دوزخ وسیع مہلکہ خیز و کرخت ہے

ہستی مری مُصدقِ بعثت میں سرورق
تصدیق مَیں نے کی، ہیں محمدؐ رسولِ حق

معبود کے وہ عبد، نبیِ جلیل ہیں
صفوت شرف نجیبہ حبیب و خلیل ہیں

وہ بہترین عہد میں مبعوث تھے مگر
سب کی تھی کفر و بے عملی پر گزر بسر

بندوں پہ رحم کر کے ترقی مزید دی
جو مِنّت و کرم سے ہوئی پوری کل کمی

یعنی کہ ختم کر کے نبوت حبیبؐ پر
مستحکم و عمیم کی حجت بھی سُر بہ سُر

حضرت نے بھی نہ وعظ و نصیحت میں کی کمی
بھرپور بلکہ پوری طرح جدوجہد کی

مومن کو تھے رؤف، رضی و ذکی سخی
ہمدرد، برگزیدہ، ولی دل پسند بھی

رب تو غفور بھی ہے رحیم و قریب بھی
رب ہی حکیم بھی ہے وہی ہے مجیب بھی

حضرت پہ رب کی رحمت و تسلیم بھی مزید
تعظیم بھی ہے برکت تکریم بھی مزید

موجود جو گروہ ہے سن لے وہ غور سے
میرے ذریعہ وعظ ہے یہ پورے طور سے

دیکھو وصیتیں ہیں یہ ربِّ قدیم کی
سنّت ہے تم پہ پیش رسولِ کریمؐ کی

تم سب و نیز میرے لیے بھی قبول ہیں
دفتر ہیں موعظت کے نصیحت کے پھول ہیں

تم پر ہے فرض تم میں وہ موجود ڈر رہے
جس سے سکون دل کو میسّر ہو گر رہے

مخفی ہو خوف دل میں کہ جس کے وجود سے
بہہ نکلے سیلِ چشم مسلسل جمود سے

بوسیدگی کے دن سے بھی پہلے ہی کر دے جو
محفوظ مہلکوں سے، تقیہ وہ دل میں ہو

موجود ہو وہ خوف کہ جو خود ہی سوز سے
بے فکر کر دے قلب کو محشر کے روز سے

گر نیکیوں میں وزن ہو، ہلکی رہے بدی
ہو گی نصیب عیش و مسرت کی زندگی

مذکورہ صورتوں کی ضرورت تمہیں کو ہے
رب کے حضور عرض و تملق یونہی تو ہے

ہے تم پہ یہ بھی فرض خشوع و خضوع ہو
شرمندگی و ذلت و توبہ رجوع ہو

موقع ملے کبھی تو غنیمت سمجھ سنور
پہلے مرض کے ہونے سے صحت کی قدر کر

پیری کی پیر ہونے سے پہلے ہو منزلت
دولت کی قدر قبلِ فقیری ہے مصلحت

مشغولیت سے قبل کی فرصت پہ ہو نظر
پہلے سفر کے قدر کی بے شک ہے شئے حضر

مرنے سے پہلے یہ بھی ضروری ہے عقل سے
ہر شخص زندگی کی حقیقت سمجھ لے

معلوم بھی نہیں کہ ہوئے کتنے ہی ضعیف
کتنے مریض ہو گئے کتنے ہوئے نحیف

جن کی یہ کیفیت ہوئی ہو گی کہ خود طبیب
لکھ لکھ کے نسخے تھکنے لگے ہوں گے بد نصیب

پرہیز جن سے کرنے لگے ہوں گے کل حبیب
عمریں بھی جن کی ہونے لگیں ختم کے قریب

خود عقل و فہم موڑ چکے ہوں گے جن سے منہ
صورت سے لوگ کہہ رہے ہوں گے پٹے تھے منہ

مدقوق جسم ہو گئے کمزور کچھ مزید
ہو گی شروع نزع کی کیفیت شدید

موجود ہوں گے لوگ بھی نزدیک و دور کے
دیدے ٹھہر کے دیکھ رہے ہوں گے گھور کے

ہو گی جبیں پسینہ سے تر ناک کج کشید
گر کچھ سکوں ملے تو فقط چیخ میں شدید

محسوس ہوں گے نفس میں رنج و غم و خطر
بیوی تو روتی پیٹتی ہو گی بہ چشم تر

تربت درست ہو رہی ہو گی وہیں کہیں
بچے یتیم ہو رہے ہوں گے کہیں کہیں

مرغوب ہو گی تفرقہ بندی عزیزوں میں
تقسیم ہو گی ترکہ کی دولت قریبوں میں

میت تو چشم و گوش سے خود ہوگی بے خبر
ہوں گے درست جسم کے حصے بھی کھینچ کر

کپڑے بدن سے دور کریں گے کہیں پہ لوگ
یونہی برہنہ غسل بھی دیں گے وہیں پہ لوگ

دھونے کے بعد خشک کریں گے وہ پونچھ کر
میت کو پھر کفن میں لپیٹیں گے سر بہ سر

پہلے کریں گے ٹھڈی کی بندش درست سب
دے کر قمیض پگڑی لپیٹیں گے سر پہ تب

تسلیم کر کے بعدۂ رخصت کریں گے یوں
رکھ دیں گے کوئی تختہ پہ میت کو پرسکوں

ہوں گے کھڑے فریضہ میں تکبیر کہہ کے جب
حق سے بغیر سجدہ سبکدوں ہوں گے سب

معبود کے حضور میں بخشش کی غرض ہے
یوں مغفرت کریں گے طلب جیسے فرض ہے

گھر جو کئے گئے تھے مزیّن کبھی بہ شوق
مضبوط و سربلند محل قصر جو تھے نوق

بس ہوں گے منتقل وہ چھٹیں گے یہیں سبھی
لے کر چلیں گے پھر تو ملے گی لحد - بنی

کر دیں گے پھر سپرد لحد وہ لئے ہوئے
پہلے سے جو درست ہیں گڈھے کئے ہوئے

ترتیب سنگ وخشت ہی سے دیں گے چھت کی شکل
مٹی سے یوں بھریں گے نہ ہو پھر کسی کو دخل

سمجھیں گے یوں حضوریِ معبود مل گئی
کر دیں گے سہو محو بھی میت کو جلد ہی

ہم مشرت و عزیز و قریب و محبّ سبھی
کر لیں گے دوسروں سے بہت جلد دوستی

میّت غریب بیکسی کے گھر میں قید ہو
بلکہ شکم میں قبر کے لقمہ ہو صید ہو

یہ کیفیت ہے رینگتے ہیں کیڑے جسم پر
نتھنوں سے بہہ رہی ہے رطوبت بھی سر بہ سر

کرتے ہیں گوشت پوست کو چھلنی جو کیڑے ہیں
بوسیدہ کر کے ہڈیوں کو خون پیتے ہیں

محشر تلک رہے گی یہ صورت تو قبر میں
ہوں گے بوقت صور طلب حشر و نشر میں

وہ وقت ہی یہی کہ ہو قبروں کی جستجو
مخفی خزینے سینوں کے ہوں پیش رُوبرو

ہوں گے طلب رسولؐ بھی صدیق بھی سبھی
محشر میں سب شہید طلب ہوں گے جس گھڑی

رب کی طرف سے، جو کہ خبیر و بصیر ہے
بندوں کے ہوں گے فیصلے وہ وقت گیر ہے

ہر شے سے مطلع ہے ہو چھوٹی بڑی کہیں
وہ ہے ملکِ عظیم تو پیش نظر وہیں

پر ہول روز حشر کے موقف میں ویدنی
شیون بلند زندگی کش ہوں گے کتنے ہی

کتنی دبی ہوئی ہیں نہ معلوم حسرتیں
پوری وہ ہوں گی ہو کے کھڑی کل صعوبتیں

یعنی کہ ظلم پیشہ وروں سے دبے ہوئے
مظلوم کو ملیں گے جو حق ہیں چھنے ہوئے

ہوں گے گلے گلے جو پسینہ میں غرق سب
وہ وقت بس عجیب ہے پر ہول و پر غضب

ہر سمت سے لیے ہوئے نرغے میں گھیر کر
دوزخ کے ہوں گے شعلے ہی شعلے شدید تر

منہ کی جھڑی ہو دیدہ حسرت سے مستقل
رحمت کے در نہ پھر بھی کھلیں سب رہیں خجل

بے سود ہوں گی چیخیں تو مردود کل دلیل
جب جرم حد کو پہونچے ہوئے ہوں گے سب ذلیل

دفترِ عمل کے رکھے ہوئے ہوں گے سب کھلے
پیشِ نظر جو ہوں گے عمل کل کے کل بُرے

ہو گی نظر کی لغزشوں پہ چشم ہی شہید
خود دست ہی کہیں گے کئے ہیں ستم شدید

دیں گے قدم ثبوت چلن تھے غلط سبھی
بولیں گے مخفی جسم کے حصے جو کی بدی

کہہ دے گی جلد جسم کی جو پیش و پس ہوئے
یعنی کہ غیر محرموں سے کیسے مس ہوئے

جب ختم ہو گی حشر میں حجت و بحث سب
گردن میں طوق و دست بہ زنجیر ہے غضب

تکلیف و کرب و شدت و ذلت سے کھینچ کے
لے کر چلیں گے سوئے جہنم گھسیٹتے

دوزخ کے پھر سُپرد کریں گے شریر کو
رکھیں گے یوں ہمیشہ معذب حقیر کو

پینے کو خون و پیپ ہی ملنے کی وجہ سے
معلوم ہو گی جھلسی ہوئی شکل دیکھ کے

گل کر گریں گے چڑے بھی بوسیدہ جسم کے
ہر دم فرشتے پیٹیں گے لوہے کے گرز سے

گرتی رہے گی جلد بدن جل کے روز و شب
بنتی رہے گی جلد نئی دوسری بھی تب

ہر وقت رونے پیٹنے سے بد نصیب کے
منھ پھیرے ہوں گے سب ہی فرشتے قریب کے

یوں ہی غرض کہ مدتوں گزرے گی کیفیت
شرمندگی و چیخ و صعوبت کی کیفیت

فتنوں سے مفسدوں کے تو شر سے شریر کے
مطلوب حفظ ہے ہمیں ربِّ قدیر سے

خوش ہو کے جن سے جیسی کہ مقبولیت ہے دی
کچھ مغفرت کے ہم متمنی ہیں ویسے ہی

ہر مسئلہ میں مطلب و مقصود کی کفیل
ہستی وہی تو ہے جو ہے **مطلق** ولی جلیل

معبود کی عقوبتوں سے جو بھی بچ گئے
بس یوں سمجھئے نیک چلن سے ہی بچ گئے

پہونچیں گے خلد عزتِ معبود کے سبب
ٹھہریں گے پھر ہمیشہ ہمیشہ وہ روز و شب

مضبوط و سر بلند محل میں رہیں گے **لوگ**
حوریں ملیں گی خلد کی عشرت کریں گے **لوگ**

نوکر وہیں پہ ہوں گے جو خدمت کریں گے سب
گردش میں مے بھی شیشہ وخم بھی رہیں گے سب

ہوں گے مقیم جبکہ مقدس جگہ ملے
کروٹ بدلتے نعمتوں میں ہوں گے کھیلتے

تسنیم و سلسبیل پئیں گے سکون سے
خوشبو بھی گھونٹ گھونٹ میں جس کی بسی رہے

چیزوں کی ملکیت میں رہے گی ہمیشگی
ہو گی سرور و کیف کی حس بھی بہت قوی

مے نوش پیتے ہوں گے چمن میں ہرے بھرے
رندوں کو دردِ سر نہ تو زحمت کوئی رہے

یہ منزلت ہے **لوگوں** کی جو رب سے ڈرتے ہیں
جو معصیت سے نفس کی پرہیز کرتے ہیں

جو سرکشیِ نفس کے خطرے میں رہتے ہیں
وہ **لوگ** جبر و ضبط کی تکلیف سہتے ہیں

وہ منکرینِ حق جو مُذر معصیت میں ہیں
ڈوبے فریبِ نفق کی مشغولیت میں ہیں

ہر طرح سے ہیں رب کی عقوبت کے مستحق
بے شک وہی ہیں قہر مشیت کے مستحق

موجودہ کیفیت میں ہے یہ فیصلہ درست
ہے حکمِ معتدل بھی یہی ہر جہت سے چست

قصہ بھی بہترین نصیحت بھی ہے کھری
تنزیل ہے جو ربِ حکیم و حمید ...... کی

جو قلبِ محترم کو رسولؐ رشید کے
پہلے سپرد کر دیئے ہیں جبرئیل نے

وہ مرسلینِ نیک و مکرم جو ہیں سفیر!
ہر دم درود بھیجتے حضرتؐ پہ ہیں کثیر!

بچنے کو شر سے دشمنِ ملعوں رجیم کے
ہم ملتجی مدد کے ہیں ربِ علیم سے

معبود تو حکیم و رحیم و کریم ہے
محفوظ شر سے رکھنے میں بیشک عظیم ہے

تم میں جو ہیں تضرع کنندہ وہ سب کے سب
کرتے رہیں تضرع ہمیشہ وہ پیشِ رب

جو لوگ گریہ کن ہیں وہ گریہ کریں شدید
گریہ میں سب سے سب رہیں مشغول کچھ مزید

ہر شخص تم میں جس پہ ہے تنزیلِ فضلِ رب
خود، نیز میرے حق میں کرے مغفرت طلب

معبود کی مرے جو ہے، ہستی بہت جلیل
ہر طرح سے ہے میرے لیے بس وہی کفیل

حضرت علیؑ نے ختم کی تقریر بے بدل
کوزے میں بند جیسے سمندر ہو برمحل

بے شک علیؑ دلیر و جری حق کے شیر ہیں
رستم سے بھی قوی جو ہیں سب زیر زیر ہیں

بے مثل سیف میں تو قلم میں ہیں بے بدل
مخلوقِ رب کی مشکلیں کرتے یہیں ہیں حل

کوشش تو حیثیت سے فزوں ہے حقیر کی
ہے ملتجی قبول ہو خدمت فقیر کی

جز ترِ ظہورِ حضرتِ حجت کے بعد پھر
خطبہ سنیں گے یونہی رہیں دل سے منتظر

سوانح عمری

مولفِ نہج البلاغہ سید رضیؒ

نام : محمد

کنیت : ابو الحسن

لقب : ''شریف رضی'' اور ''ذو الحسین''

خطاب : نقیب

والد : حسین ابن احمد، جو اہم شخصیت تھے اور منصب نقابت پر فائز تھے۔

والدہ : فاطمہ بند علوی۔ جو بڑی پاکیزہ خاتون تھیں۔ ان کے والد بہت محترم شخص تھے جو ''داعی صغیر'' کے نام سے مشہور تھے۔ شیخ مفید نے اپنی کتاب ''احکام النسا'' اسی خاتون سے انتساب کیا ہے۔

شجرہ : والد کی جانب سے پانچویں پشت میں امام موسیٰ کاظمؑ سے ملتا ہے۔
سید رضی ابن حسین ابن احمد ابن محمد ابن موسی ابن ابراہیم ابن موسیٰ کاظمؑ
والدہ کی جانب سے چھٹی پشت میں امام زین العابدینؑ سے ملتا ہے

فاطمہ بنت حسین علوی ابن حسن ابن علی ابن حسن ابن علی ابن عمر ابن علی ابن الحسینؑ
چنانچہ سید رضی والد کی جانب سے موسوی اور ماں کی جانب سے حسینی یعنی اولاد امام حسینؑ سے ہیں۔

ولادت : 359 ہجری

مقام : بغداد

وفات : 6 محرم 406 ہجری

عمر : 47 سال

مدفن : حرم امام حسینؑ

برادر : سید مرتضیٰ، چار سال بڑے تھے۔ بغداد میں پیدا ہوئے اور یہیں دفن ہیں۔ **ولادت** 335 ہجری میں اور **وفات** 436 ہجری میں ہوئی۔ یہ بھی شیخ مفید کے شاگرد تھے سید مرتضیٰ بڑے دانش مند، فقی، شاعر، فلسوف اور کئی کتابوں کے مصنف تھے۔ ان کی کتابیں اور شعری مجموعے جو کئی جلدوں میں مشتمل ہے آج بھی عربی دنیا میں بڑی قدر ومنزلت کے حامل ہیں۔ آپ کے کئی شاگرد مشہور ہوئے ہیں جن میں ''شیخ طوسی'' **قابل** ذکر ہیں۔

تعلیم وتربیت اور اساتذہ:

1۔ مجتہد اعظم شیخ مفیدؒ سے عقائد اور مذہب کی تعلیم حاصل کی۔
2۔ ابو سعید حسین ابن عبد اللہ سے ادبیات کی تعلیم حاصل کی۔
3۔ علی بن عیسی ربعی اور

4۔ عثمان بن جنی سے قرآن اور احادیث کے علاوہ فلسفہ اور ادبیات کی تعلیم حاصل کی۔

5۔ موسیٰ ابن خارزمی،

6۔ ابو اسحاق ابراہیم ابن احمد طبری اور

7۔ ابوعبداللہ مرزبانی سے فقہ، حدیث، تاریخ اور ادبیات پڑھا

8۔ ہارون بن موسیٰ تلعبکری اور

9۔ ابن نباۃ سے بھی استفادہ کیا۔

چناں چہ دس سال کی عمر میں شاعری شروع کی اور ایک عمدہ قصیدہ اپنے والد کو ان کی خدمات کے عوض پیش کیا۔ تقریباً بیس (20) سال کی عمر میں سید رضی کا شمار اکابر علماء میں ہونے لگا۔ اکیس (21) برس میں نقیب خاندان ابو طالبؑ اور امیر امور حجاج بنائے گئے۔ ان کی علمی منزلت سے متاثر ہوکر کئی علماء ان کے شاگرد بن گئے۔

شاگرد:

علامہ امینی نے ''الغدیر'' اور مرزا حسین نوری نے ''مستدرک وسائل'' میں سید رضی کے شاگردوں میں سے چند شاگردوں کے نام دیئے ہیں جو مشاہیر علماء کی صف میں شمار کئے گئے۔

1۔ شیخ ابو عبداللہ محمد بن علی حلوانی

2۔ شیخ جعفر بن محمد درویشی

3۔ احمد بن علی بن قدامہ

4۔ ابومنصور محمد بن ابی نصر

5۔ سید ابوالحسن علی بن بندار

6۔ مفید عبدالرحمٰن بن احمد

حکمرانوں سے تعلق:

سید رضی اپنے علمی، ثقافتی، خاندانی، سیاسی حیثیت کے علاوہ ذاتی اخلاقی اور مذہبی مقام کی بلندی کے حامل تھے چناں چہ بنی عباسی خلیفہ بغداد، بنی فاطمی خلیفہ مصر اور شام کے حکمران ان سے اپنا رابطہ مستحکم رکھتے تھے اور ان کی رہنمائی سے اپنے اختلافی مسائل حل کرتے تھے جب خلیفہ بغداد نے فاطمی خلیفہ مصر کے خلاف دستاویز پر دستخط کرنے کو کہا تو سید رضی نے انکار کر دیا چناں چہ کچھ مدت کے لیے ان کے منصب اور خطاب کو چھین لیا گیا لیکن جلد ہی خلیفہ کو اپنی غلطی کا احساس ہوگیا اور پھر منصب اور جاگیر واپس کی گئی۔

حالات زندگی:

سید رضی کی سوانح عمری مفصل طور پر مکمل کتاب کی صورت میں اور اجمالی طور پر کئی کتابوں میں نظر آتی ہے۔

شیخ ذکی مبارک نے ایک پوری کتاب ''عبقریۃ الرضی'' حالات زندگی پر لکھی۔

شیخ محمد رضا کاشف الغطاء نے بھی ایک کامل کتاب سید رضی کی حیات پر تحریر کی۔

علامہ شیخ عبدالحسین حلی نے سید رضی کی حیات اور تجلیات زندگی کا ذکر اپنی تفسیر کی جلد پنجم میں کیا۔

علامہ ثعالبی نے کتاب ''الیتیمۃ'' میں ابن جوزی نے ''المنتظم'' میں ابن ابی زید نے شرح نہج البلاغہ میں اور باخرزی نے کتاب ''دمیۃ القصر'' میں عمدگی کے ساتھ سید رضی کی حیات، ممات کے ساتھ ساتھ ان کی علمی قدرت، شاعری اور نہج البلاغہ پر گفتگو کی ہے۔

تخلیقات، تصنیفات اور تالیفات

نہج البلاغہ کے انگریزی مترجم جناب سید محمد عسکری جعفری نے آپ کی کتابوں کی تعداد چالیس (40) سے زیادہ بتائی ہے۔ عبدالملک ثعالبی جو آپ کا ہم عصر تھا اُس نے آپ کے شعری مجموعہ کی تعداد (چار) جلد بتائی ہے۔ کچھ کتابیں جو دست بُرد زمانہ سے محفوظ رہ گئیں یہاں درج کی جاتی ہیں۔

1۔ خصائص الائمۃ علیہم السلام - سید رضی نے اس کتاب میں خطبات اور سخنان علی کا ذکر کیا ہے۔ نہج البلاغہ میں بھی اس کتاب کا ذکر کیا ہے۔ اس کتاب کا ایک مخطوطہ رامپور لائبریری میں امتیاز علی خان عرشی نے دریافت کیا اور کچھ سال پہلے یہ کتاب قم میں شائع ہو چکی ہے۔

2۔ مجازات القرآن

3۔ حقائق التاویل و دقایق التنزیل

4۔ تعلیقہ بر ایضاح ابوعلی فارسی کتاب قواعد عربی اور دستور زبان عربی

5۔ مجازات آثار النبویہ

6۔ تعلیق خلاف الفقہا

7۔ الجید من شعر ابن حجاج

8۔ نامہ ھای علمی۔ مکتوبات با ابو اسحاق صابی (تین جلدوں میں)

9۔ مختار شعر ابی اسحاق صابی (انتخاب شعر صابی)

10۔ الزیادات فی شعر ابی تمام

11۔ زندگی پدرش

12۔ نہج البلاغہ (جو قرآن مجید کے بعد دوسری مہم کتاب شمار کی جاتی ہے)

نہج البلاغہ کا مختصر جائزہ

1۔ نہج البلاغہ حضرت علیؑ کے خطبات، حکم نامے، خطوط، وصیتوں، دعاؤں اور اقوال ذرین کا مجموعہ ہے۔

2۔ نہج البلاغہ کو سید رضیؒ نے سن (400) ہجری میں تالیف کیا اور اس کا نام رکھا۔

3۔ سید رضی پہلے شخص ہیں جنہوں نے حضرت علیؑ کے خطبوں کو نہج البلاغہ کے عنوان سے شائع کیا اگرچہ ان سے پہلے اسّی (80) سے زیادہ کتابوں میں حضرت علیؑ کے خطبات اور خطوط کا سراغ ملتا ہے۔ ہم نے اس کتاب میں جدول کے ذریعہ کتاب اور صاحب کتاب کے متعلقات کا ذکر کیا ہے۔

4۔ سید رضی کے مرتب شدہ نہج البلاغہ میں (249) خطبات، (79) خطوط، حکم نامے وصایا اور دعاؤں کے علاوہ (475) سے زیادہ اقوال زریں مولف کے ایک عمدہ مقدمہ کے ساتھ موجود ہیں۔

5۔ مسعودی جو سید رضی سے تقریباً سو سال قبل انتقال کر چکے تھے اپنی کتاب ''مروج الذہب'' میں حضرت علیؑ کے خطبات جو عوام کی دسترس میں ہیں ان کی تعداد (480) سے زیادہ بتلاتے ہیں۔ یعنی ایک سو سال میں دست بُرد زمانے کی

ستم ظریفی سے آدھے سے زیادہ خطبات تلف ہو چکے تھے۔ اس بات کا ذکر بھی خارج از محل نہیں کہ سید رضی نے نہج البلاغہ مرتب کرنے کے چھ سال بعد ہی جوانی میں انتقال کیا اگر کچھ سال اور جیتے تو شاید دوسری کتابوں سے خطبات علیحدہ کر کے تعداد میں اضافہ کرتے۔ (ہوالعلم) سبط بن جوزی ''تذکرہ الخواص'' صفحہ (128) میں لکھتے ہیں کہ سید مرتضٰی برادر سید رضی نے کہا۔ ''چار سو خطبات حضرت علیؑ میرے پاس موجود ہیں۔'' ابن واضح ''مشاکلۃ'' الناس لزمانھم'' صفحہ (15) میں لکھتے ہیں ''لوگ حضرت علیؑ کے خطبوں کو حفظ کر لئے ہیں ان خطبوں کی تعداد (400) سے زیادہ ہے۔''

6۔ جناب علی دوانی ''نگاہ کوتاہ بہ زندگانی پر افتخار سید رضی'' میں لکھتے ہیں۔ آج تک نہج البلاغہ کے (350) سے زیادہ تراجمے اور تفاسیر لکھے جا چکے ہیں اور اکثر یہ عربی میں ہیں ان میں تین شرحیں معروف اور مشہور رہیں۔

1۔ شرح نہج البلاغہ قطب الدین راوندی۔ متوفی 573 ہجری

2۔ شرح نہج البلاغہ کمال الدین ابن میثم بحرانی۔ متوفی 679 ہجری

3۔ شرح نہج البلاغہ ابن ابی الحدید۔ متوفی 656 ہجری

فارسی شرحوں میں شرح نہج البلاغہ سید تقی فیض الاسلام، بخنان علی علیہ السام مرحوم جواد فاضل، اُردو میں مفتی جعفر حسین قبلہ، مولانا ذیشان حیدر قبلہ، مولانا فاضل لکھنوی کے علاوہ انگریزی میں سید محمد عسکری جعفری کے تراجمے اور تفاسیر برصغیر میں مقبول ہوئے۔ آقای منزوی فہرست کتاب خانہ مرحوم مشکوۃ میں لکھتے ہیں کتابیں جو نہج البلاغہ کے ذیل میں لکھی گئیں ان کی تعداد (204) ہے جس میں سے (100) کتابیں سن ایک ہزار ہجری سے قبل کی ہیں۔ (43) کتابیں 1300 ہجری تک اور

61 کتابیں اس بیسوی صدی میں لکھی گئی ہیں۔

7۔ حضرت علیؑ کے خطبات کو جمع کرنے میں ذیل کے کتب خانہ مددگار ثابت ہوئے۔

1۔ ''دارالعلم'' یہ کتاب خانہ سید رضی کے بڑے بھائی سید مرتضٰی علم الہدی کا تھا۔ جس میں اسی ہزار (80,000) کتابیں تھیں۔

(نہج البلاغہ، جلد اول، محمد جعفر امامی صفحہ 16)

2۔ ''بیت الحکم'' جسے ابونصر شاپور وزیر بھاء الدولہ دیلمی نے محلّہ کرخ بغداد میں قائم کیا گیا جس میں دس ہزار سے زیادہ قلمی مخطوطات تھے۔

(نہج البلاغہ، جلد اول محمد جعفر امامی صفحہ 16)

8۔ ذیل کی جدول میں شارحین اور مبصرین کے نام دیئے گئے ہیں۔

جدول

نمبر	نام	وفات	کتاب	مدفن	دور	ملاحظات
1	حارث اعور ہمدانی				اصحاب علیؑ	سب سے پہلے اس کا ذکر کلینی نے ''اصول کافی'' میں کیا اور خطبات کو جمع کیا۔
2	ابو سلیمان زید ابن وہب جہنی	90ھ			اصحاب علیؑ	اس کا ذکر شیخ طوسی نے فہرست میں کیا اور ابو منصور سے راویت کی ہے اسکا ذکر نجاشی نے رجال میں بھی کیا ہے
3	ابراہیم ابن ظہیر فزاری	177ھ	کتاب خطب			
4	ابراہیم بن محمد ثقفی	283ھ	الغارات			
5	ابو اسحاق ابراہیم بن سلیمان		کتاب خطب			شیخ طوسی فہرست اور نجاشی نے رجال میں روایت کی ہے
6	اسماعیل بن مہران	148ھ	کتاب خطب امیر المومنینؑ		صحابی امام رضاؑ	شیخ طوسی فہرست اور نجاشی نے رجال میں روایت کی ہے
7	اصبغ بن نباتہ حنظلی		عہدنامہ ملک اشتر اور وصیت علیؑ محمد بن حنفیہ کو روایت کرتے ہیں		صحابی امام علیؑ	شیخ طوسی فہرست اور نجاشی نے رجال میں روایت کی ہے
8	قاسم بن یحییٰ		آداب امیر المومنین		صحابی امام حسنؑ	شیخ طوسی نے فہرست میں روایت کی ہے
9	ابو مخنف لوط بن یحییٰ ازدی	157ھ	خطب علیؑ			شیخ طوسی نے فہرست میں روایت کی ہے/ ابن ندیم نے فہرست میں ذکر کیا ہے۔
10	عبید اللہ بن حر جعفی				صحابی امام حسنؑ	نجاشی نے رجال میں بخاری سے روایت کی ہے
11	مصعہ بن صوحان عبدی		عہدنامہ مالک اشتر کی روایت		صحابی امام علیؑ	
12	ابو احمد عبد العزیز جلودی	332ھ	خطبہ علیؑ	الجمل		نجاشی نے رجال میں روایت کی ہے

نمبر	نام	وفات	کتاب	مدفن	دور	ملاحظات
12	ابو احمد عبدالعزیز جلودی	332ھ	خطبہ علیؑ	الجمل		نجاشی نے رجال میں روایت کی ہے
13	حسین بن عبیداللہ بن ابراہیم	411ھ	مواطن امیر المومنینؑ			نجاشی نے رجال میں روایت کی ہے
14	عبدالعظیم بن عبداللہ رضی		خطب امام علیؑ	شہرری	صحابی امام رضاؑ	
15	محمد خالد برقی	274ھ	المحاسن والآداب			نجاشی نے رجال میں روایت کی ہے
16	ہشام بن محمد کلبی	204ھ	''الحلف''		صحابی امام جعفر صادقؑ	سید رضی نے عہد نامہ مالک اشتر کو ان کی کتاب سے نقل کیا ہے
17	ابوالفضل نصر بن مزاحم	202ھ	الصفین، الجروان، خطب علیؑ			ابن ندیم نے روایت کی ہے
18	ابوالخیر بن ابی حماد رازی	214ھ	خطب امیر المومنینؑ		صحابی امام تقیؑ	ذریعۂ میں ذکر موجود ہے
19	ابوروح فرج بن فروہ				صحابی امام جعفر صادقؑ	سید علی طاوس نے لکھا یہ کتاب (200) ہجری کے بعد لکھی گئی، اس کا ذکر ذریعہ میں ہے
20	معدۃ بن صدقہ		خطب امیر المومنینؑ		صحابی امام جعفر صادقؑ	منتھی المقال میں اس کا ذکر ہے
21	ابوالحسن علی بن محمد مدائنی	225ھ	خطب علیؑ			ابن ندیم نے فہرست میں طوسی بھی اپنی فہرست میں اس کا ذکر کرتے ہیں۔
22	ابوعبداللہ محمد بن عمر	207ھ	کتاب الجمل خطب امام علیؑ	بغداد		سید رضی کے نہج البلاغہ میں اور ذریعہ میں بھی ذکر موجود ہے۔
23	محمد بن صفار اشعری قمی		ارشاد	قم		سفینۃ البحار میں ذکر موجود ہے۔

نمبر	نام	وفات	کتاب	مدفن	دور	ملاحظات
24	ابو بکر محمد بن حسن بصری	321ھ	امالی	بغداد		سفینہ میں ذکر موجود ہے۔
25	ابوالحسن علی بن حسین مسعودی	346ھ	مروج المذاہب	مصر		
26	ابوجعفر محمد بن یعقوب کلینی	329ھ	کافی، ایمان و کفر، کتاب حج، کتاب روضہ			
27	محمد بن علی بابویہ قمی	318ھ	معانی الاخبار کتاب توحید	شہر ری		
28	حسن بن شعبہ حرانی	چوتھی صدی	تحف العقول			
29	محمد بن جریر طبری	310ھ	تاریخ طبری	بغداد		
30	محمد بن محمد مفید	414ھ	اختصاص، ارشاد	بغداد		آپ سید رضی اور سید مرتضیٰ کے استاد تھے۔
31	احمد ابن واضح یعقوبی	278ھ	تاریخ یعقوبی			
32	عمرو بن بحر جاحظ	255ھ	البیان والتبیین	بصرہ		
33	محمد بن عبداللہ ابوجعفر اکافی	240ھ	مناقب امیر المومنین	بغداد		سید رضی نے نہج البلاغہ میں اس کتاب کاذکر کیا ہے
34	احمد بن محمد بن ابوعبید ھروی	401ھ	غریبین، عطاوی			
35	سعید بن یحییٰ اموی	249ھ	مغازی	بغداد		بخاری، مسلم، نسائی، نے روائتیں اخذ کی ہیں کشف الظنون لکھتے ہیں یہ کتاب گیارہویں ہجری تک موجود تھی
36	احمد بن یحییٰ نحوی	291ھ				سید رضی نے ان کی کتابوں کاذکر کیا ہے
37	قاسم بن سلام ھروی	224ھ	غریب الحدیث	مکہ		سید رضی نے نہج البلاغہ میں ان کا ذکر کیا ہے
38	محمد بن یزید مبرد	285ھ	کتاب المقتضب	بغداد		

نمبر	نام	وفات	کتاب	مدفن	دور	ملاحظات
39	محمود ابو القاسم بلخی	319ھ	انصاف			
40	محمد بن عبدالرحمٰن رازی		الانصاف	شہرری		
41	ابراہیم بن محمد بیہقی	225ھ	محاسن ومساوی		متوکل	متوکل نے شہید کیا
42	عبداللہ بن مسلم بن قتیبہ	276ھ	ادب الکاتب، امامت و سیاست، عیون الاخبار			
43	ابوعمرو ابن عبد	328ھ	العقد الفرید			
44	حسن بن عبداللہ عسکری	395ھ	اوائل کلمات			کلینی نے اس کا تذکرہ کیا ہے۔
45	علی بن حسین ابوالفرج اصفہانی	356ھ	اغانی			
46	ابوبکر باقلانی	403ھ	اعجاز القرآن			
47	محمد بن حبیب بغدادی	245ھ			متوکل	المجر میں اس کا ذکر ہے۔
48	ابونعیم اصفہانی	430ھ	حلیتہ الاولیا			
49	ابوعبداللہ نیشاپوری	405ھ	مستدرک			
50	ابوحیان توحیدی		کتاب بصائر			
51	ابوعبداللہ مرزبانی خراسانی	384ھ	موفق	بغداد		الکنی والالقاب میں اس کا ذکر ہے
52	احمد بن عبدالعزیز جوہری		سقیفہ			شیخ طوسی نے فہرست میں اور ابن ابی الحدید نے شرح نہج البلاغہ میں ذکر کیا ہے
53	احمد بن محمد بن مسکویہ	421ھ	تجارب الامم	اصفہان		

نمبر	نام	وفات	کتاب	مدفن	دور	ملاحظات
54	ابوجعفر بلاذری	279ھ	انساب الاشراف وفتوح البلدان		متوکل	
55	سلیم بن قیس ہلالی		اصل سلیم معروف		صحابی علیؑ ،حسنؑ اور حسینؑ تھے	
56	ابوحنیفہ دینوری	280ھ	اخبار الطوال			
57	ابوالقاسم زجاجی	239ھ	امالی	شام		
58	ابومنصور ثعالبی	429ھ	الاعجاز والایجاز			
59	محمد بن یوسف کندی	350ھ	ولاۃ	مصر		
60	محمد بن جریر بن رستم		رواۃ اہل بیت	طبرستان		نجاشی نے رجال میں ذکر کیا ہے۔
61	عبید اللہ بن احمد انباری		ادعیہ ائمۃ			
62	احمد بن ابی رافع کوفی		کشف + تاریخ ائمہ	بغداد		
63	اعثم کوفی	314ھ	فتوف			شیخ آقابزرگ تہرانی نے الذریعہ میں ذکر کیا ہے۔
64	حسین بن سعید اھوازی		کتاب نوادر			نجاشی نے رجال میں ذکر کیا ہے۔
65	ابوسعید آبی	422ھ	نزہتہ الادب فی المحاضرات			حاجی خلیفہ نے کشف الظنون چاپ 1939ء میں اس کا ذکر کیا ہے۔
66	علی بن محمد واسطی		عیون الحکم والمواعظ وذخیرۃ المتعظ والواعظ			
67	محمد بن احمد وشاء	325ھ	ظرف وظرفا			الکنی والالقاب میں اس کا ذکر ہے۔

نمبر	نام	وفات	کتاب	مدفن	دور	ملاحظات
68	قاضی نعمان مصری	363ھ				علامہ مجلسی نے مقدمہ بحار الانوار میں اس کا ذکر کیا ہے
69	علی بن ابراہیم قمی			قم		کلینی نے کافی میں ذکر کیا ہے
70	یزید بن عبد الملک نوفلی	167ھ	تحفۃ الاحباب و معرفۃ امامہ سید اولی الالباب	مدینہ		اس کا ایک نسخہ موزیم لندن میں موجود ہے
71	ابوجعفر محمد بن حسن طوسی	460ھ	الامالی			
72	سید مرتضیٰ		امالی			
73	ابو حیان علی بن محمد توحیدی	404ھ	البصائر			
74	ابن نباتہ	768ھ	شرح العیون	مصر		
75	محمد بن استر آبادی	1028	منہج المقال			
76	شیخ صدوق	381ھ	کتاب التوحید			
77	علامہ سعد الدین تفتازانی	791ھ	شاہراہ مقاصدہ			
78	ابوحمید عبدل ابن ابی الحدید	655ھ				
79	کمال الدین ابن محمد ابن شافعی	652ھ	مطالب سوال			
80	علاالدین خوشجی	875ھ	شرح التجرید			
81	مفتی شیخ عبدہ	1323ھ	مقدمہ نہج البلاغہ			
82	شیخ مصطفیٰ گالا		ارجانظھر			
83	استاد عبد الوہاب مصری	1951ء				

سوالات، اعتراضات اور ان کے جوابات

س: کیا نہج البلاغہ سے قبل یہ خطبات، حکمات، خطوط، وصیتیں، دعائیں اور زریں اقوال کسی کتاب میں موجود تھے۔

ج: سید رضی نے نہج البلاغہ کو 400ھ میں مرتب کیا لیکن کم از کم اسی (80) کتابوں میں جو 400ھ سے پہلے تصنیف اور تالیف ہوئیں حضرت علی کے خطبات اور اقوال نظر آتے ہیں۔ (ہماری اس کتاب میں جدول کے ذریعہ ان کی نشاندہی کی گئی ہے)

س: حضرت علی کے دور میں آواز محفوظ کرنے کے آلات نہ تھے۔ کس طرح حضرت علی کے خطبات اور کلمات من وعن محفوظ ہوئے۔

ج: حضرت علی کے دور میں چند صحابی تیز املا لکھنے میں ماہر تھے جو ان خطبات کو بڑی تیزی سے لکھتے تھے۔

1۔ ''اتقان المقال'' صفحہ (192) میں لکھا ہے (ترجمہ) ابن زید بن وہب جہنی جو حضرت علی کے صحابی تھے وہ حضرت علی کے خطبوں کو لکھ کر جمع کرتے تھے چناں چہ انہوں نے انہی خطبوں کی کتاب خطب امیر المومنین کے عنوان سے لکھی۔ یہ خطبے انہوں نے حضرت علی سے نماز جمعہ اور نماز

عیدین کے موقع پر جمع کئے تھے۔

2۔ ابن حارث اعور متوفی 65 ھجری نے بعض خطبات کو تقریر کرتے وقت لکھ کر محفوظ کیا تھا۔

3۔ مسعودی اپنی کتاب ''مروج الذھب'' میں لکھتے ہیں حضرت علی کے چار سو (400) سے زیادہ خطبات لوگوں کو زبانی یاد ہیں۔

4۔ کمیل بن زیاد، نوف بکالی، ضرار بن ضمرہ وغیرہ اصحاب حضرت علی آپ کے خطبوں کو حفظ کر کے لوگوں کو سناتے تھے اور لوگ انہیں کتابت کر کے محفوظ رکھتے تھے۔ چنانچہ سبط ابن جوزی اپنی کتاب ''تذکرہ الخواص'' میں سید مرتضی کے قول کو نقل کرتے ہیں کہ'' چار سو خطبات کتابوں میں محفوظ ہوئے اور پھر دوسری کتابوں میں منتقل ہوتے رہے اور اس طرح تیسری صدی کے اواخر میں سید رضی نے انہیں ترتیب دے کر نہج البلاغہ کا نام دیا۔

س: سید رضی نے خطبات علی کو کس طرح جمع کیا اور اب وہ کتابیں کہاں ہیں؟

ج: اگرچہ سید رضی نے نہج البلاغہ کے مقدمہ اور اپنی دوسری تصنیفات میں واضح طور پر کہا ہے کہ انہوں نے ان خطبات اور کلمات کو مستند کتابوں اور رسالوں سے اخذ کیا ہے اور ان کے من وعن نہج البلاغہ میں اُسی حالت اور ترتیب سے رکھا ہے جس طرح انہیں دستیاب ہوئے تھے چناں چہ نہج البلاغہ کے قاری کو ان مشکلات کا سامنا آج بھی کرنا پڑتا ہے اور بعض بے ربط جملوں سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ کچھ درمیانی تحریر موجود نہیں اس کے علاوہ بعض مقامات پر تکرار کا بھی گمان ہوتا ہے۔ یہ سید رضی کی امانت

داری اور ایمان داری تھی کہ انہوں نے کلام علیؑ میں اپنی طرف سے کچھ کمی اور زیادتی نہیں کی چناں چہ اس کا ثبوت آج بھی وہ چند پرانی کتابیں ہیں جن میں یہ مطالب بالکل اُسی طرح ہیں جیسے نہج البلاغ میں موجود ہیں۔

سید رضی کے مطالعہ اور جمع آوری کے لیے انہیں کئی بڑے کتاب خانوں تک رسائی تھی۔ ان کے بڑے بھائی سید مرتضٰی کا عظیم کتاب خانہ ''دار العلم'' اور بغداد کا مشہور کتاب خانہ ''بیت الحکم'' اور کئی نادر مخطوطات ان کی دسترس میں تھے جن میں غوطہ زن ہوکر سید رضی نے دُرِ دریائے نجف جمع کئے لیکن ہلاکو کے حملے نے ان کتاب خانوں کو جلا کر خاک کر دیا اور جو کچھ بھی کاغذات بچ گئے تھے ان کو جمع کر کے بھی خواجہ نصیر الدین طوسی نے ہزاروں کتابیں تیار کیں۔ یہی نہیں بلکہ مصر کا شاہی کتاب خانہ جس میں چار لاکھ سے زیادہ کتابیں تھیں صلاح الدین ایوبی کے حملہ کے دوران نیست و نابود ہوگئیں۔ لاکھوں کتابیں ''اندلس'' کے کتب خانہ کی عیسائیوں نے آگ کی نذر کر دیں۔ اور اس طرح اسلامی عربی کتابوں کی بڑی تعداد خاکستر ہوگئی۔

س: کن لوگوں نے نہج البلاغہ کو حضرت علیؑ کا کلام نہیں مانا؟

ج: اگر چہ بہت سے لوگوں نے قرآن مجید کو بھی خدا کا کلام نہیں مانا بلکہ اسے حضرت محمدؐ کا کلام جانا ایسے لوگ کسی عقلی اور منطقی دلیل سے قانع نہیں ہو سکتے چناں چہ کچھ افراد جن کی تعداد انگشت شمار ہے اسے سید رضی اور سید مرتضٰی کا کلام جانتے ہیں اور سب سے پہلے چھٹی صدی ہجری میں ابن خلکان متوفی 681 ہجری ''وفیات الاعیان'' میں سید مرتضٰی کے حالات

کے ذیل میں لکھتے ہیں۔

''لوگ ''نہج البلاغہ'' کے مرتب کرنے والے سے اختلاف کرتے ہیں کہ نہج البلاغہ حضرت علیؑ کا کلام ہے بلکہ یہ بھی اختلاف ہے کہ یہ سید رضی کا کلام ہے یا ان کے بھائی سید مرتضٰی کا کلام ہے۔ کہا جاتا ہے کہ نہج البلاغہ حضرت علیؑ کا کلام نہیں بلکہ اُسی شخص کا کلام ہے جس نے اُسے جمع کیا ہے۔'' واللہ اعلم

(استناد نہج البلاغہ۔ امتیاز علی عرشی)

یہاں ابن خلکان نے بڑی ہوشیاری اور مکاری سے شک کا بیج بویا جبکہ اُسی دور کے دوسرے عالموں نے تقریباً چالیس پچاس اُن کتابوں کی نشاندہی کی ہے جس میں حضرت علیؑ کے خطبات اور کلمات انہی کے نام سے منسوب تھے اور جو سید رضی سے پہلے اسلامی کتابوں میں موجود تھے۔ سید رضی سے قبل تقریباً اسی (80) سے زیادہ لوگوں نے خطبات، خطوط اور اقوال علیؑ کا ذکر بڑے شگفتہ طور پر کیا ہے۔ چناں چہ ابن خلکان کا شک خود اس لیے رد ہے کہ یہ خطبات پہلے سے تاریخ اسلام کی زینت بنے ہوئے تھے۔ دوسرے افراد جنہوں نے نہج البلاغہ کو حضرت علیؑ کا کلام ماننے سے انکار کیا اُن کی فہرست یہ ہے:-

ابن اثیر	متوفی 739 ہجری
علامہ ذہبی	متوفی 748 ہجری
صلاح الدین صفدی	متوفی 764 ہجری
علامہ یافعی	متوفی 768 ہجری
ابن العماد	متوفی 808 ہجری

ابن حجر عسقلانی متوفی 852 ہجری

طہٰ حسین اور ان کے شاگرد:-

بروکلمان آلمانی متوفی 1956ء

ماہر غالبیات محقق امتیاز علی خان عرشی نے ان افراد کے ادعا کو مہمل قرار دیتے ہوئے اپنی کتاب استناد نہج البلاغہ میں مختصر طور پر چھ دلیلوں سے یہ ثابت کیا ہے کہ نہج البلاغہ علمی، عقلی، منطقی، تاریخی، ادبی، ثقافتی اور تحقیقی نظریہ سے سوائے حضرت علیؑ کے کسی اور کا کلام ہو ہی نہیں سکتا۔ ہم اختصار کے ساتھ ان نکات کو یہاں بیان کر رہے ہیں۔

1۔ سید رضی نے اپنی دوسری کتابوں میں نہج البلاغہ کا تذکرہ کیا اور نہج البلاغہ میں اپنی دوسری کتابوں کا ذکر کیا ہے۔

2۔ نہج البلاغہ کے خطبات، حکمات، خطوط اور اقوال کا سبک رضی کے سبک سے جدا ہے یہ بلیغ سبک حضرت علیؑ کا سبک ہے۔

3۔ سید رضی سے پہلے مختلف کتابوں میں یہ خطبات اور کلمات اس بات کی گواہی دے رہے ہیں کہ یہ حضرت علیؑ کا کلام ہے۔

4۔ مختلف کتابوں اور رسالوں میں چوتھی صدی سے اب تک نہج البلاغہ مرتبہ سید رضی کے خطبات علیؑ کی سندیں نظر آتی ہیں۔

5۔ شارحین اور مفسرین نے نہج البلاغہ کو سخن علیؑ ہی جان کر آج تک اس کا ترجمہ اور تفسیر کیا ہے۔

6۔ کئی دوسری کتابوں میں کئی روایتوں میں نہج البلاغہ اور سید رضی کو سند کے طور نقل کیا گیا ہے۔

ابن ابی الحدید شرح نہج البلاغہ جلد اول صفحہ (69) پر لکھتے ہیں:

''میں نے اپنے استاد مصدق بن واسطی اور انہوں نے عبداللہ بن محمد سے روایت کی کہ جب میں نے اُس سے کہا خطبہ شقشقیہ سید رضی کی تحریر ہے تو اُس نے کہا سید رضی کہاں اور یہ خطبہ کا اسلوب کہاں۔ میں رضی کا سبک جانتا ہوں۔ خدا کی قسم میں اس خطبہ کو اُن کتابوں میں دیکھ چکا ہوں جو رضی سے دوسو سال قبل لکھی جا چکی تھیں۔''

س: بعض افراد نے یہ اعتراض بھی کیا ہے کہ نہج البلاغہ میں فصاحت، بلاغت کے علاوہ صنائع لفظی ومعنوی اور کلمات میں سجع کا استعمال ملتا ہے جبکہ یہ بعد کے دور کی پیداوار ہیں؟

ج: یہ بات سچ ہے کہ صدر اسلام کے دور میں قواعد، صنائع اور فصاحت و بلاغت کی کتاب تدوین نہیں ہوئی تھی لیکن یہ تمام اصحاب رسولؐ مانتے تھے کہ حضرت علیؑ کے مانند کوئی فصیح اور بلیغ خطیب بعد از رسولؐ سرزمین عرب پر موجود نہ تھا چناں چہ اس کا ہلکا سا رنگ ان کے کلام میں نظر آتا ہے۔ یہ بات بھی صحیح نہیں کہ فصاحت و بلاغت اور سجع اُس دور میں نہیں تھے۔ اگر قرآن مجید کی تلاوت کریں تو معلوم ہوگا اس میں فصاحت اور بلاغت کے دریا موجزن ہیں۔ اگر سجع کی شگفتگی دیکھنا ہو تو قرآن میں سورہ ''طور، نجم، قمر، الرحمٰن، واقعہ، اور ذاریات'' کی تلاوت کریں۔ اور یہی نہیں بلکہ احادیث رسولؐ میں بھی فصاحت، بلاغت اور دیگر صنائع فراوان ملیں گے۔ اسی لیے تو نہج البلاغہ کے بارے میں کہا جاتا ہے۔

''فوقِ کلامِ مخلوق و دونِ کلامِ خالق''یعنی مخلوق کے کلام سے بلند اور خالق کے کلام سے پست ہے۔

نہج البلاغہ کی عظمت کا اقرار غیر مسلم علماء تک کرتے ہیں۔مرحوم شہرستانی اپنی تصنیف ''تنزیہ التنزیہ''میں لکھتے ہیں کہ علی گڑھ یونی ورسٹی کی ایک ادبی محفل میں انگریز پروفیسر ادبیات عربی نے اعجاز قرآن کے سوال کے جواب میں کہا کہ قرآن کا ایک چھوٹا بھائی ہے جس کا نام نہج البلاغہ ہے اگر کسی میں ہمت اور قدرت ہے تو پہلے اس کا جواب لائیں تب ہم پھر قرآن کے جواب اور اس کی مثال کی بات کریں گے۔لبنانی عالم جرج جرداق اپنی کتاب نہج البلاغہ میں لکھتا ہے:

> ''علی نہج البلاغہ میں کبھی بجلی اور گرج، آسمان اور زمین کی پیدائش بیان کرتے ہیں کبھی تفصیل سے نیچر کی شگفتگی اور اسرار کو فاش کرتے ہیں۔کبھی تخلیق کے رموز خفاش، چیونٹی، مور اور ٹڈے کو سرنامۂ سخن کرتے ہیں اور اسی کے ساتھ لوگوں کے اخلاق اور کردار سازی کا درس دیتے ہیں کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے ایسی متنوع اور گوناگوں ہمہ جہت کارآمد اسلوب سخن جو نہج البلاغہ کی وجہ سے ادبیات عربی میں داخل ہو اس کی دوسری مثال موجود نہیں۔''

یہی نہیں بلکہ حضرت علی کے مخالفین بھی اس بات کو تسلیم کرتے تھے کہ نہج البلاغہ سے فصاحت، بلاغت کے ساتھ ساتھ اخلاق و کردار کی پاکیزگی، حقوق مردم، فرائض حکمران اور رموز بندگی سیکھے جاسکتے ہیں۔بنی

امیہ کے آخری خلیفہ مروان کا کاتب عبدالحمید جو بلاغت میں مشہور تھا حضرت علی کو طنزیہ اصلع (گنجہ) کہہ کر اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ اُس نے ستر (70) خطبات علی کے حفظ کر لئے تھے جس کی وجہ سے اس کا ذہن چمکا اور اس کی بلاغت کا چرچا ہوا۔

س: نہج البلاغہ کا اصلی مسودہ خطی جسے سید رضی نے لکھا تھا کہاں ہے؟

ج: اسلامی ممالک میں تعصبات کی وجہ سے کتب خانوں کی غارت گری کو اسلامی فریضہ سمجھا گیا چناں چہ کہیں پر بغداد میں کتب خانوں کو جلایا گیا تو کہیں کتابوں کو دریا میں بہا دیا گیا اور کہیں کتابوں سے حماموں میں پانی گرم کیا گیا چناں چہ ایسے حالات میں ایسی کتاب کا مخطوطہ اس وقت ہمارے درمیان نہ ہونا بڑے تعجب کی بات نہیں۔تاریخوں سے پتہ چلتا ہے کہ سید رضی کے ہاتھ کا لکھا ہوا مخطوطہ ابن ابی الحدید متوفی اور میثم ابن علی متوفی (679ھ) تک موجود تھا لیکن اب اس کا پتہ نہیں شاید آج بھی کسی غربی لائبریری کی الماریوں میں پوشیدہ ہو۔(اللہ ھو العالم)

نہج البلاغہ کے دوسرے قدیم نسخوں میں چند آج بھی موجود ہیں۔

ا۔ علامہ امینی نے مخطوطہ 544ہجری کو کتاب خانہ امام رضاؑ میں دیکھا ہے۔

ب۔ نہج البلاغہ کا نسخہ بابت 512ہجری سید محمد محیط طباطبائی کے پاس تہران میں موجود ہے۔

ج۔ علامہ امینی نے ایک اور مخطوطہ بابت 540ہجری کتاب خانہ مدرسہ نواب مشہد میں دیکھا ہے۔

س: ہمیں نہج البلاغہ کی ضرورت کیوں ہے؟

ج:1۔ نہج البلاغہ قرآن مجید کے بعد اسلامی لٹریچر کی دوسری شاہکار کتاب ہے جس میں ہر خشک وتر موجود ہے۔ یہ کلام مخلوق کے کلام سے بلند اور خالق کے کلام سے پست ہے۔

2۔ نہج البلاغہ محروموں، مظلوموں اور مستضعفوں کا حامی ہے۔ یہ ظلم کے خلاف بغاوت ذہن اور عمل میں پیدا کرتا ہے۔

3۔ نہج البلاغہ اخلاق سازی اور کردار نگاری کا قالب ہے چناں چہ اگر تہہ دل سے اس کو پڑھا جائے تو یہ کاری نسخہ ہے۔

4۔ نہج البلاغہ حریت، آزادی اور ڈیموکریٹ اقدار کی نشونما کرتا ہے یہ جابر حکمرانوں کو نصیحت اور تنبیہ اور عوام کو انقلاب پر آمادہ کرتا ہے۔

5۔ نہج البلاغہ عبد اور معبود کے رشتہ کو مضبوط کرتا ہے۔

6۔ نہج البلاغہ خواہشات دنیا کے غموں کو دور قناعت وتوکل کی خوشیوں کو نزدیک کرتا ہے۔

7۔ نہج البلاغہ روح کو بالیدگی عطا کرتا ہے۔

8۔ نہج البلاغہ خلقت کے بے شمار رموز فاش کرتا ہے۔

9۔ نہج البلاغہ حکومتوں کے قوانین، حکمرانوں کے فرائض اور حقوق العباد کی تاکید کرتا ہے۔

10۔ نہج البلاغہ امن اور سلامتی کا پیغام دیتا ہے۔

11۔ نہج البلاغہ علم کی تحصیل اور عمل کی تاکید کرتا ہے۔

12۔ سچ تو یہ ہے کہ قرآن کی تعلیمات اور نہج البلاغہ کی تشریفات سے آج کے دور کی تمام تر مشکلات کو دور کیا جاسکتا ہے۔

کیونکہ نہج البلاغہ قرآن کے بعد روح کے زخم کا مرحم ہے۔

ہم نے اس کتاب میں ایک مفصل جدول بنا کر اُن کتابوں کے نام دئے ہیں جن میں ان مطالب کا تذکرہ موجود ہے۔ یہاں صرف چند اہم کتابوں اور رسالوں کا ذکر کیا جارہا ہے۔

نام	سنہ وفات	نام کتاب	ملاحظات
زین ابن وہب جہنی	96ھ	خطب امیر المومنین	یہ خطبات حضرت علیؑ پر پہلی کتاب ہے۔
معدۃ بن صدقہ		خطب امیر المومنین	سید رضی نے نہج البلاغہ میں خطبہ ''اشباح'' کے تحت اس کا ذکر کیا ہے۔
اسماعیل بن مہران		خطب امیر المومنین	
سید عبدالعظیم بن عبداللہ		خطب امیر المومنین	

مختصر سوانح عمری سیّد ناظر حسین ناظم

نام : سید ناظر حسین ۔ آپ کا نام تاریخی تھا جس سے سنِ ولادت 1862 نکلتا ہے۔

تخلص : ناظم

ولادت : 1862 عیسوی مطابق 1279ھ

مقام ولادت : قصبہ ککرولی ضلع مظفر نگر

وفات : 1917ء مطابق 11 محرم 1336ھ

مدفن : لاہور ۔ قبرستان مومن پورہ

والد : سید ولایت حسین

جدّ : دیوان سید محمد علی

ازدواج : 1 ۔ پہلی بیوی مظفر نگر سے تعلق رکھتی تھی جو ناظم کے چہلم کے دن انتقال کر گئی۔
2 ۔ دوسری بیوی سے لاہور میں آ کر عقد کیا۔

اولاد : دو بیٹے اور ایک بیٹی ۔ ان کی زندگی میں ہی بیٹی کا انتقال ہوگیا۔ بیٹوں کی پرورش دوستوں نے اپنے

ذمہ لے لی۔

تعلیم وتربیت : اُس زمانے کے مطابق گھر پر اور پھر اعلیٰ مشرقی تعلیم حاصل کی چناں چہ وہ عربی، فارسی کے علاوہ اردو ادبیات پر مہارت رکھتے تھے۔

شکل وصورت : جیسا کہ تصویر سے ظاہر ہے حسین اور خوش قیافہ تھے۔ فقیر وحید الدین ''انجمن'' میں لکھتے ہیں ۔ ناظم کا حلیہ سرخ و سپید رنگ، کھڑا ناک نقشہ، گھنی داڑھی، دراز قد اور زلفیں شانوں تک بکھری ہوئی رہتی تھیں۔

رہن سہن : بڑے ٹھاٹ اور نوابی شان سے زندگی بسر کرتے تھے۔

اخلاق : خوش اخلاق، وسیع قلب، اور نیک طبیعت منکسر المزاج تھے۔

ہجرت : بیس سال کی عمر میں آبائی وطن ساداتِ باہرہ چھوڑ کر لاہور میں ہمیشہ کے لیے مقیم ہو گئے۔

شغل وملازمت : ناظم کو وطن میں سفیر برطانیہ کہا جاتا تھا۔ ڈاکٹر صفدر حسین لکھتے ہیں اس بات کو اُس تصویر سے تقویت ملتی ہے جس میں وہ ملکہ وکٹوریہ اور وائسرائے ہند کے دوش بدوش موجود تھے۔

(معلوم نہیں یہ تصویر ڈاکٹر صفدر حسین نے کہاں اور کب دیکھی تھی ۔ راقم)

1885ء میں ہفت روزہ اخبار '' ناظم

الہند'' نکالا ۔ جو رنگین کاغذ پر نکلتا تھا اور جس میں چھ ورق ہوتے تھے ۔ اس میں ادبی ، مذہبی مضامین کے علاوہ لطیفے ،ظرافت ، تاریخی واقعات ، اور مختلف قصے کہانیاں بھی شامل ہوتی تھیں ۔

وہ اخبار نسیم جنت کے بھی ایڈیٹر رہے ۔

شاعری : نازش رضوی ''ادبی دنیا'' کے شمارہ ماہ جولائی 1929 میں لکھتے ہیں ۔

1 ۔ بارہ چودہ سال کی عمر میں شاعری شروع کی ۔ بہت جلد مشقِ سخن نے وہ رنگ پیدا کیا کہ آپ کے اشعار سند میں پیش کئے جانے لگے ۔

2 ۔ فارسی میں ایرانیت کی شان نمایاں تھی ۔ عربی میں بھی درک رکھتے تھے ۔ اُردو زبان میں تو وہ کمال حاصل تھا کہ اساتذہ عصر امیؔر مینائی ، مرزا داغؔ اور میر ضامن علی جلاؔل لکھنوی سب آپ کی عظمت کے معترف تھے ۔

3 ۔ سلاست ، روانیت ، فصاحت و بلاغت ، معنی آفرینی اور محاورے کی سادگی آپ کے کلام میں نمایاں ہے ۔ غیر مانوس الفاظ سے زبان قلم آشنا نہیں ۔ الفاظ کی تکرار سے جو خوبی آپ پیدا کرتے ہیں وہ داغؔ کے سوا اور کم نظر آتی ہے ۔ نظم کی طرح نثر میں بھی بہت مہارت رکھتے ہیں ۔

عبداللہ قریشی اپنے مضمون ''لاہور کے مشاعرے اور اقباؔل'' میں لکھتے ہیں :

1 ۔ ناظؔم ، میر انیؔس کے بڑے بیٹے میر خورشید علی نفیؔس کے شاگرد اور حقیقی معنوں میں ان کے جانشین تھے ۔

2 ۔ اقباؔل کے ہم عصروں میں ناظؔم بڑے فاضل بزرگ تھے ۔

3 ۔ مرثیہ گوئی سے خاص مناسبت کے باوجود قدیم رنگ میں غزل بھی خوب کہتے تھے ۔

4 ۔ آخری ایام میں غزلوں کا ایک دیوان ترتیب دیا اور ''ساغرِ حون'' اس کا تاریخی نام رکھا لیکن یہ دیوان ان کے مرنے کے بعد شائع ہوا ۔ یہ دیوان داغؔ کے دیوان کے جواب میں لکھا تھا جس میں داغؔ کی ہر ہر غزل کے جواب میں ایک مرصع غزل تھی (اب یہ دیوان دستیاب نہیں ۔ راقم)

سر عبدالقادر ایڈیٹر مخزن نے اپریل 1907 ء میں ارشؔد گورگانی جو عظیم مرثیہ گو شاعر تھے ان کی یاد میں جو مضمون لکھا اس میں ناظؔم کی مرثیہ گوئی کے بارے میں فرمایا ۔

1 ۔ شہیدان کربلا کے دردناک حالات پر مرزا ارشؔد نے مرثیے لکھے ۔ لاہور کی مجالس میں اکثر پڑھتے تھے مگر اس صیغے میں وہ اپنے دوست میر ناظم حسین ناظؔم کے مراثی پر سبقت نہ لے جا سکے کیونکہ میر صاحب کو اس فن میں لکھنؤ کے باکمالوں سے تلمذ تھا ۔

ڈاکٹر سید صفدر حسین بزم ناظؔم میں لکھتے ہیں ۔

1 ۔ مرثیے میں وہ رنگ پیدا کریں جس کی آزاؔد اور حاؔلی تبلیغ کر رہے تھے اس ادبی اجتہاد میں کامیابی کا سہرا ناظؔم کے سر رہا جنہوں نے مولانا آزاؔد خواجہ الطاف حسین حاؔلی اور علامہ اقباؔل کے دوش بدوش لاہور کی انجمن ادب میں اصلاحِ ذوق کی تحریک شروع کی اور اپنی تخلیقی صلاحیتوں سے کام لے کر اُردو مرثیہ کو ایک اچھوتا رنگ اور نیا آہنگ عطا کر دیا ۔

2 ۔ ناظؔم مرحوم اُردو ادب میں یقیناً وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ہر مرثیہ کو ایک

علیحدہ عنوان کے تحت تصنیف کیا اور پھر اُس موضوع سے کربلا کے واقعات کا سلسلہ نہایت منطقی فلسفیانہ اور ادبی استدلال کے ساتھ مربوط کر دیا۔ ہر جگہ قران، احادیث اور تاریخی واقعات کا احساس بیدار کیا ہے۔ کسی جگہ دلائل میں جھول نہیں بحروں کے انتخاب اور الفاظ وتراکیب کے استعمال میں بھی شاعر کی انفرادیت برقرار رہی ہے۔ مختصر یہ کہ ناظم الہند نے صحیح معنوں میں مرثیہ کی تشکیل جدید کے کام کا سرانجام دیا ہے۔

فقیر وحید الدین ''انجمن'' میں ناظم کے مرثیہ کے بارے میں لکھتے ہیں۔

1۔ ہمارے یہاں عاشورہ کے ایاّم میں ہر روز باقاعدگی سے مجالس کا انعقاد اور اہتمام ہوتا۔ ناظم مرحوم کا یہ معمول تھا کہ ہر سال اپنا نوتصنیف مرثیہ مجلس میں پڑھتے اُن کے مرثیے کی خاص دھوم تھی جسے دور ونزدیک کے علاقوں کے شرفا بڑے شوق کے ساتھ سننے کے لئے آتے۔ مرثیہ پڑھنے کا انداز دیدنی تھا۔ لڑائی کا ذکر آتا تو گھوڑے تلوار جنگ کی صف آرائی وغیرہ اس طرح بیان کرتے کہ سچ مچ جنگ کا نقشہ آنکھوں کے سامنے پھر جاتا۔ مرثیہ پڑھتے ہوئے جب انگرکھے کی آستین الٹتے تو ایسا لگتا کہ سننے والوں کے دلوں کو الٹے دے رہے ہیں۔

تصانیف: ناظم کی کئی تصانیف ضائع ہوگئیں لیکن بعض تصانیف جو ہمارے درمیان موجود ہیں ناظم کی فنی عظمت کو واضح کرنے کے لیے کافی ہیں۔

1۔ مظہر العجائب: مسدّس عدیم النظیر درفضائل ومناقب شاہ خیبر گیر اور خطبہ بے الف کا ترجمہ صنعت قطع الحرف الف مطبوعہ لاہور 1310 ہجری (اس کا ایک نسخہ میری ذاتی

لائبریری میں ہے جس کی فوٹو کاپی اس کتاب میں شامل کردی گئی ہے)

2۔ دارالسلام — سلاموں کا مجموعہ

3۔ مجموعہ مراثی — 8 مراثی، چند سلام اور رباعیات

4۔ پنجۂ نگاریں — (خان بہادر میاں سراج الدین کی تقریب خطاب یافتگی کے موقع پر کہی گئی نظموں کا مجموعہ)

عابد علی عابؔد لکھتے ہیں ناظم مرحوم نہ صرف یہ کہ ایک طرحدار غزل گو تھے بلکہ وہ ایک جید قصیدہ نگار اور جدید نظم نگار بھی تھے۔ جب رئیس وآنزیری مجسٹریٹ لاہور کو خان بہادری کا خطاب ملا تو پانچ مختلف مقامات پر اس خوشی میں جلسے اور دعوتیں ہوئی لیکن خوش فکر وخوش گو شاعر ناظم الہند نے ہر موقع پر ایک تازہ اور یادگاری نظم تصنیف کر کے سُنائی۔ ان نظموں کے عنوانات ''نظم پروین''، ''عقد ثریا''، ''حور و قصور''، ''نور طور'' اور ''کوہِ نور'' تھے جو ایک مجموعہ کی صورت میں اُن کی وفات کے بعد طبع بھی ہوگئی تھیں لیکن ان نظموں کی یہ تاریخی حیثیت بھی ہے کہ ان میں شاعر کے آخریں لمحات زندگی کا کلام محفوظ ہوگیا ہے۔

5۔ نعرۂ توحید

6۔ ساغرخوں — جو غزلیات کا مجموعہ تھا جسے مرحوم نے مرتب بھی کرلیا تھا یہ دیوان داؔغ کے دیوان کے جواب میں مرصع لکھا گیا تھا اس کا نسخہ کسی صاحب ذوق ہندو صاحب کے پاس علامہ تاجور نے دیکھا تھا۔

شاگرد: ناظم صاحب کے شاگردوں کی فہرست خاصی طویل تھی لیکن ہم تک مختلف ذرائع سے جو نام پہنچے ہیں اُن میں سے پروفیسر عبداللطیف تپشؔ، محمد بدر

الدین خان مُرشدؔ، بدر الدین بدرؔ، خواجہ غلام حسن شیداؔ امیرٹھی، سید محمد اصغر حشیمؔ گیلانی، سید واجد حسین فوقؔ گیلانی، غلام حسین فرخندہؔ، علی محمد خاں قمرؔ، بینی رام مشتاقؔ، ضیاء الدین ضیاءؔ، ڈاکٹر اولاد حسین حاتمؔ (بعد کو شاید عارفؔ تخلص اختیار کیا) سید علی نقی خاتمؔ گیلانی، سید غلام عباسؔ، فضل الرحمٰن فضلؔ اور رحیم بخش رحیمؔ وغیرہ۔

قطعہ تاریخ وفات: آپ کا انتقال 11 محرم الحرام 1336 ہجری مطابق 1917ء کو ہوا۔ پنڈت راج نرائن ارمانؔ نے قطعہ تاریخ وفات کہا۔

میرے دیرینہ دوست تھے ناظمؔ چل دیئے آہ وہ بھی سوئے عدم
باغبانِ اجل نے توڑا ہے گلشنِ شاعری پہ اور ستم
اُٹھتے جاتے ہیں دہر سے عالم کیوں نہ خوں روئیں دیدۂ پُرنم
اب سُنائیں کسے کلام اپنا ہو گیا لطفِ شاعری برہم
شعرا میں بپا نہ ہو کیوں کر اُن کے مرنے کا چارسُو ماتم
فکرِ سالِ وفات تھی ارمانؔ لکھی تاریخ یہ بہ حُزن والم

شاعرِ خوش بیاں تھے واللہ
ناظمؔ لکھنوی خُدا کی قسم

نمونہ کلام: فردیات

کسی کے آتے ہی ساقی کے ایسے ہوش اُڑے
شراب سیخ پہ ڈالی کباب شیشے میں

ہے حسینوں کے تسلط میں خدائی ناظمؔ
میرے قبضے میں حسیں ہوں تو خدا بن جاؤں

وعدے کے اپنے سچے تھے آئے وہ خواب میں
ناظمؔ تمہی کو نیند نہ آئی تمام رات

پس فنا بلبلیں کہیں گی تھے کیسے رنگیں مزاج ناظمؔ
کہ چمن میں تو بوئے گل تھے رہے گلوں میں تو رنگ ہوکر

غزلیات:

عشق ہوں، حُسن دکھاؤ تو ادا بن جاؤں
دل کو مٹھی میں جو لے لو تو حنا بن جاؤں
کھل کے ملنے تو نہیں بند گریباں، باہیں
چھپ کے آغوش میں رہیے تو قبا بن جاؤں
اک اشارے سے بدلتی ہے حقیقت میری
آنکھ ہوں، چاہو تو نقشِ کفِ پا بن جاؤں
آنکھ پڑتے ہی تڑپ جاؤں، رگروں غش کھا کر
بگڑے بیٹھے ہیں وہ مَیں بھی تو ذرا بن جاؤں
ہے خدائی میں حسینوں کا تسلط ناظمؔ
بُت ہوں قابو میں، تو بندے سے خدا بن جاؤں

ناظمؔ کے فن شعر پر گرفت مضبوط تھی اور اسی لئے کرشمہ ساز تھے۔ ایک (42) اشعار کی غزل میں قافیہ ''دل'' اور دوسری اٹھارہ اشعار کی غزل میں قافیہ ''غم'' کو معنی سے بدل بدل کر استعمال کیا ہے۔ دونوں غزلوں کے چند چند اشعار بطور نمونہ پیش کئے جاتے ہیں۔

غزل

کیسے بے ہوش تھے جو ہوش بمشکل آئے
آپ ہی آئے تو آپ میں ہم اور دل آئے

ناز و انداز و ادا ایک سے ہے اِک بڑھ کر
تمہیں منصف سہی، کس کس پہ کہو دل آئے

دل کے دو حرف ہیں ایک اک سے الگ ہے وہ بھی
وصل سے بڑھ کے جدائی پہ نہ کیوں دل آئے

ہو گئیں کانِ دُر و لعل و زمرد آنکھیں
ساتھ اشکوں کے جو لختِ جگر و دل آئے

عشق بھی حُسن کو دکھلائے کبھی چمک اور دمک
کان کے بُندوں پہ بجلی کی طرح دل آئے

گورے گالوں پہ ترے، چاند سے رُخساروں پہ
داغ کھا کر مہِ کامل ہو، اگر دل آئے

ملنے بیمار سے بیمار نہیں آ سکتا
نرگسِ چشمِ فسوں ساز پہ کیوں دل آئے

برگِ سُوسن وہ زباں، غنچۂ سُوسَن وہ دہن
لب وہ گلرنگ عنادل کا جہاں دل آئے

کوچہ گیسوئے خمدار میں ڈورے ڈالیں
رشتۂ عُمر بڑھانے پہ اگر دل آئے

یاد بھی قامتِ موزوں کی نہیں ناموزوں
قمریوں کے اسی شمشاد پہ ہیں دل آئے

نُور کے سانچے میں ڈھالا ہے سراپا ناظم
کہیں اللہ کرے آپ کا بھی دل آئے

غزل

رہے گی دھاک محشر تک مری غفلت کے عالم کی
قیامت کی خوشی، تعبیر ہے، خواب شبِ غم کی

قیامت سے جو روز ہجر کا میرا ملا ڈانڈا
تری زُلفوں سے سرحد مل گئی طولِ شبِ غم کی

فرشتے گھپ اندھیرے میں کہاں مجھ کو ٹٹولیں گے
لئے جاتا ہوں مرقد میں بھی تاریکی شبِ غم کی

مری غم خوار رہ کر مدتوں مُنہ غیر کا دیکھے
کوئی پوچھے کہاں جاتی ہے غیرت یہ شبِ غم کی

سویدا دل میں، تِل رُخسار پر، آنکھوں میں پُتلی ہے
حسینوں میں سیاہی بٹ گئی میری شبِ غم کی

وہی طول اور وہی ظلمت، وہی اُلجھن ملی اس کو
تری زلفوں سے قسمت لڑ گئی شاید شبِ غم کی

بدلتے ہی نہیں پوشاکِ ماتم حضرتِ ناظم
بھلائیں کس طرح دل سے وصیت ہے شبِ غم کی

اسی لئے تو عابد علی عابدؔ نے ''بیسوی صدی کی ادبی محفلوں'' میں لکھا:

شعراء کے اس گروہ میں اقبالؔ سے قطع نظر، سب سے زیادہ خوش فکر اور نازک خیال ناظمؔ تھے وہ نہایت سنبھل کے شعر کہتے تھے، اور زباں داں بھی تھے۔ الفاظ و تلمیحات کی دلالت ہائے التزامی سے بخوبی مطلع تھے۔ وہ علوم جن کو اصطلاح میں ''علوم درسی'' کہا جاتا ہے اُن سے واقف تھے، پھر ساتھ ہی طبیعت برق پائی تھی۔ شعر میں بیشتر صنعت گری اور ارائش کی طرف مائل تھے لیکن جو اشعار ان کے ملک میں اب تک زبان زد ہیں۔ اُن کا مشہور شعر ہے۔

کسی کے آتے ہی ساقی کے ایسے ہوش اُڑے
شراب سیخ پہ ڈالی، کباب شیشے میں

فروغِ نورِ برقِ طور سر تا پا یہ منزل ہے
کلام اللہ سے روشن، کلیم اللہ کا دل ہے
نہیں یہ قمقمے آیاتِ برقِ طورِ معنی ہیں
یدِ بیضائے موسیٰ ہے کوئی، کوئی مرا دل ہے
مری روشن ضمیری ہے، مری روشن دماغی ہے
مری روشن خیالی ہے جو فانوس میں داخل ہے

اُگا جو طُور پر، اِس نور کے دانے کا ہے خرمن
تجلّی گاہِ ایمن جس کی کھیتی ہے وہ حاصل ہے
اِسی کے دانے دانے پر ہے مُہرِ مہرِ یزدانی
تجلّی کا یہی خرمن، یہی بجلی کا حاصل ہے
یہ شیشے، شیشۂ ناموسِ قدرت گاہِ قدرت ہیں
وہ ان پردوں سے باہر ہے جو ان پردوں میں داخل ہے
تجلّی اور شوقِ دید میں حائل نہیں پردہ
رُخِ پُر نور سے مجبور گھونگٹ ہے کہ واصل ہے

نہیں یہ شیڈ، پتھرائی ہیں شوقِ دید کی آنکھیں
ہر اک گھونگٹ کے پردے میں غشی موسیٰ کی شامل ہے
رخِ انور سے اُس کے رُوئے روشن اس کا ملتا ہے
حسینوں میں حسیں ایک ایک کا مدِ مقابل ہے
ہر اک تصویر سے تصویر اس آئینہ خانے میں
مشابہ ہے، مطابق ہے، مقابل ہے، مماثل ہے
وہ شیشہ جس میں بجلی سی تڑپ جاتی ہے رہ رہ کر
مرا دل ہے، مرا دل ہے، مرا دل ہے، مرا دل ہے
یہی ہے وہ کہ جو قابو میں رہنے پر ہے بے قابو
مرے پہلو سے باہر ہے، مرے پہلو میں داخل ہے

شکار انگور کی ٹٹی میں دل کا کھیلنے والی
وہ پُتلی ہے جو دل کی آنکھ کی پُتلی سے واصل ہے

وہ خوشے تاک کے بدمست جن کی تاک میں عالم
کتابِ حُسن پر جو روشنی رُخ سے مائل ہے

جہاں جھاڑوں کے منھ سے روشنی کے پھول جھڑتے ہیں
خموشی واں ادب آموزِ گلبانگِ عنادل ہے

در و دیوار و صحن و بام وایواں سب ہیں نورانی
سفریاں حسرتِ دیدار کو منزل بہ منزل ہے

جدھر سروِ چراغاں کی چمن بندی ہے رنگت پر
اُدھر غوغائے مُلسُل ہے، اِدھر شورِ عنادل ہے

نہیں صحن آئینہ، جو منھ پہ کچھ اور پُشت پر کچھ ہو
دمک لوحِ جواہر میں جو خارج ہے وہ داخل ہے

شرف ہم سنگِ سنگِ فرش ہے جس ڈھنگ سے دیکھو
اُسے پلّو یہ داخل ہے، اِسے پلّو وہ شامل ہے

سپیدی میں ہے مرمر رشکِ لوحِ قسمتِ شیریں
رگ و ریشہ وہ تیشہ جو پئے فرہاد قاتل ہے

وصال و وصل اس تشبیہ میں شیر و شکر دونوں
یہاں فرہاد ہے مہجور اور پرویز واصل ہے

سیاہی دیدۂ دیدار جُو کی سنگِ مُوسا میں
غرض جو ابیض و اسود ہے یاں مقبول و مُقبل ہے

تجلّی گاہِ حُسنِ بے حقیقیت نجد تھا، اس میں
نہ مجنوں ہے نہ لیلیٰ ہے، نہ ناقہ ہے نہ محمل ہے

نہیں اس گھر میں وہ ہستی کہ جس کو نیستی سمجھیں
یہاں جو کچھ بھی ہے وہ رُوح ہے یا جاں ہے یا دل ہے

یہ وہ عشرت کدہ ہے فارغ البالی جہاں حاضر
یہ وہ زینت کدہ ہے زیب و زینت جس کو حاصل ہے

جو ناممکن ہے اِک تمغہ دِبا دینے سے ہے ممکن
وہی اندھیر کا بانی ہے یاں جو نورِ محفل ہے

خدا آباد اِس عشرت کدے کو تا ابد رکھے
کہ یہ دریا ہے اُس کا اور وہ اِس دریا کا ساحل ہے

میں رکھتا ہوں اُسے پہلو میں جس میں آپ رہتے ہیں
سراج الدین خاں صاحب کا یہ گھر ہے مرا دل ہے

رباعیات

دن رات سے دشمنی ہے جانی میری
بڑھتی گھٹتی ہے زندگانی میری
چڑھتی ہوئی دھوپ ہے بڑھاپا میرا
ڈھلتی ہوئی چھاؤں ہے جوانی میری

۞

جلنے کے لیے رشتۂ جاں رکھتا ہوں
غم کی آگ کا دھواں رکھتا ہوں
دل میں جو ہے وہ ہے زباں پر ناظم
جوں شمع عیاں سوزِ نہاں رکھتا ہوں

۞

کس رنگ میں نیرنگِ غمِ آل نہیں
وہ دل نہیں جو درد سے پامال نہیں
وہ آنکھ نہیں لہو نہ ٹپکے جس سے
گویا وہ زبان نہیں ہے جو لال نہیں

۞

آدم ہوں عدم میں ہے نشانی میری
ترکِ اولیٰ ہے زندگانی میری
ابلیس سے کم نہ تھی یہ پیری کی قسم
دھوکہ مجھے دے گئی جوانی میری

سلام

رہ کے غم دیدہ جہاں میں آبرو پرور رہے
آنکھ میں آنسو صدف میں بن کے ہم گوہر رہے
پردہ دارِ اہلبیتِ شاہؑ تھی بے پردگی
سات پردے دیکھنے والوں کی آنکھوں پر رہے
بن گئی داؤدؑ کی گفتار رفتارِ نبیؐ
موم بن کر پاؤں کے نیچے یہاں پتھر رہے
وادیٔ ایمن میں آکر طور پر ٹھہرے کلیمؑ
عرش تک معراج کی شب جا کے پیغمبرؐ رہے
تذکرہ سیرِ شبِ معراج کا سُن سُن کے لوگ
قائل قربِ خدا و احمدؐ و حیدرؑ رہے
تھی اذاں یا قرب کا اعلان باحُسنِ قبول
ساتھ ہر تکبیر میں اللہ کے اکبرؑ رہے
دورِ اُمّت میں سرِ زینبؑ کھلا کھلتا رہا
جب تلک ہروا کی لفظ کے چادر رہے
قبر کا منہ بند ہوتے ہی کھلے رحمت کے باب
آمد و رفتِ ہوا کو چار جانب در رہے
نورِ ایماں نے اندھیرے کو اُجالا کر دیا
ہر طرف داغِ غم سرور ضیا گستر رہے

سلام

مردمِ چشم مرے دیدۂ پُرنم میں رہے
خاک اچھے ہوں وہ بیمار جو شبنم میں رہے

خلق مصروفِ عزا شاہؑ کے ماتم میں رہے
ہم رہیں غم میں سدا، مجرئی غم ہم میں رہے

دل میں درد، اشکِ عزا دیدۂ پُرنم میں رہے
غم محرم میں رہے مجرئی ہم غم میں رہے

سُر کھلے فاطمہؑ جب مجلسِ ماتم میں رہے
چاہیے آنکھ پہ رومال محرم میں رہے

مجرئی ہم غمِ سلطانِ دو عالم میں رہے
صورتِ شمعِ عزا حلقۂ ماتم میں رہے

دستِ مژگاں میں سدا میرے سرشکِ ماتم
سبحِ عیسیٰؑ کی طرح پنجۂ مریمؑ میں رہے

غمِ سرورؑ کی عبادت کا مہینہ ہے یہ
شاملِ آبِ وضو، اشک محرم میں رہے

دورِ عالم میں فقط خانہ نشینی دیکھی
ہم نگینے کی طرح حلقۂ خاتم میں رہے

معتکم ہیں، رہی فکرِ دلیلِ اعلےٰ
حجت اللہ کے ہم منتظر عالم میں رہے

ماتمِ آلِ محمدؐ ہے دلوں پہ قائم
صاحبِ امر کے محکوم ہی عالم میں رہے

آنکھ میں رہ کے، رہے اشک، جلائے مردم
یہ بھی عیسیٰؑ کی طرح دامنِ مریمؑ میں رہے

سوزنِ حضرتِ عیسیٰؑ کی طرح سے خامہ
وصفِ زینبؑ کے سبب رشتۂ مریمؑ میں رہے

فکرِ معنی بھی رہی فکرِ سخن میں ناظم
ہم جس عالم میں رہے اور ہی عالم میں رہے

❁

ناظم کے مرثیوں کی تعداد پچاس کے لگ بھگ بتائی جاتی ہے۔ ہم نمونہ کے طور پر بزمِ ناظم سے چند مرثیوں کے مطلع، تعداد بند اور احوال بیان کریں گے۔

شمار	مطلع	تعداد بند	درحال/بیان
1	ہے تاجِ سرِ حمدِ خدا میمِ محمدؐ	93	در مدح حضرت محمد مصطفیٰؐ۔
2	توصیفِ آلِ مخبرِ صادقؑ محال ہے۔	85	در مدح امام جعفرؑ صادق۔
3	جب سے کعبے کو خدا نے قبلۂ عالم کیا۔	71	در بیان قربانی حضرت اسماعیلؑ، حضرت عبداللہؑ اور امام حسینؑ۔
4	حق نے حمزہ کو جوانمردوں میں بے ہمتا کیا۔	75	در بیان حضرت امیر حمزہ و مصائب امام حسینؑ۔

5	شمشیر ہلالی خم آبروے سخن ہے۔	107	در حال حضرت عباسؑ۔
6	اے اصطلاحِ شامِ غریباں غضب ہے تو۔	102	در بیان شب قدر شب معراج اور شام غریباں۔
7	جب سویم امامِ سوم کی سحر ہوئی	74	در بیان تدفین شہدائے کربلا۔
8	ناخدا فیضِ خدا کا جب کرم گستر ہوا۔	95	بیان طوفان نوحؑ مصائب امام سجادؑ۔
9	اے زبان کام کا بیاں ہو آج	91	در حال شہادت حضرت علی اصغرؑ۔

مشاہیر کی نظر میں:

خطبۂ بے الف 1307 ہجری میں نظم کیا گیا اور 1310 ہجری میں شائع ہوا۔ کئی شعراء نے اس کی تاریخ لکھی۔

1۔ سید شاہ عالم خاتمؔ

بے الف خطبۂ جناب امیرؑ — دیکھیں اہل کمال و اہلِ نگاہ
نظم میں لانا ایسی صنعت کا — تھا یہ دشوار کس قدر واللہ
میر صاحب نے کس فصاحت سے — اُسی پابندی کا کیا ہے نباہ
ایسی صنعت یہ بندشِ مضموں — کر سکے کوئی اے معاذ اللہ
سہل اور ممتنع کلام ایسا — ہے زمانے کی جی میں جس کی چاہ
تیرہ سو اور سات ہجری تھے — جب ہوا نظم خطبہ دلخواہ

فکرِ تاریخ تب ہوئی مجھ کو — غور کرنے لگا میں شام و پگاہ
ہاتفِ غیب نے کہا خاتم
خطبۂ بابِ علم شیر الہ
1307ھ

2۔ سید رحمت علی شفیقؔ

شفیقؔ اس کی لکھی میں نے یہ تاریخ
بسا تحفہ بسا زیبا بسا خوب
1310 ہجری

3۔ نواب حامد علی خان

سال تاریخ نظم کہہ حامدؔ
جوشِ بحرِ طبعتِ ناظمؔ
1308 ہجری

4۔ عبدالحلیم حترؔ

نکال مصرعۂ تاریخ تجربہ سے حترؔ
کہ نزد آل کیا ہے زلال خم غدیر
1891 عیسوی

5۔ لالہ بنی پرشاد ندیمؔ

چھپنے کی کہو ندیمؔ تاریخ
اللہ و نبیؐ کا ہے تفضل
1310 ہجری

6۔ مرزا قمر سید بہادر

ہست تاریخِ نظم خویش قمر
ہاتف خطبۂ جناب امیرؑ

1308 ہجری

7۔ نواب حامد علی خان شاگردِ میر مونس لکھنوی

ہیں بلا شبہ شاہِ ملکِ نظم — طوطیِ نظم حضرتِ ناظم
ملکِ ناظم ہے کشورِ معنی — نظمِ ناظم ہے دولتِ ناظم
پایہ مداحِ آلؑ کا ہے بلند — ہو سکے کیسے مدحتِ ناظم
بے الف خطبۂ علیؑ ولی — وعظ شاہِ ولایتِ ناظم

8۔ شہزادہ مرزا قمر سیر بہادر

میر ناظم حسین خاں ناظم — شاعرِ خوش بیاں و خوش تقریر
نظم کردہ بزورِ طبع شگرف — غیر الف خطبۂ وزیر بشیر

9۔ عبدالحلیم ہنرؔ شاگردِ امیرؔ لکھنوی

جہانِ نظم میں بے شک ہیں بے عدیل و نظیر — جناب ناظم رنگیں بیان و خوش تقریر
کلامِ روشن ناظم طبیعت ناظم — وہ انوریؔ کا ہے نور اور یہ ظہورِ ظہیرؔ
کیا جو نظم اُسے تو اُسی رعایت سے — کہ ہے بغیر الف خطبۂ جناب امیرؑ

10۔ نازش رضوی، ماہنامہ ادبی دنیا

مشقِ سخن نے وہ رنگ پیدا کیا کہ آپ کے اشعار سند میں پیش کئے جانے لگے۔ زبان میں وہ کمال حاصل تھا کہ اساتذۂ عصر امیرؔ مینائی مرزا داغؔ اور میر ضامن علی جلالؔ لکھنوی سب آپ کی عظمت کے معترف تھے۔

11۔ سر عبدالقادر ایڈیٹر مخزن

مرزا ارشدؔ گورگانی نے مرثیے لکھے مگر اس صیغے میں وہ اپنے دوست میر ناظر حسین ناظم کے مراثی پر سبقت نہ لے جا سکے کیونکہ میر صاحب کو اس فن میں لکھنؤ کے باکمالوں سے تلمذ تھا۔

12۔ عبداللہ قریشی ''مشاعرہ اور اقبالؔ''

اقبالؔ کے ہم عصروں میں میر ناظر حسین ناظم بڑے فاضل بزرگ تھے میر نفیس کے شاگرد اور حقیقی معنوں میں اپنے استاد کے جانشین تھے۔ مرثیہ گوئی میں خاص مناسبت کے باوجود اپنے مخصوص قدیم رنگ میں غزل بھی خوب کہتے تھے۔

13۔ ڈاکٹر سید صفدر حسین:

کلامِ ناظم سراسر کلامِ الٰہی اور حدیثِ رسالت پناہی کا ترجمہ ہے۔ ناظم مرحوم اُردو ادب میں یقیناً وہ پہلے شخص ہیں جنہوں نے ہر مرثیہ کو ایک علیحدہ عنوان کے تحت تصنیف کیا پھر اُس موضوع سے کربلا کے واقعات کا سلسلہ نہایت منطقی فلسفیانہ اور ادبی استدلال کے ساتھ مربوط کیا۔ ہر جگہ قرآن، حدیث اور تاریخی واقعات کا احساس بیدار رہا۔ کسی جگہ دلائل میں جھول نہیں ہے۔ بحروں کے انتخاب اور الفاظ و تراکیب کے استعمال میں بھی شاعر کی انفرادیت برقرار رہی ہے۔ مختصر یہ کہ ناظم الہند نے صحیح معنوں میں مرثیہ کی تشکیل جدید کا کام سرانجام دیا ہے۔

بے چین ہو وہ جس کو ہو بے چینوں سے چین
منظور گر خوشی ہے کرو رو کے شور و شین
تڑپے جو دل تڑپنے دو چھوٹیں مگر نہ بین
پھیرے دلوں کو شوق سوئے ربِ مشرقین

جو کچھ کرے بشر نہ وہ تب مصلحت کرے
بخشے تمہیں بھی میری بھی حق مغفرت کرے

بیٹھے علیؑ یہ کہہ کے تو تحسیں کا غل اُٹھا
پڑھ کے درود کہنے لگے سب یہ برملا
اعجاز بات بات ہے کیا کہنا آپ کا
کہنا تھا جو بغیر الف آپ نے کہا

پھر کیوں نہ سب کہیں کہ یہ معجز بیان ہے
گویا علیؑ کے منہ میں خدا کی زبان ہے

شبیہ سید ناظر حسین ناظر
(1862ء - 1917ء)

ناظم الہند کی معجز بیانی

سید رحمت علی شفیق

ہاں عندلیب رنگ ہمارا اڑائیو
تقلید میں بھی تاکہ ہو ایجاد کا مزا

صاحبو! آپ نے بہت سی صنعتوں سے بھرے ہوئے مرثیہ سُنے اور دیکھے۔ میر انشا مرحوم کے بے نقط قصیدے پڑھے۔ لکھنو مین مرزا دبیر مغفور نے صنعت عاطلہ کو معطل نہ رہنے دیا۔ میر انیس سرور نے معجمہ کو مجتمع کر کے اپنی ملک الشعرانی کا کوس لمن الملک بجایا۔ متقدمین ومتاخرین سے بڑھ کر نام پایا۔ مگر یہ صنعت جس کے دیکھنے کے لیے جناب کو تصدیعہ دیا جاتا ہے۔ کسی صاحب کا حصہ نہ تھی۔ صنعت کی قید سے شعرا بندش مضامین مین آزاد رہے۔ جس ذرِ مضمون سے طبیعت لڑی صنعت کے موتی کی لڑی مین گوندھ گیا۔ صنعت کے پابند رہے اور جو جی مین آیا کہدیا۔ مگر شاعر رنگین خیال، ناظم شیرین مقال، نغز گوئے عدیم النظیر، مدّاحِ جناب امیرؑ، ذاکر شہنشاہ مشرقین جناب سید محمد ناظر حسین خان صاحب ناظم نے عون ازلی اور تائید غیبی سے جناب امیرؑ المؤمنین وصیِ خاتم المرسلینؐ امام المشارق والمغارب غالب کل غالب حضرت علی ابن ابی طالب سلام اللہ علیہ کا وہ خطبہ متبرک جس کی عبارت میں حرف الف نہیں۔ اسی رعایت سے مضمون اور صنعت کی پابندی کے ساتھ نظم کیا ہے۔ اس سے پہلے یہ خطبہ صنعت تو کیا سادہ نظم کے لباس میں بھی نہیں دیکھا۔ جس عجلت سے یہ

نظم کیا گیا وہ میر صاحب کی بدیھہ گوئی پر شاہد ہے۔ نظم کا حُسن دیکھنے سے معلوم ہوسکتا ہے۔ خطبہ موصوف کو اسلام کا دستور العمل مانا گیا ہے۔ بزرگان دین کے مؤثر وعظ و نصائح کو نظم کے لباس مین لانا ملک کے لیے زیادہ دلچسپ ہے۔ اسلئے اس باکمال مصنف کو جو داد دی جائے بجا ہے۔

جس مجلس میں یہ خطبہ پڑھا گیا تھا اس میں حضور پُرنور جامع کمالات موفور، مجمع فضایل ومناقبت حاجی حرمین شریفین حامی دین متین مُفسر قرآن مبین۔ واقف رموز قرآن، مجتہد العصر والزمان، نائب ائمۂ ہدا جناب قبلہ وکعبہ مولانا الحاج حضرت سید ابو القاسم صاحب سلمہ اللہ تعالیٰ اس کے سننے کو تشریف لائے تھے۔ استماع فرما کر نہایت محظوظ ہوئے۔ اور خود زبان مبارک سے میر صاحب موصوف کو داد مع دعائے برکت وتزاید اقبال دیتے رہے۔ مجلس کبھی مجسم داد تھی کبھی تاثیر

سلف سے آج تک لاہور اور اس کے مضافات کو اس نور کی مجلس نصیب ہی نہیں ہوئی کہ جس میں اس اشتیاق سے ہندو، عیسائی اور اسلامی حضرات، ہر طبقہ کے لوگ شامل ہوئے ہوں۔ اور جس کا ذکر مدتوں شہری موقر اور معزز اخباروں میں جاری رہا ہو۔

اب رہی میر صاحب اور ان کی شاعری کی تاریخ! یہ ہے کہ آپ سادات بارہہ کے مشہور ومعروف رکن ہیں۔ اور شہنشاہ سخن میر انیس نور اللہ مرقدہ کے گھرانے سے آپؒ کو افتخار تلمذ حاصل ہے۔ پنجاب کو آپ کے قیام سے وہ فخر ہے جو لکھنو کو شیخ ناسخ مرحوم کی ذات بابرکات سے تھا۔

داغ دل اور حال دل ہمراہ ہیں دونوں شفیق
اک دکھانے کے لیے اور اک سنانے کے لیے

مسدس خطبہ بغیر الف کی محفل

(آنکھوں دیکھا حال)

ماخوذ: اخبار آفتاب پنجاب لاہور، مورخہ 4 جون 1890ء

لاہور کا ایک جلسہ شعروسخن

یکم جون 90ء کو اتوار کے دن چار بجے بعد دوپہر کے عقب بازار انارکلی اہلی والے تکیہ المعروف گیلانی سیدون والے مین ایک بڑا عالیشان جلسہ منعقد ہوا۔ جس میں بہت سے نامور اہل علم شامل تھے۔ خصوصا جناب محامد انتساب نواب غلام محبوب سبحانی صاحب آنریری مجسٹریٹ وافتخار الرؤسائے اعظم لاہور خاص شکریہ کے مستحق ہیں جو ہمیشہ ایسی مجالس کو اپنی شمولیت کے شرف وعزت بخشتے رہتے ہیں۔ اس جلسے مین جناب سیادت انتساب وفضیلت نصاب سید محمد ناظر حسین صاحب (ناظم) سابق ایڈیٹر و مالک اخبار ناظم الہند نے اپنا تازہ تصنیف ایک مسدس سنایا تھا۔ یہ مُسدس اس خطبہ کا ترجمہ تھا۔ جو جناب ولایت مآب مشکلکشا شیر خدا علی ابن ابیطالبؑ کرم اللہ وجہہ نے بہ صنعت ترک حرف الف کے لکھا تھا۔ ناظم صاحب نے بھی باتباع جناب شاہ ولایت اپنے اس مسدس مین جومقدار مین غالبًا سو (100) اسی (80)

بند سے کم نہوگا۔ صنعت متروک حرف الف کی بدستور قایم رکہا ہے۔ اور ہم صدق دل سے اس امر کو تسلیم کرتے ہیں کہ ناظم بے مثال اور شاعر جادو مقال نے باوجود ان سخت قیود کے (کہ اول تو تصنیف مذکورہ کو گویا اس خطبہ کا ترجمہ ہی کہنا چاہیے۔ اور دوسری قید صنعت اور وہ بھی ترک حرف الف کی۔ اور پھر ایسے طویل الذیل مسدس میں) جو کچھ اپنی بے نظیر فصاحت بلاغت، شیوا زبانی، جادو بیانی کے جوہر دکھاوے ہیں۔ الحق ولاریب فیہ کہ وہ انہیں کا حصہ تہا۔ اور انھوں نے لکھنے والون کے قلم توڑ دیئے ہیں۔ ہم بحرمت صدق وصفا بڑی خوشی سے اس کا اعتراف کرتے ہین کہ اس مُسدّس کی تعریف ہماری قلم ژولیدہ رقم کی قدرت سے خارج ہے۔ اور کس طرح کوئی شخص کسی ایسے کلام معجز نظام کی واقعی تعریف سے عہدہ برآ ہوسکتا ہے جسکے ایک ایک لفظ میں ہزاروں محاسن شعری بھرے ہوں۔ زباندان فاضل کے زبان منت آب کوثر سے دُہلی ہوئی اور اُس کے صاف وپاک دلربا محاورات کچھ ایسے جادے سے بھرے ہوئے تھے۔ کہ اس کا ایک ایک فقرہ نیشتر کی طرح، قعر رگ جان پر جا بیٹھتا تہا اور ہر ایک مصرع پر سامعین کی طرف سے سبحان اللہ، مرحبا، صل علی کے غلغلے اس قدر بلند ہوتے تہے کہ مُسبحان ملاء الاعلے کے کانوں تک پہونچتے ہونگے۔ المنتہ صدّ کہ اس گئے گزرے زمانے میں بھی (جسمیں نئی روشنی کے لمپ ہاتھ میں چراغ لے کر۔ پُرانی شاعری کی بیج مار کرتی پھرتی ہیں) اب بھی خدا کی فضل سے شہر لاہور ایسے ایسے مبارک دم اور باکمال اصحاب کے وجود سے بالکل خالی نہیں ہوگیا۔ جو بے مبالغہ اور ازروے انصاف معزز خطاب ملک الشعرا کے مستحق اور اس شعر کے مصداق ہوسکین کہ

رشک نظم تو خود حسانؔ ثابت راجگر
دست نثر تو زند سحبانؔ داعبلؔ رفتا

اور بھی چند صاحبوں نے نظمیں پڑھیں جن کے نام نامی سے ہم ناواقف ہیں اور جو بجائے خود نہایت ہی تعریف کے مستحق تھیں۔

اسی تقریب میں جناب قدسی مآب و جنت آشیانی حضرت شاہ سردار صاحب گیلانی مبرور و مغفور کے عالیجاہ نواسگان نے خاتمہ تذکرہ شعر و سخن کے بعد نہایت دریا دلی سے تمام حاضرین مجلس کو جو تعداد مین غالباً تین چار سو سے کچھ زیادہ ہی ہونگے۔ بڑی پُرتکلف دعوت دی۔ اور جسکا انتظام بھی نہایت ہی تعریف کے قابل تہا۔ مولینا حضرت شاہ سردار صاحب کا خاندان عالی تمام اقطاع ہندوستان میں آفتاب نصف النہار سے زیادہ روشن ہے۔ آپ ایک ایسے ولی کامل اور ہادی اکمل صاحب صدق وصفا تہے کہ اس زمانہ قحط الرجال مین ایسے مبارک نفس بے ریا باخدا لوگ بہت ہی کم دیکھنے مین آئے ہیں۔

ماخوذ: امپیرئل پیپر لاہور مورخہ 7 جون 1890ء

قادر الکلامی کا تصور

جناب سید محمد ناظر حسین صاحب ناظم نے اس ہفتہ میں قادر الکلامی اور اعجاز شاعری کا جو حیرت انگیز ثبوت اہل لاہور کو دیا ہے۔ اس نے یہاں کی نکتہ رس پارٹی کی توجہ کو خصوصیت سے کھینچا ہے۔ اور وہ نہایت مسرت اور جوش کے لہجہ مین یہ کہنے کے لیے مجبور ہوئے ہیں کہ صوبہ پنجاب کا دار السلطنۃ لاہور بھی ایسے روشن دماغ اور عالی خیال باکمالوں سے خالی نہیں جو کسی زمانہ میں اہل دہلی و لکھنؤ کا حصہ فخر تہا۔

سید محمد ناظر حسین صاحب ناظم نے جناب امیر المومنین علی علیہ الصلوۃ والسلام کا ایک ممتاز خطبہ نظم فرمایا۔ یہ خطبہ اپنے بیش قیمت مضامین اور حسن وخوبی کے لحاظ سے ہی بے نظیر نہ تہا۔ بلکہ سو خوبیوں کی ایک خوبی یہ تھی کہ خطبہ متبرک کی عبارت میں باوجود کمال فصاحت و بلاغت حرف (الف) نہ تہا حضرت ناظم بھی اسی قید سے اس برگزیدہ خطبہ کو نظم اُردو کے عام پسند لباس میں لائے۔ اور یکم جون کو ایک عالیشان اور بارونق جلسہ میں جس میں تخمیناً پانچسو آدمی موجود ہونگے۔ آپ نے اس نظم کو جو مسدس کی طرز پر لکھی گئی تہی نہایت فصاحت اور عمدگی سے پڑھا۔ معزز حاضرین کی یہہ حالت تہی کہ فرط مست سے جھوم رہے تہے اور احسنت ومرحبا

کی پر جوش آوزیں رہ رہ کے بلند ہوتی تھیں۔ بس یہی معلوم ہوتا تہا کہ وہ شخص جو کرسی پر بیٹھا ہوا ہے جادو کر رہا ہے جسے تمام دلوں پر ایسا مضبوط قبضہ کر رکھا ہے کہ وہ آزادی سے جب چاہتا ہے انہیں حیرت اور غم کے مرقع سے بے حس تصویر بنا دیتا ہے۔ یا جوش مسرت سے ایک ایسا دلربا سین ان کے پیش نظر کر دیتا ہے کہ سب کے پژمردہ دل خوشی سے بھر جاتے ہیں۔

یہ دلچسپ اور قابل دید کیفیت دو گھنٹہ تک رہی۔ اس کے بعد سید سردار شاہ صاحب کے نواسوں نے پر تکلف دعوت دی۔ ہم اپنے معزز دوست سید محمد ناظر حسین صاحب کو ایسی بڑی نمایاں کامیابی پر تہ دل سے مبارکباد دیتے ہیں۔

مظاہر العجائب کتاب کے سرورق کی فوٹو کاپی

مسدس

تعداد کل بند	:	78
1 - 29 بند	:	منقبت مولا علیؑ
30 - 34 بند	:	بیان واقعہ خطبہ
35 - 77 بند	:	خطبہ بے الف کا ترجمہ صنعت قطع الحرف الف
78 بند	:	خاتمہ

نوٹ: صرف (43) بند (35) الی (77) بغیر الف صنعت میں نظم ہوئے ہیں۔

دریائے فیض و جود علیؑ کی جناب ہے
بحرِ کرم وصیِ رسالت مآبؐ ہے
حیدرؑ کے در سے آبرو پانی ثواب ہے
مہرِ علیؑ سے چشمۂ نور آفتاب ہے
ماہی سے تا بماہ ہے جو کچھ گواہ ہے
ہر خشک و تر میں ساقیِ کوثر کی چاہ ہے

شاہنشہِ زمین و زمن بو تراب ہے
قائل نہوئیں اس کے تو مٹی خراب ہے
غازہ تو گردِ کفشِ علیؑ کا خطاب ہے
اور کحلِ دیدہ خاکِ قدومِ جناب ہے
مشکل میں شکل حور کی سی ہو بہو ملی
مٹی نجف کی منہ پہ ملی آبرو ملی

اکسیر کیا ہے خاکِ درِ بوترابؑ ہے
گروے کا کیمیائے سعادت خطاب ہے
خاکا عدو کا ان کے اڑانا ثواب ہے
گردش میں دشمنِ فتنۂ گردوں جناب ہے
کیا گھر خدا کا پاک کیا بوترابؑ نے
حق ہے بتوں کی دھول اڑا دی جناب نے

بابِ قبولِ توبہ علیؑ کی جناب ہے
حیدرؑ ہے، شہرِ علم محمدؐ کا باب ہے
کعبہ جو ہے وہ مولدِ عزت مآب ہے
بےمثل ہے، مکان مکین لاجواب ہے
حیدرؑ کے جو شرف تھے خفی وہ جلی ہوئے
پیدا خدا کے گھر میں علیؑ ولی ہوئے

انجم کی انجمن میں علیؑ انتخاب ہے
روشن ہے عرش و فرش پہ وہ آفتاب ہے
کامل ہے بدر جس کے سبب وہ جناب ہے
سب مہر سے انہیں کی ستاروں میں تاب ہے
چوٹی ملی جو ماہ سے طالع کی اوج کی
زہرا بھی مشتری ہوئی زہراؑ کے زوج کی

عزّا کی جس کی لات سے مٹی خراب ہے
کعبہ میں بُت شکن اُسی شہؑ کا خطاب ہے
شانِ خدا علیؑ ولی کیا جناب ہے
اِس نام سے غرض دلِ اصنام آب ہے
بے تیغ تیر ذو صنموں کو دکھا دیا
قبضہ بتوں کا گھر سے خدا کے اُٹھا دیا

سلطانِ لا فتا شہِ دیں کا خطاب ہے
حلّالِ مشکلاتِ جہاں وہ جناب ہے
ہر حال میں غلامِ علیؑ کامیاب ہے
یہ نام لیا شیب میں عودِ شباب ہے
رعشہ لرز لرز کے بدن سے رواں ہوا
پیری میں یا علیؑ جو کہا پھر جوان ہوا

گلزار کی بہار جمالِ جناب ہے
رخسارِ پاک گُل ہیں پسینہ گلاب ہے
سُنبل سے خوب گیسوؤں کا پیچ و تاب ہے
بلبل ہزار بار کہے لاجواب ہے
قدِ سرو دیکھ پائے سہی بس نہال ہو
طوقِ گلو چھری بنے قمری حلال ہو

خویشِ محمدؐ عربی مرتضےٰ علیؑ
بے شبہ مصطفےٰؐ کا وصی مرتضےٰ علیؑ
مولودِ خانۂ احدی مرتضےٰ علیؑ
نامِ خدا سمّی علیؑ مرتضےٰ علیؑ
نامی جہاں میں نامِ امامِ انام ہے
پیدا یہ جس کے گھر میں ہوئے اُس کا نام ہے

شانِ خدا و بازوئے خیر الورا علیؑ
استادِ جوشنین محمدؐ ہیں یا علیؑ
مشکل سی مشکلوں میں ہے مشکل کشا علیؑ
گرتے ہوئے جو منہ سے نکل جائے یا علیؑ
ہرگز نہ گرنے پائے قدم کو ثبات ہو
دستِ خدا کے ہاتھ میں بے فرق ہات ہو

لاریب و شک ہے جائے نبیؐ جائے مرتضیٰ
مُلکوں میں ہے ولایتِ والائے مرتضیٰ
معبود کی رضا ہے تولائے مرتضیٰ
اللہ کا اشارہ ہے ایمائے مرتضیٰ
عرش و زمیں پہ ان کا بیاں کامران ہے
گویا علیؑ کے منہ میں خدا کی زبان ہے

مصحف کی شاں ہے صورتِ زیبائے مرتضیٰ
قرآں ہے یا رسولؐ ہیں ہمتائے مرتضیٰ
یاسین سے مبیں ہے تولائے مرتضیٰ
آیا رسولؐ سمجھے جہاں آئے مرتضیٰ
مصحف ہیں رحلِ عرش مقامِ حضور ہے
اللہ کا کلام کلامِ حضور ہے

قائل نہیں جو مصحفِ ناطق کی شان کا
منکر ہوا وہ گویا خدا کی زبان کا
آئے یقیں کسی کو نہ اس کے بیان کا
چاہے پہن کے آئے وہ جامہ قرآن کا
گر موردِ عطائے شۂ ہَل آتے رہے
عزت گلے میں اُس کے حمائل سدا رہے

قاریٔ مصحفِ رخِ ختمیؐ مآب علیؑ
اطباق و روم و لمس کی صورت میں تاب علیؑ
ترتیل اور صفیر میں ہے لاجواب علیؑ
کہہ دوں بشدّ و مد کہ علیؑ کی کتاب علیؑ
قرآں کہے حلف سے یہ قرات کے رنگ ہیں
لحنِ علیؑ سے حضرتِ داؤد دنگ ہیں

ہیں بوتراب گُل سے نبیؐ ہے گُلِ علیؑ
بلبل ہزار خار ہے بے حاصل علیؑ
ہاں ماہِ نو رکوع میں ہے منزلِ علیؑ
حفظِ قرآں کو وقف ہے ہر دم دلِ علیؑ
ہیں تیس عدد جولامِ علیِ حمید کے
سیپارے اس لئے ہیں قرآں مجید کے

صورت علیؑ کی سورۃ والشمس و الضحیٰ
پیشانی گیسوؤں میں ہے کالبدرِ فی الدجیٰ
اظہر بسانِ شمس ہے دنیا میں مرتضیٰ
جب تک نہ آئے آیا بھی آئے نہ مطلقا
آیا وصی جو ہاتھ محمدؐ نبی ہوئے
قرآن کے نزول کی صورت علیؑ ہوئے

بالجزم ہوئے عزمِ علیؑ جب پئے وغا
ممکن نہیں عدو حرکت کر سکے ذرا
تشدید اس قدر اُسے دکھلائے بس قضا
کسریں نکالیں فتح بھی پائیں شۂ ہدا
روباہ وہ جواں ہوں جو آمد میں شیر ہیں
پیشِ علیؑ تمام زبردست زیر ہیں

بازوئے مصطفیٰؐ ہے زہے شانِ کردگار
ہاتھ آیا کیا رسولؐ کو دستورِ نامدار
پہونچا وہ جب مدد کے لئے وقتِ کارزار
خیبر کا در الٹ کے کل آئی زہے وقار
بالا ہے سب سے دستِ یداللہ شان میں
آیا ہے فوق ایدیہم آیا قرآن میں

معراج کو فلک پہ جو پہنچے رسولؐ حق
شانِ علیؑ وہاں نظر آئی طبق طبق
بازو کا اُن کے سارے ملک پڑھتے جو سبق
نکلا جو ہاتھ پردۂ اسرار کر کے شق
جس سے اُنہیں کل آئی وہ پردے کی بات ہے
ظاہر ہوا کہ دست یداللہ، ہات ہے

باغِ جناں میں بار جو پایا رسولؐ نے
شاخِ امید سبز کی حُسنِ قبول نے
ڈالی نظر گلوں پہ جو بابِ بتولؐ نے
صلِ علیٰ کا غل کیا ہر ایک پھول نے
غنچے چٹک گئے جو ہیں دار السّلام میں
بوئے گلِ رخِ علیؑ آئی مشام میں

گل بار میں نبیؐ میں ہوا شوق جُھٹلی
آئی علیؑ کی بو جو نسیم جناں چلی
پھر بے کلی سے کھل کے پکاری کلی کلی
گلزارِ معرفت کا گلِ تازہ ہے علیؑ
جس کو نہ اعتبار ہو وہ پھول خار ہے
باغِ جناں میں فیضِ علیؑ سے بہار ہے

ڈالی نظر جو ڈالی کی جانب باعتبار
اُس شاخ سے نکل پڑیں شاخیں کئی ہزار
پھوٹیں جو کونپلیں تو ہویدا ہوئی بہار
یعنی علیؑ علیؑ کی صدا آئی بار بار
پھولے پھلے نہال ہوئے مدعا ملا
پتوں سے بھی علیؑ ولی کا پتا ملا

پانی جو تھی یہ آبرو اُس نے بلا طلب
کوثر پہ چاہ سے گیا وہ بحرِ فیضِ رب
دیکھا وہاں بھی ساقیٔ کوثر کا شور سب
لہریں ہیں باؤلی سی بنی چاہ ہے غضب
سوتوں کے بخت جاگتے ہیں آب و تاب سے
موجیں علیؑ کی کرتی ہیں مدحت حباب سے

بلبل ہزارہا تھے مگر ایک آرزو
ہر اِک زباں کا کام تھا حیدرؑ کی گفتگو
گُل مدح گو تھے گو کسی گل کے نہ تھا گلو
ہر پھول میں مہکتی تھی روئے علیؑ کی بو
یادِ رخِ علیؑ میں گُلِ سرخ لعل تھے
اس سرو سے نہال جناں سب نہال تھے

باتیں ہوئیں جو احمدؐ و امجد میں رُوبرو
پہچان کر صدا کو ہنسے شاہؐ نام جو
سُنتے تھے جو صدا وہی آواز ہُو بہُو
طرزِ سخن وہی وہی اندازِ گفتگو
چُپ تھے نبیؐ کہ سب وہی رنگِ بیان ہے
قدرت کے منہ میں گویا علیؑ کی زبان ہے

پایہ فلک کا پائے نہ کیوں رفعتِ علیؑ
کرتا ہے ربِّ عزّو جل عزتِ علیؑ
شر ہے بشر نہ چاہے جو خیریتِ علیؑ
ہے طاقتِ خدائے قوی قوتِ علیؑ
ہاتھوں میں نہ زورِ دستِ خدا کا نشان ہے
پتھر میں گاڑ دے جو علم وہ جوان ہے

چاہیں جو یہ تو قطرہ ہو دریائے آب و تاب
ہو ابر پہ کرم تو برسنے لگے گلاب
بادل ہر ایک ہو ابھی نیسان کا سحاب
پانی کی بوند بوند کو موتی کی بخشیں آب
رشتہ ہر ایک سلکِ دُرِ مُدّعا بنے
گر آب دیں صدف گہرِ بے بہا بنے

اک دن تھا عام مجمعِ اصحاب ذی وقار
خاص اُن میں یوں علی تھے جوں باغ میں بہار
باتوں میں تھیں ہر ایک کی رنگینیاں ہزار
جھڑتے ہیں منہ سے پھول یہ ہوتا تھا آشکار
ہر بار ایک غنچہ دہاں گفتگو میں تھا
بلبل کے چہچہوں کا سماں گفتگو میں تھا

ناگہ کہا کسی نے کہ اے مجمعِ شگرف
ہو حرف زن حروف تہجی ہے کون حرف
ہر نحو سے بیان میں ہوتا زیادہ صرف
یہ سُن کے سب پکارے الف کے ہے حق بطرف
کیونکہ الف زیادہ نہ آئے کلام میں
اِک الفتِ دلی ہے الف اَور لام میں

جس میں الف شریک نہیں ہے وہ نام نم
بے اس کے ہر بیان کا چلتا ہے کام کم
رو کے الف نہ راہ تو کر جائے رام رم
بے اس کے دل خراشی کی خاطر ہے شام شم
مہمل قسم خدا کی بغیر اس کے ذات ہے
جس سے الف نکال لیا بُت وہ بات ہے

سم ہے وہ اسم سر پہ نہ ہو جس کے اس کا تاج
بے اس کے کام کم ہے ہر اک اور کج ہے کاج
گر یہ نہ ہو رواج نہ پکڑے کبھی رواج
دیکھو ہے احتیاج کو بھی اس کی احتیاج
بے آب ہو وہ یہ جو نکل جائے چاہ سے
رہ جائے اس کی ہوئی نہ گر رسم راہ سے

آرام سے نہ دست و بغل ہو تو رم کرے
گر یہ نہ ہو تو جام کی خواہش نہ جم کرے
ابہام بے الف کے نہ معنے بہم کرے
آدم میں یہ نہ ہوئے تو پرواز دم کرے
گر یہ نہ ہوئے جن کی نبی شکل جان ہو
ہے اس کے غم کا بین خوشی کا بیان ہو

(بے الف)

یہ سنتے ہی کھڑے ہوئے حیدرؑ بکرو فر
کہنے لگے کہ بزم کرے غور سے نظر
یوں متفق ہیں مردمِ محفل جس حرف پر
میرے سخن میں حرف ہو گر ہو وہ جلوہ گر
گو عمر گومگو میں پھر نحو صرف ہو
پر میری گفتگو میں نہ ہرگز وہ حرف ہو

آغاز خطبہ)

کرنے لگے علیؑ ولی پھر یہ حمدِ رب
مطلوبِ خلق کیوں نہ ہو معبود کی طلب
ممنونِ منتِ صمدی کیوں نہ ہوئیں سب
منعم وہی وہی ہے مسبب وہی سبب
پہنچی ہے سب کو خلق میں نعمت کریم کی
رحمت غضب سے پہلے ہے سب پر رحیم کی

کرتے ہیں دل سے ہم یوں ہی معبود کی صفت
مومن ہو جس طرح سے مُقرِ ربوبیت
بندے کو جس سے عجز کی ہو بندگی میں دست
ہر دم فروتنی سے بڑی ہوئی جس کی پت
یکتہ ہو جس کو رحمتِ ربِ رحیم پر
بے فکر ہوئے کر کے توکل کریم پر

وہ شخص فوق دے جو نہ ظلمت کو نور پر
رکھے یقین وحدتِ ربِ غفور پر
صدقے پتنگ کی طرح ہو شمعِ طور پر
نزدیک کو جو دیوے نہ ترجیح دور پر
حق کے کرم سے گود میں حوروں کی سر رکھے
جس دن نہ بچے پوچھیں نہ بیوی خبر رکھے

تصدیقِ حق میں حق پہ ہوں برحق ہے یہ دلیل
سمجھے نہ بے شریک جو مشرک ہے وہ ذلیل
ہے کوئی نظمِ مملکتِ حق میں کب کفیل
بیچوں و بے نظیر نہ ہو کیونکہ ہے جلیل
بے شبہ وہ بری ہے مشیر و وزیر سے
ہم پشت سے معیں سے مدد سے نصیر سے

پوشیدہ حق سے کچھ بھی نہیں وہ خبیر ہے
ہر وقت پردہ پوش صغیر و کبیر ہے
وہ ہی گرے ہوؤں کے لئے دستگیر ہے
رحمت میں بھی نہ فرد ہو کیوں بینظیر ہے
ہے حکم عین عدل مشیت درست ہے
وہ سب کے بعد بھی ہے جو سب سے نخست ہے

بخشے وہ منحرف کو بھی ہو معترف وہ گر
موجود ہے وہ دیکھ نہیں سکتی پر نظر
ہر وقت ہے خبیر کو ہر فعل کی خبر
حق سے کبھی چھپی ہی نہیں خیر ہو کہ شر
سُننے نہ دیکھنے نہ سمجھنے میں بیم ہے
بے شبہ وہ سمیع و بصیر و علیم ہے

ہے بے ستون چرخ گری پر تری زمیں
قدرت ہی کے کرشمے یہ پھیلے ہیں ہر کہیں
پتھر کے کیڑوں کو بھی وہ دے رزق ہے یقیں
تعریف کون کر سکے حق کی کوئی نہیں
گر بُعد ہے تو قُرب کی صورت پدید ہے
جو وہ قریب ہوئے تو سمجھو بعید ہے

قدرت کی قدر کیجئے قدرت سے ہم ہیں کب
عزت میں ہیں گھٹے ہوئے قوت میں کم ہیں سب
گر ہے لطیف لطف قوی ہے گرفتِ رب
رحمت جو ہے وسیع تو ہے قہر بھی غضب
جنت ہی رحم حور پئے بے قصور ہے
دوزخ غضب ہے جس کی جلن دُور دُور ہے

ہے بعثت محمدؐ صدیق بھی صحیح
حق کے وہی رسولؐ وہی حُجت صریح
چوں صبح خلد صورتِ پُرنور وہ صبیح
طرز سخن ملیح تو وہ گفتگو فصیح
پیغمبر و رسولؐ و نبی جلیل ہیں
معبود کے حبیب ہیں حق کے خلیل ہیں

وہ عہد جس میں کفر کی ہر سو تھی سلطنت
وہ وقت جس میں دینے کی خون کی نہ تھی دیت
حق کی زمیں پہ جب تھی بتوں کی ربوبیت
مبعوث تب ہوئے یہ پئے نظمِ مملکت
کچھ دُو کو سدھ نہ تھی کہ ہُبل پر ہُبل گرے
تکبیر سُن کے کعبہ میں بت منہ کے بَل گرے

سن کر نہیب ختمِ نبوت کے دین کی
سجدوں میں بُت گرے ہوئی عزت زمین کی
مٹی تلک بنی جو بتوں کی جبین کی
چندن سے گرد بڑھ گئی دینِ متین کی
چرچے ہوئے کہ دیر پرستی رکیک ہے
کلمے پڑھے بتوں نے کہ حق بے شریک ہے

پھیلی ہوئی تھی تیرگی جہل سر بسر
بختِ سیہ کی شکل تھے کُل تیرہ دل بشر
نے خیر کی خبر تھی کسی کو نہ شر سے ڈر
ظلمت کدہ تھے کفر کی ظلمت سے دشت و در
یہ شکل تھی کہ صورتِ بعثت مبیں ہوئی
خورشید دیں کے نور سے روشن زمیں ہوئی

کی سعی حکمِ حق میں رسولِؐ کبیر نے
کھولی رہِ وُدود بشیر و نذیر نے
بھوکے بھی سیر کر دیئے خبزِ شعیر نے
دیں دیں کی نعمتیں شہِ گردوں سریر نے
بعثت سے خوش مقربِ حق جزو کُل ہوئے
حق حق کے مسجدوں میں غرض شور و غل ہوئے

کی ختم اُس نے جس پہ نبوت وہ ہیں نبیؐ
سید محمدِ عربی فیضِ سرمدی
ختمِ رُسل سخی دل پسندیدہ و ولی
مومن پہ مُہر، مہرِ نبوت تھی ہر گھڑی
قربت میں وہ ہمیشہ ہوں قربِ قریب کی
رحمت میں ہوں غفور و رحیم و مجیب کی

دل سے سنو یہ میری وصیت کہ ہوں وصی
ہے حکمِ حق یہی تو یہی دعوتِ نبیؐ
پھر کچھ خطر نہیں جو نہ بے خوف ہو کبھی
دہشت سے روتے رہنے کو سمجھو ہے دل لگی
گر بعد مرگ قہقہے، کرنے پسند ہوں
سوتے میں بھی یہ چشم کے سوتے نہ بند ہوں

دل میں جگہ دو زہد و ورع کو بھی تُم ضرور
نخوت طبیعتوں میں سروں میں نہ ہو غرور
نیکی سے تم قریب رہو تو بدی سے دُور
بھٹکو نہ بد عمل کی عقوبت دمِ نشور
حق بیں و حق شنو ہو وہ جو چشم و گوش ہو
مدہوش ہو کے مرنے سے پہلے بیہوش ہو

وہ دن رہے نظر میں تصور کی دم بدم
جس دن ہو رب کے بخششوں میں وہ نکو شیم
نیکی بہت ہو جس کی بدی جس کی ہووے کم
جس کے گئے خوشی ہی خوشی ہو بروز غم
جس کے لیے بدی ہوئی جنت کی دید ہو
وہ روز رنج جس کے لیے روز عید ہو

فخرِ حسب کرو نہ غرورِ نسب کرو
پھنس کر مصیبتوں میں بھی تُم شکرِ رَب کرو
ہر دم فروتنی سے غرض عجز سب کرو
معبود سے طلب کرو گر کچھ طلب کرو
کچھ درد ہو کہ غم ہو عطش ہو کہ جوع ہو
ہر وقت حق کی سمت مگر دل رجوع ہو

سمجھو مرض سے پہلے غنیمت ہے یہ صحت
پیری سے پہلے موسمِ عشرت میں سیکھو مت
پہلے سفر سے سمجھو سکونت میں خیریت
بعد شہی فقیری ہے یہ بھولیو بھی مت
فرصت ہے خوب شغل سفر سے مقیم کو
ورنہ غنیمت ہے یہ غنیمت غنیم کو

ہو فکر خیریت میں بشر گر عقیل ہو
ڈر ہے نہ غفلتوں ہی میں وقتِ رحیل ہو
کچھ بہتری کی شیب سے پہلے سبیل ہو
جب پیر ہو ضعیف و مریض و علیل ہو
منہ پھیرے دوست دیکھ کے کربِ غریب کو
نومیدی ہوئی طولِ مرض سے طبیب کو

جب عمر قطع ہونے لگے ہوئے عقل دنگ
گرگٹ کے شکل پھر تو بدلنے لگے وہ رنگ
پھل برچھوں کے سینہ میں دم ہوں نفس خدنگ
پھر سب کہیں کہ زیست سے ہے یہ غریب تنگ
تدبیریں جو صحت کی ہیں سب بے حصول ہوں
دشمن تو خوش ہوں دوست ہوں جتنے ملول ہوں

سختی سے پھر تو نزع کے پھٹنے لگے جگر
حسرت بھری نظر سے تکے وہ جدھر تدھر
پھر سب کہیں عرق ہیں وہ دیکھو جبیں ہے تر
ٹھہری ہوئی وہ بینی وہ سیدھی ہوئی کمر
دم تن سے نکلے جب تو بہت دل دونیم ہوں
بیوہ ہو بیوی چھوٹے سے بچے یتیم ہوں

پھر سن سکے نہ دیکھ سکے کچھ بھی وہ بشر
یہ چھوڑ کر مرے جسے تقسیم ہو وہ زر
پونجی کی قسمتیں ہوں بٹے مِلک سربسر
تلقین ہو چکے تو کھدے قبر جلد تر
ملبوس تن سے دور کریں قبلہ رو کریں
ننگے کو غسل دینے کی پھر جستجو کریں

جب غسل دے چکیں تو کریں خشک سب بدن
ملبوس نو وہ پہنے نہ پھر خلعتِ کہن
کپڑوں کے بدلے رنگ یہ بدلے وہ خستہ تن
ملبوس تنگ و چست کے بدلے ملے کفن
تن کو حنوط عطر کے بدلے نصیب ہو
تھوڑی بندھے کفن سے تو صورت عجیب ہو

چھوٹی سی پگڑی سر پہ ہو کفنی ہو زیب بر
لپٹی ہوئی کفن سے ہو میت جدھر تدھر
رخصت کریں عزیز و قریب ہو کے نوحہ گر
میت کو پھر وہ لے کے چلیں بس بچشم تر
مل کر پڑھے فریضۂ میت نیت کریں
جب پڑھ چکیں تو پھر طلب مغفرت کریں

گھر سے نکل کے قبر میں پہنچے وہ بے نصیب
ظلمت لحد کی دیکھ کے رونے لگے غریب
حجرے سجے وہ ہوئیں نہ مونس کوئی قریب
پردیسی یہ غریب وہ ظلمت کدہ عجیب
تسکین دینے کے لیے پہلو میں دل نہ ہو
جز سنگ و خشت وگِل کوئی شے متصل نہ ہو

مٹی میں دفن کر کے وہیں چھوڑ دیویں سب
جنگل میں وہ غریب ہو لوٹیں جو ہم نسب
یہ دوست ہو جنہیں وہ کریں غیر کی طلب
وہ بن وہ قبر تنگ وہ ہر روز رشکِ شب
چوکی کو گرد قبر کے حسرت کی گشت ہو
بس وہ پُری لحد کی ہو مرہونِ دشت ہو

نتھنوں سے پیپ بہتی ہو کیڑے بدن میں ہوں
ہو پوست دور گوشت سے دھبے کفن میں ہوں
گھن ہڈیوں میں چیونٹیوں کے دَل دہن میں ہوں
کیڑے ہی کیڑے دیدہ و گوش و ذقن میں ہوں
پس پھر تو حشر تک یہ عقوبت ضرور ہو
لپٹے زمیں ہر عضوِ بدن چور چور ہو

محشر کے روز صور پھنکے جمع ہوں رسل
قبریں پھٹیں نکل پڑیں مُردے تڑپ کے گل
بیرون قبر وہ ہو تو دیکھے کہے یہ گل
محشر ہے نفسی نفسی کے ہوتے ہیں شور و غل
بیہوش ہیں پدر کو پسر کی خبر نہیں
کس کی خبر خبر کو خبر کی خبر نہیں

حسرت زدہ وہ شخص غرض ہو حضور رب
ہو پیش حشر و نشر کی جس دم بڑھی تعب
پھر حکم دے وہ رب کہ نظر میں ہیں جس کی سب
تفتیش ہو چکی کہ یہ ہے موردِ غضب
یہ سن کے خوف سے وہ برنگِ علیل ہو
حسرت کے رونے سے بھی نہ بہتر سبیل ہو

وہ مشہدِ بزرگ میں ہو سخت نوحہ گر
رب کی طرف سے رحم کی ہرگز نہ ہو نظر
حجت نہ ہو قبول صحیفہ ملے مگر
ہو چپ صحیفۂ عملِ بد یہ دیکھ کر
قفلِ دہن ہر عضوِ بدن کھولنے لگے
جس فعل کی جسے ہو خبر بولنے لگے

کل چشم دیدہ چشم کہے پھیر کر نظر
پھر دست بھی گرفت کی یک دست دیں خبر
قدموں کے دم قدم سے چلن کے کھلیں ضرر
پھر منکر و نکیر سے منکر بھی ہو وہ گر
حجت کوئی قبول نہ کچھ سود مند ہو
دوزخ میں بند ہونے کو زنجیر بند ہو

پہنچے سقر میں کر کے جو طے منزلیں کٹھن
بستر ہوں شعلے گر تو ہوں شعلے ہی پیرہن
پھر جلتے جلتے جل کو بچے تو بڑھے جلن
ہیزم کی شکل پیتے ہی جلنے لگے بدن
رحمت سے دور ہو تو عقوبت قریں رہے
بس مدتوں سقر میں سکونت گزیں رہے

رکھے ہمیشہ شر سے ہمیں حفظ میں قدیر
خوش حق ہے جسے ہو سبب خیر وہ بشیر
رکھے سند قبولِ عمل جو فلک سریر
ہوئے وہی وسیلۂ عفوِ شہ و فقیر
مقصد یہی ہے بس کہ یہ مطلب حصول ہو
رب کے حضور عرض یہ میری قبول ہو

دوزخ سے حُر جو ہو عملِ خیر سے بشر
تعذیب سے بری ہو تو خلدِ بریں ہو گھر
رہوے وہیں ہمیشہ خوشی سے وہ خوش سیر
گھر رہنے کو ملے وہ جو ہو حُسن میں گہر
رونقِ دہِ بہشت جو وہ ذی شعور ہو
خدمت میں حور سے نہ کبھی کچھ قصور ہو

ٹہلے چمن میں خلد کے پی کر مئے طہور
چہرہ ہو سرخ دیدۂ حق بیں میں ہو سرور
وہ حوض میں چھلکتے ہوئے مے بغل میں حور
دل میں پری رکھے ہوئے وہ شیشۂ بلور
بہکیں جو پیر چلنے میں مستِ سرور کے
گردن میں پہونچے پہونچیں بصد شوق حور کے

پھولے نئے روش سے ہوں وہ خلد کے چمن
گل گل شگفتہ تختہ نسرین و نسترن
رنگین گلوں کے رنگ درختوں کی وہ پھبن
وہ بلبلوں کے چہچہے پھولوں سے وہ لگن
پھولوں میں بس کے گل کی طرح گہ مہکتے ہوں
گہ برگِ گل کو چونچ میں لے کر چہکتے ہوں

پینے کو ہو وہ شربت تسنیم سلسبیل
جس میں ملی بہشت بریں کی ہو زنجبیل
جس شیشوں پر ہیں مشک کے مہریں وہ ہوں سبیل
خود بھی پیے وہ دوست بھی پینے میں ہوں دخیل
جنت میں حوریوں کی طرح بذلہ سنج ہو
کچھ فکر ہو نہ غم نہ تردد نہ رنج ہو

لے کروٹیں بہشت کی نعمت میں روز و شب
ملبوس میں سرور کے خوش ہو بصد طرب
جو کچھ ملے بہشت بریں میں وہ بے طلب
یہ عیش وہ کرے جو رکھے دل میں خوفِ رب
ڈرنے کے حق سے دہر میں جس جس کو لت رہے
جنت میں وہ قدیم کو ذی مملکت رہے

(خاتمہ خطبہ)

فیصل ہے قول یہ کہ ہے نصف تمش حکم
قصے کہے گئے ہیں جو قصے ہیں یک قلم
تصریح سے جو وعظ سنے تم نے دم بدم
یہ ذکر سب سے خوب ہے سچ کہتے ہیں یہ ہم
یہ وہ ہے جس کو بخشی بزرگی جلیل نے
دی ہر دلِ نکو میں جگہ جبرئیل نے

سب بزم بس درود پڑھے جبرئیل پر
بیشک ہیں وہ رسولؐ و سفیر و بزرگ تر
معبود سے کرے طلب خیر ہر بشر
حق سے میری یہ عرض ہے خطبہ کے ختم پر
محفوظ سب ہوں حفظ میں رب رحیم کے
دشمن رہیں عدوے لعین و رجیم کے

کتابیات

نمبر	کتاب	مصنف	سال	مقام
1	اسناد نہج البلاغہ	امتیاز علی خان عرشی ترجمہ فارسی	1983	تہران
2	شرح فشردہ ای نہج البلاغہ	محمد جعفر امامی و محمد رضا آشتیانی	1985	تہران
3	نہج البلاغہ (انگریزی)	ترجمہ سید محمد عسکری جعفری	1978	نیویارک
4	شگفتیہای نہج البلاغہ	جرج جرداق ترجمہ فارسی	1975	تہران
5	نہج البلاغہ	سید محمود طالقانی	1980	تہران
6	نہج البلاغہ	جواد فاضل	1965	تہران
7	یادنامہ کنگرہ نہج البلاغہ	بنیاد نہج البلاغہ	1981	تہران
8	سخنانِ علی از نہج البلاغہ	فضل اللہ کمپانی	2004	تہران
9	سیری در نہج البلاغہ	مرتضیٰ مطہری	1975	تہران
10	نہج البلاغہ (اُردو)	سید انصار حسین مابلی	1973	لکھنو
11	درسِ بلاغت	قومی کونسل برائے فروغ اُردو۔	1997	دہلی
12	نہج البلاغہ	شیخ غلام علی اینڈ سنز		لاہور
13	مظہر العجائب	میر ناظر حسین ناظم	1310ھ	لاہور
14	بزمِ ناظم	سید صفدر حسین	1975	لاہور
15	کشکول نیوجرسی	سید منظور نقی رضوی	2002	دہلی
16	خطبہ عبرت حضرت علی	جرار رضوی	1992	وارنسی